یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِیْبِنَا

مُحَمَّدٍ

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَبِعَدَدِ خَلْقِکَ

وَرِضٰی نَفْسِکَ وَزِنَۃَ عَرْشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ

اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

نسخہ مایۂ یحیی العظام

جلد اوّل

اسماء النبی الکریم

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

للتقسیم والتوزیع فی سبیل اللہ

لانتفاع و النفع

لجمیع امۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لمرضات اللہ تعالیٰ ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آمین

مؤلف محمد برکت علی عفی عنہ

دارالاحسان - لائلپور

135346

——— طبع اوّل ———

تاریخ طباعت ——— ۱۵ شعبان المعظم ۱۳۹۷ ہجری المقدس
مطابق یکم اگست ۱۹۷۷ عیسوی

تعداد ——— ایک ہزار

مقام اشاعت ——— المقام النجّاف الصحاف المقبول المصطفین
دارالاحسان - لائلپور۔ پنجاب پاکستان

طابع ——— نثار آرٹ پریس لمیٹڈ - ۹ انڈسٹریل ایریا - گلبرگ لاہور

کتابت اسماء ——— "رئیس القلم"، حافظ محمد یوسف سدیدی

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com



135346

——— طبع اوّل ———

تاریخ طباعت ——— ۱۵ر شعبان المعظم ۱۳۹۷ ہجری المقدس
مطابق یکم اگست ۱۹۷۷ عیسوی

تعداد ——————— ایک ہزار

مقام اِشاعت ——— المقام النجّاف الصحاف المقبول المصطفین
دارُالاحسان - لائلپور۔ پنجاب پاکستان

طابع ——— نثار آرٹ پریس لمیٹڈ - ۹ر انڈسٹریل ایریا - گلبرگ لاہور

کتابت اسماء ——— "رئیس القلم"، حافظ محمد یوسف سدیدی

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com


بسم الله الرحمن الرحيم

بسم الله الرحمن الرحيم ما شاء الله لا قوة إلا بالله يا حي يا قيوم اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد
النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك ومعلوم لك ومداد كلماتك بعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك سبحانك الله العظيم الله الا الله
الحي القيوم وإليه النشور يا حي يا قيوم

الإهداء

إلى

حضرة الأقدس الأكمل الأطيب الأطهر الأكرم الأجمل جناب سرور كائنات فخر موجودات، سيّد الكونين، سيّد المرسلين، خاتم النّبيّين، رحمة للّعلمين، شفيع المذنبين، شفيع الأمم، شفيع الأمّة، صاحب الجود والكرم، عاصم المطهّرة نبيّ الخاتم، رسول الأخر، صاحب عتيجان المقرّبين، راحة قلوب المؤمنين، حبيب ربّ العلمين مصباح المقرّبين، محبّ العاشقين، محبوب الطّالبين العارفين، سراج السّالكين، مأوانا وملجانا وسيّدنا وسندنا ونبيّنا ورسولنا ومولينا وحبيبنا ومحبوبنا

مُحَمَّد ن

المصطفى أحمد ن المجتبى محمّد ن النّبيّ الأمّيّ

حضرة

مُحَمَّد رَسُولُ اللهِ

صلّى الله عليه وآله وأصحابه وبارك وسلّم

ربّنا تقبّل منّا إنّك أنت السّميع العليم
آمين آمين آمين يا ربّ العلمين ط

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم ما شاء الله لا قوة الا بالله يا حي يا قيوم اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد
الشافع في امته وعلى آله واصحابه وعترته عدد كل معلوم لك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك سبحان الله عدد الشفع والوتر
الحي القيوم وأتوب اليه يا حي يا قيوم

التّشكّر والمنّة

كلّ من اعانتى فى تأليفه وتدوينه ونظامته وتكميله وتشهيره وتدبيره وتبليغه وتفسيره وتشريحه وطبعه وكتابته واشاعته من مطابع وكتّاب واصحاب التصانيف والتأليف استفيد منهم واصحاب استمد منهم علمًا وادبًا ونظرًا وفكرًا وقلمًا وعملًا ومالًا ولسانًا واعانتى فى تأليف هذا الكتاب المقدّس والمطهّر وشدّ ازرى كلّهم مشكورون ومعنونون بصميم قلبى فجزاء هم الله احسن الجزاء ، الفقير ممنون وشاكر لكلّ احد منهم استغفر الله لهم وأرجو لهم الخير من الله

أللّهمّ

تقبّل منّا ومنهم امين ثمّ امين

محمّد بركة على

المهاجر إلى الله والمتوكّل على الله العظيم

ربّنا تقبّل منّا انّك انت السميع العليم
امين امين امين يا ربّ العلمين ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک سبحان اللہ العظیم الذی لا الہ الا ہو الحی القیوم وانوب الیہ یا حی یا قیوم

تشکّر و امتنان

تالیف و تدوین، ترتیب و تنظیم، تشکیل و تکمیل، تشہیر و تدبیر، تبلیغ و تفسیر و تشریح اور طباعت و کتابت و اشاعت میں جن جن مطابع و مکاتب نیز اصحابِ تصنیفات و تالیفات سے استفادہ کیا گیا ہے، نیز وہ تمام افراد و اشخاص جن سے علمی، ادبی، نظری فکری، قلمی، عملی، مالی اور لسانی استمداد حاصل کی گئی ہے اور اس مقدس و مطہّر تالیف میں جس جس نے کسی طرح سے بھی میری مدد کی ہے اور میرا ہاتھ بٹایا ہے، وہ سب میرے قلبی اور دلی شکریّہ و اظہارِ امتنان کے حقدار ہیں۔ فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ الْجَزَآءِ خاکسار ان سب کا ممنون و شکر گزار ہے اور ان کی مغفرت کیلئے دعاگو و امیدوار ہے۔

اَللّٰهُمَّ
تَقَبَّلْ مِنَّا وَمِنْهُمْ
اٰمِیْن ثُمَّ اٰمِیْن

محمد برکت علی لودھیانوی،
المہاجر الی اللہ والمتوکل علی اللہ العظیم

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد
النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمعلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک وانت بعد اللہ الا اللہ
الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

التقديم

اللّٰهمّ لك الشّكر والمنّة بما انعمت واكرمت على اذل اهل الأرض بمجدك وصمديتك على تخريج اسماء مباركة ومكرمة لحبيبك الأقدس والأكمل والأكرم والأجمل والأطيب والأطهر وطٰهٰ ويٰس والمزّمّل والمدّثّر صلّى الله عليه وسلّم من حجاب خفاء إلى ظهور سعادة تاريخي شرفتنا - والحمد للحيّ القيّوم -

يسجد لك كل من قطن بدار الإحسان من إنسان وورق شجرة وذرّة أرض على بابك العالى يا ذا الجلال والإكرام بما أنعمت علينا وانتخبت هذا المقام النجاف الصّحاف المقبول المصطفين لتخريج اسماء معظمة من حجاب إلى الظهور - فالله خير الرّازقين -

وتطبع " دار الإحسان " هذه الأسماء المباركة بكتابة نفيسة وطبعة مزينة وترتيب وتزئين وتهدى هذه الهدية الفريدة الوحيدة التى لانظير لها ولامثل لها بفرحة وابتهاج إلى حضرة الأقدس والأكمل والأجمل والأطيب والأطهر فداه روحي صلّى الله عليه وسلّم لنفع جميع أمّته إلى يوم الدّين لتحصيل سعادة الدارين

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ اٰمِيْن اٰمِيْن اٰمِيْن

محمّد بركت على عفى عنه

دار الإحسان - باكستان
١٥ شعبان المعظم ١٣٩٧ ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک یا سمیع الدعوات یا الٰہ العالمین یا حی یا قیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

مقدّمہ

یا اللہ تیرا شکر و احسان ہے کہ تُو نے اپنی مجدیّت و صمدیّت کے صدقے ہم خاک نشینوں کو اپنے حبیبِ اقدس و اکمل، اکرم و اجمل، اطیب و اطہر، طٰہٰ، یٰسٓ مزّمّل، مدّثّر صلّی اللہ علیہ وسلّم کے فضیلت مآب اسمائے مُبارکہ و مکرمہ کو پردۂ عدم سے منصّۂ شہُود پر لانے کی تاریخی سعادتِ عظمیٰ سے مشرّف فرمایا۔ الحمد للحیّ القیّوم۔

"دارُالإحسان" کا ہر مکین، ہر نیّۃ اور ہر ذرّہ تیری اس بے پایاں عنایت پر تیری بارگاہ ربّ ذوالجلال والاکرام میں سجدہ ریز ہے کہ تُو نے اپنے اس مقام النجاف الصّحاف المقبول المصطفین کو ردیف ازلی میں محجوب و مستُور تقدس مآب اسمائے معظّمہ کے شہُود و ظہُور کے لیے منتخب فرمایا۔ فاللہ خیر الرّازقین۔

"دارُالإحسان" عُمدہ ترین کِتابت و طباعت اور نفیس ترین ترتیب و تزئین کے ساتھ اس مایہ ناز، منفرد، بے مثل اور عدیم النّظیر تالیف کو انتہائی مسرّت کے ساتھ حضُور اقدس و اکمل، اکرم و اجمل، اطیب و اطہر صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ساری اُمّت کو نفع پہنچانے کے لیے حضُور اقدس رُوحی فداہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں بطور ہدیۂ عقیدت پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ اٰمِيْن اٰمِيْن اٰمِيْن

محمّد برکت علی عفی عنہ

دارالإحسان - پاکستان
۱۵ شعبان المعظم ۱۳۹۷ھ

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ
اٰمِيْن اٰمِيْن اٰمِيْن يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْن ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک ومدادا لکلماتک وزنۃ عرشک ورضی نفسک ومنتہی الرضا لک ابدا سرمدا کلما ذکرک الذاکرون وغفل عن ذکرک الغافلون نستغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم ونتوب الیہ

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار صفاتِ حمیدہ کے لائق درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارہ إلیٰ قولہ:
"وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ"
(سورۃ آل عمران - آیۃ ۱۴۴)

اشارہ ہے اس قول کی طرف:
"اور نہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مگر پیغمبر"

وإشارۃ إلیٰ قولہ:
"بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ"
(سورۃ محمد - آیۃ ۲)

اشارہ ہے اس قول کی طرف "جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے"

و إشارۃ إلیٰ قولہ:
"مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ"
(سورۃ الفتح - آیۃ ۲۹)

اشارہ ہے اس قول کی طرف "حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں"

عن محمد بن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان لی اسماء انا محمد و انا احمد

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے کئی نام ہیں۔ میں محمد ہوں، احمد ہوں اور ماحی ہوں۔ اللہ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العالمین ط

Marfat.com

وانا الماحی الذی یمحوالله بی الکفر وانا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی وانا العاقب الذی لیس بعده احد (الصحیح لمسلم الجلد الثانی ص۲۶۱)

تعالیٰ میری وجہ سے کفر کو مٹائے گا اور مَیں حاشر ہُوں کہ لوگ میرے قدموں پر گریں گے اور مَیں عاقب ہوں کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

عن حذیفة رضی الله عنه قال لقیت النبّی صلی الله علیه وسلم فی بعض طریق المدینة فقال انا محمّد و انا احمد وانا نبی الرحمة ونبی التّوبة وانا المقفی و انا الحاشر ونبی الملاحم (شمائل الترمذی ص۲۶)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مَیں ایک مرتبہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے مدینہ منوّرہ کے کسی راستہ میں ملا جبکہ آپؐ تشریف لے جا رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا کہ میرا نام محمّد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے، احمد ہے نبی الرحمتہ ہے، نبی التوبتہ ہے اور مَیں مقفی ہوں، حاشر ہوں اور نبی ملاحم ہوں۔

قال ابن اسحاق وکانت قریش انما تسمی رسول الله صلی الله علیه وسلم مذمما ثم یسبونه فکان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول الا تعجبون لما یصرف الله عنی من اذی قریش یسبون ویهجون مذمما وانا محمّد (سیرۃ ابن ہشام مع شرح الروض الانف للسہیلی ج۱ ص۱۲۳)

ابنِ اسحاق رح کا بیان ہے کہ قریشیوں نے آپؐ کا نام مذمم (بُرا) رکھ چھوڑا تھا پھر وُہ آپؐ کو گالی نکالتے تھے تو اِس پر حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کیا تم تعجّب نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے قریش کی گندگی کو کیسے دُور رکھتا ہے وہ مذمم کو گالیاں نکالتے ہیں اور اسکی ہجو کرتے ہیں حالانکہ مَیں تو محمّد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوں۔

ربّنا تقبّل منّا انّك انت السّمیع العلیم
آمین آمین آمین یا ربّ العٰلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ابو الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار جہان سے زیادہ سخاوت کرنیوالے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

قال حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ :

" وابذل منہ للطریف وتالد
اذا ضن معطاء بما کان یتلد"

(تاریخ ابن کثیر ج ۵ ۔ ص ۲۸۱)

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا "جب سخی اپنے خزانوں کے ساتھ بخیلی کرتے ہیں تو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم غریبوں کے لیے سخاوت کا دریا بن جاتے ہیں۔"

عن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ انہ بینما ھو یسیر مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومعہ الناس مقفلہ من حنین فعلقت الاعراب یسألونہ حتی اضطروہ الی شجرۃ فخطفت ردآءہ فوقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اعطونی ردائی لو کان

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اس حالت میں کہ غزوہ حنین سے لوٹتے وقت وہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جا رہے تھے اور آپؐ کے ہمراہ کچھ اور لوگ بھی تھے۔ تو اعراب آپؐ کو لپٹ گئے، آپؐ سے کچھ مانگنے لگے یہاں تک کہ وہ درخت کے نیچے آپؐ کو لے گئے اور آپؐ کی چادر انہوں نے اتار لی۔ پس

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

لی عدد هٰذه العضاه
نعم لقسمته بینکم
ثم لا تجدونی بخیلا
ولا کذوبا ولا جبانا
(صحیح البخاری ج ۱ - ص ۳۹۴)

حضورِ اقدس ﷺ ٹھہر گئے اور
آپؐ نے فرمایا کہ میری چادر دے دو۔
اگر میرے پاس ان درختوں کے برابر
بکریاں ہوتیں تو میں ان کو تمہارے
درمیان تقسیم کر دیتا اور تم مجھے بخیل
نہ پاؤ گے، نہ جھوٹا نہ نامرد۔

عن ابی سعید الخدری
رضی اللہ عنہ قال کان یخطب
النبی ﷺ من استعف
یعفه الله من استغنی
یغنه الله و من سألنا
اما ان نبذل له و اما ان
نواسیه (الحدیث)
(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۳ - ص ۴۲)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ
خطبۂ جمعہ میں فرما رہے تھے کہ جو شخص
سوال کرنے سے بچے گا اللہ اس کو
بچائے گا اور جو شخص بے پرواہی اختیار
کرے گا اللہ اس کو غنی کرے گا اور جو
شخص ہم سے مانگے ہم اسے دیں گے
یا اس کے ساتھ شریک ہوں گے۔

عن عبد الله بن ابی بکر
رضی اللہ عنہ عن ابا اسید رضی اللہ عنہ
کان یقول و کان رسول الله
ﷺ لا یمنع شیئًا
یسأله۔
(قلت رواه احمد فی حدیث طویل،
مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج ۹ ص ۱۳)

حضرت عبد اللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ حضرت ابو اسید
رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ حضورِ اقدس
ﷺ سے جس چیز کا سوال ہوتا
آپؐ اسے کبھی رد نہ فرماتے بلکہ آپؐ
سوال کو پورا کرتے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک ومداد کلماتک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الابر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تمام جہان سے نیک درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

افعل تفضیل من برت فلانا بالکسر ابرہ برافانا بر و بارای محسن ویطلق علی الصدق لحدیث لا یزال الرجل یصدق حتی یکتب عند اللہ بارا وھو صلی اللہ علیہ وسلم حری ان یکون ابر الناس و اصدقھم واکثرھم احسانا

قال ابو علی الحاتمی اتفق اھل الأدب علی ان اصدق بیت قالتہ العرب قول ابی ایاس الدؤلی :

باب بر، بیر سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے جس کا معنیٰ سب جہان سے نیک ہے۔ بر کے لفظ کا سچی بات پر اطلاق ہوتا ہے۔ حدیث میں آتا ہے، انسان سچ ہمیشہ بولتا رہتا ہے، حتیٰ کہ اللہ کے نزدیک بارًا سچ بولنے والا لکھ دیا جاتا ہے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ لائق ہیں کہ آپؐ سب سے زیادہ نیک ہیں سب سے سچے ہیں اور سب سے زیادہ احسان کرنے والے ہیں

ابو علی حاتمیؒ کا بیان ہے کہ اہلِ ادب کا اِس بات پر اتفاق ہے کہ سب سے سچا شعر ابوایاس دؤلی

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

فما حملت من ناقة فوق رحلها
ابر و أوفى ذمة محمد

(شرح المواهب اللدنية للزرقانی
ج ٣ - ص ١١٩)

کا ہے جسمیں حضورِ اقدس ﷺ
کی مدح کرتا ہے :
کسی اُونٹنی نے نیک ترین اور وعدہ وفا
محمد ﷺ جیسا اپنے اوپر سوار نہیں کیا

عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ
قال لما فتحت خيبر اهديت
للنبی ﷺ شاة فيها
سم فقال رسول الله
ﷺ اجمعوا لی من كان
ها هنا من يهود فجمعوا له
فقال النّبی ﷺ
انی سائلكم عن شیء
فهل انتم صادقی عنه ؟
قالوا نعم، يا ابا القاسم!
فقال لهم رسول الله ﷺ
من ابوكم ؟ قالوا ابونا
فلان فقال رسول الله
ﷺ كذبتم بل
ابوكم فلان۔ قالوا
صدقت و برت ۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۴ ص ۲۰۸)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ جب خیبر فتح ہوا تو
حضورِ اقدس ﷺ کو بکری کے
گوشت میں زہر دیکر یہودیوں نے دعوت
کی حضور اقدس ﷺ نے فرمایا میرے
لیے یہودیوں کو اکٹھا کردو، وہ اکٹھے ہوگئے
آپؐ نے فرمایا میں تم سے ایک بات
پوچھتا ہوں، کیا تم اسکے بارے میں
مجھے سچ بتاؤ گے؟ انھوں نے کہا
اے ابوالقاسم ہاں! (ہم آپؐ کو
سچ بتائیں گے) آپؐ نے اُن کو فرمایا
تمھارا جدِّ اعلیٰ کون ہے؟ انھوں
نے کہا کہ ہمارا جدِّ اعلیٰ فلاں ہے
آپؐ نے فرمایا تم نے جھوٹ
بولا بلکہ تمھارا جدِّ اعلیٰ فلاں ہے۔
انھوں نے کہا کہ آپؐ نے سچ بولا
اور آپؐ واقعی نیک ہیں۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امين امين امين يا رب العلمين ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا انس رضی اللہ عنہ

ہمارے سردار تمام لوگوں سے نیک درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استأذن علی سعد بن عبادۃ فقال السلام علیکم ورحمۃ اللہ فقال سعد وعلیک السلام ورحمۃ اللہ ولم یسمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی سلم ثلاثا ورد علیہ سعد ثلاثا ولم یسمعہ فرجع النبی صلی اللہ علیہ وسلم واتبعہ سعد فقال یارسول اللہ بابی انت وامی ما سلمت تسلیمۃ الا ھی باذنی ولقد رددت علیک

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے گھر پہ تشریف لے گئے اور اندر آنے کی اجازت طلب کی اور فرمایا السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ سعدؓ نے وعلیک السلام ورحمۃ اللہ کہا جس کو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں سنا حتی کہ آپؐ نے تین دفعہ سلام بلایا اور تین دفعہ ہی سعدؓ نے جواب دیا جسکو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں سنا۔ آپؐ واپس لوٹ آئے حضرت سعد رضی اللہ عنہ آپؐ کے پیچھے آئے اور عرض کیا اے اللہ کے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العلمین ط

و لم اسمعك اجبت ان استكثر من سلامك ومن البركة ثم أدخله البيت فقرب له زبيبا فاكل نبى الله ﷺ فلما فرغ قال اكل طعامكم الابرار وصلت عليكم الملائكة و افطر عندكم الصائمون ۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۳ ۔ ص ۱۳۸)

رسول ﷺ! آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں۔ آپؐ نے جتنی دفعہ سلام فرمایا میں نے اپنے کانوں سے سُنا اور اس کا جواب بھی دیا لیکن میں نے آپ کو نہیں سنایا میری خواہش تھی کہ میں آپؐ کے سلام کو کثرت سے وصول کروں اور برکتیں لوں۔ پھر وہ حضورِ اقدس ﷺ کو گھر لے گئے اور کشمش اور منقٰی آپؐ کے آگے رکھا۔ حضورِ اقدس ﷺ نے وہ منقٰی تناول فرمائے، جب فارغ ہو گئے تو فرمایا تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا اور تم پر فرشتوں نے درود بھیجا اور تمہارے پاس روزہ داروں نے روزہ افطار کیا۔

وھو ﷺ حری بان یکون ابر الناس لما جمع فیہ من الخصال الجمیلۃ التی لم تجمع فی مخلوق والاحسان والصدق ۔ قال ابوعلی

اور آپؐ بہت لائق ہیں کیونکہ آپؐ میں احسان اور سچائی کے وُہ اوصافِ جمیلہ جمع کیے گئے ہیں جو کسی انسان میں موجود نہیں حضرت ابو علی حاتمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اہلِ ادب نے اتفاق کیا ہے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
امین امین امین یارب العلمین ط

Marfat.com

الحاتمی رحمۃ اللہ علیہ اتفق اھل الأدب علی ان اصدق بیت قالته العرب قول ابی ایاس الدؤلی رحمۃ اللہ علیہ :

وماحملت من ناقة فوق رحلها - ابر واوفی ذمةً من محمّد -

(سبل الھدی ج ۱ - ص ۵۱۶)

کہ سب شعروں میں سچا شعر جو عربوں نے کہا ہے وہ ابوایاس رحمۃ اللہ علیہ دولی کا شعر ہے۔

"اور کسی اونٹنی نے اپنے اوپر سب سے زیادہ اور وعدہ وفا حضرت محمّد ﷺ جیسا سوار نہیں کرایا"

عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت سمعت رسول الله ﷺ یقول هجاهم حسان فشفا واشتفی قال حسان رضی اللہ عنہ :

" هجوت محمّد افاجبت عنه وعند الله فی ذاك الجزآء

هجوت محمّدا برا تقیا رسول الله شیمته الوفآء

فان ابی ووالدتی وعرضی لعرض محمّد منکم وقآء"

(الصحیح لمسلم ج ۲ - ص ۳۰۰)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے حضور اکرم ﷺ سے سنا۔ آپ نے فرمایا کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے کفار کی ہجو کی اور ان کی خوب مرمّت کی اور خوب بدلہ لیا حضرت حسّان رضی اللہ عنہ نے یہ کہا:

اے مخالف تو نے حضرت محمّد ﷺ کی ہجو کی اور میں نے اسکا جواب دیا اور اس کا اللہ کے ہاں بدلہ ہے۔ تو نے حضرت محمّد ﷺ، جو نیک اور پرہیزگار اللہ کے رسول ہیں جنکی عادتِ مبارکہ وعدہ وفائی کی ہے کی ہجو کی، میرے ماں باپ اور میری عزّت حضرت محمّد ﷺ کی عزّت پر قربان ہو۔

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الأبطحی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بطحا کے رہنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

نسبة إلى ابطح مكة وهو مسيل واديها وهو ما بين مكة ومنى ومبدؤه المحصب سمى بذلك لانه من قريش البطاح اى النازلين بالبطاح دون الظواهر التى هى خارج الحرم حول مكة وكان يقال لعبد المطلب سيد الابطح و الاباطح وقال حسان رضی اللہ عنہ فى مدحه صلى الله عليه وسلم:
واكرم بيت فى البيوت اذا انتمى - واكرم جداً

مکہ مکرمہ کی ابطح کی طرف نسبت ہے اور بطحا اس وادی کا نام ہے جہاں سے پانی گذرے۔ عرفات اور منیٰ کا بارش والا پانی چونکہ شہر مکہ سے گزرتا ہے لہٰذا اسکو وادیٔ بطحاء کہا جاتا ہے۔ یہ نام اِس بنا پر رکھا گیا ہے کہ آپؐ اُس قریش خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جو وادیٔ بطحا میں رہتے تھے، حرم سے باہر نہ تھے اور آپؐ کے دادا عبدالمطلب کو سید الابطح اور سید الاباطح کہا جاتا تھا حضرت حسان رضی اللہ عنہ آپؐ کی مدح میں فرماتے ہیں:
آپ معزز گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امين امين امين يارب العلمين ط

Marfat.com

ابطحی یسود

(شرح المواہب اللدنیۃ ج ۳ - ص ۱۱۹)

وقریش البطاح الذین ینزلون بین اخشبی مکۃ۔

(قاموس ج ۱ - ص ۲۱۶)

دادا کی طرف سے بزرگ ابطحی سردار ہیں

ابطحی قریش وہ ہیں جو مکہ مکرمہ کے دونوں کناروں کے درمیان بستے ہیں۔

عن جابر ان النبیّ ﷺ امر عمر بن الخطاب زمن الفتح وھو بالبطحاء ان یأتی الکعبۃ فیمحو کل صورۃ فیھا ولم یدخلھا النبیّ ﷺ حتی محیت کل صورۃ فیھا۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۲ - ص ۲۴۲)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فتح مکہ کے زمانے میں حضورِ اقدس ﷺ نے وادیٔ بطحاء سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ کعبہ جاکر جو بُت وہاں ہیں، ان کو ختم کردے اور حضورِ اقدس ﷺ خانہ کعبہ میں اس وقت تک داخل نہ ہوئے جب تک تمام بُت مسمار نہ کر دیے گئے

عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت انما کان منزلا ینزلہ النبی ﷺ لیکون اسمح لخروجہ تعنی الابطح۔

(الصحیح للبخاری ج ۱ - ص ۲۳۷)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ حج سے فارغ ہونے کے بعد جب مدینہ منورہ کو روانہ ہوئے تو آپؐ نے وادیٔ ابطح میں رات گزاری تاکہ آپؐ کو نکلنے میں سہولت ہو۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وبعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ابلج صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سفید رنگ والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

الابیض الاتقی	سفید رنگ والے، بڑی پاکیزہ ہستی۔
الاجل۔	
(شرح المواہب اللدنیۃ ج ۳ ص ۱۲۳)	
قالت اُمّ معبد رضی اللہ عنہا رایت رجلا ظاھر الوضاءۃ ابلج الوجہ حسن الخلق۔	حضرت اُم معبد رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ میں نے ایک ایسے انسان کو دیکھا جس کے چہرۂ انور پر رونق تھی، سپید، حُسن کے پیکر تھے۔
(الحدیث)	
(المستدرک للحاکم ج ۳ ص ۹)	
و فی حدیث ام معبد رضی اللہ عنہا فی صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابلج الوجہ ای مشرقہ۔	حضرت اُم معبد رضی اللہ عنہا کی حدیث میں جو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت میں ابلج الوجہ کا لفظ آیا ہے اس کا معنیٰ ہے چمکدار چہرہ۔
(صراح ج ۱ ص ۱۳۸)	

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی اٰلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الابیض صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سفید درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن علی کرم اللہ وجہہ انہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابیض مشربا بحمرۃ۔ (اخرجہ ابوحاتم۔ شرح الشفا لملا علی قاری۔ علی حاشیۃ نسیم الریاض ج ۲۔ ص ۱۶۹)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سفید رنگ تھے جسمیں سُرخی ملی ہوئی تھی۔

عن عائشۃ رضی اللہ عنہا انہ صلی اللہ علیہ وسلم کان ابیض اللون۔ (اخرجہ ابوحاتم۔ شرح الشفا لملا علی قاری علی حاشیۃ نسیم الریاض ج ۲ ص ۱۶۹)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سفید رنگ تھے۔

قال ابو طالب بن عبد المطلب:
وابیض یستسقی الغمام بوجھہ
ثمال الیتامیٰ عصمۃ للارامل

ابو طالب بن عبد المطلب کہتے ہیں۔ اور سفید رنگ جن کے چہرہ کو دیکھ کر بادل بارش برسا دیتا ہے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

قوله : ثمال بکسر المثلثة و تخفیف المیم هو العماد و الملجاء و المطعم و المغیث والمعین و الکافی قد اطلق علی کل ذلك عصمة للارامل ای یمنعهم مما یضرهم۔

(فتح الباری مصری ج ۲ ص ۴۹۶)

اما لون آنحضرت ردشن و تابان بود و اتفاق دارند جمهور اصحاب بر بیاض لون آں ﷺ و وصف کردند او را بابیض۔

(مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۶)

عن انس بن مالك رضی اللہ عنہ یقول فی صفة النبی ﷺ قال کان ابیض بیاضه الی السمرة ۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶۔ ص ۱۳)

ثمال کا معنیٰ ستون اور جائے پناہ، یتیموں کی پناہ گاہ اور بیواؤں کے حامی فریاد سننے والا، اعانت کرنے والا ان تمام معنوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

عصمۃ کا معنیٰ بیواؤں کی تکلیفوں کو دُور کرنے والا ہے۔

آپ حضورِ اقدس ﷺ کا رنگ مبارک روشن و تاباں تھا۔ تمام اصحاب رضی اللہ عنہم کا اتفاق ہے کہ آپؐ کا رنگ سفید تھا اور اس کو انہوں نے ابیض کے ساتھ بیان کیا ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضورِ اقدس ﷺ کی صفت مبارک بیان کرتے ہیں کہ آپؐ سفید تھے، اور آپؐ کی سفیدی گندم گوں تھی۔

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاتقی صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ پرہیزگار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن عطاء بن یسار
عن رجل من الانصار
ان الانصاری اخبر عطاء
انہ قبل امرأتہ علی عھد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو
صائم فامر امرأتہ فسألت
النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن
ذلک فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
ان رسول اللہ یفعل
ذلک فاخبرتہ امرأتہ
فقال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
یرخص لہ فی اشیاء فارجعی
الیہ فقولی لہ فرجعت
الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت عطاء بن یسارؓ ایک انصاری سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے عطاء کو بتایا کہ اُس نے زمانۂ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں روزہ کی حالت میں اپنی بیوی کا بوسہ لیا، پھر اُس نے اپنی بیوی کو کہا کہ اِسکی بابت حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھے۔ اس نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا کہ اللہ کے رسُول بھی یہ کرتے ہیں۔ اس عورت نے اپنے خاوند کو بتایا تو اس انصاری نے کہا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے بعض چیزوں کی رخصت دی گئی ہے تو دوبارہ جاکر دریافت کر۔ وہ پھر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

فقالت قال ان النّبی صلی اللہ علیہ وسلم یرخص له فی اشیاء فقال انا اتقاکم لله و اعلمکم بحدود الله

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۴۳۴)

کے پاس آئی اور کہا کہ میرا خاوند کہتا ہے کہ اللہ کے رسُول کے لیے بعض چیزوں کی رخصت دی گئی ہے۔ پھر حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں اور میں تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی حدوں کو جاننے والا ہوں۔

قال رجل لابی هریرة رضی اللہ عنہ ما التقوی ؟ قال اخذت طریقا ذا شوك ؟ قال نعم قال کیف صنعت ؟ قال اذا رایت الشوك عدلت عنه او جاوزته او قصرت عنه قال ذا التقوی۔

(رواہ ابن ابی الدنیا فی کتاب التقوی سبل الہدیٰ ج ۱ ص ۵۱۸)

ایک آدمی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تقویٰ کیا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ کبھی تو کانٹوں والی زمین پر چلا ہے؟ اس نے کہا کہ ہاں! آپ نے فرمایا تو کیسے چلتا ہے؟ اس نے کہا کہ جب میں کانٹا دیکھتا ہوں تو اُس سے الگ ہو جاتا ہوں یا میں اُس پر سے چھلانگ لگا کر گزر جاتا ہوں یا میں اُس سے دور سے پاؤں رکھتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا یہی تقویٰ ہے

سئل علی کرم اللہ وجہہ عنها قال هی الخوف من الجلیل والعمل بالتنزیل والقناعة بالقلیل والاستعداد لیوم الرحیل۔

(سبل الہدیٰ ج ۱ ص ۵۱۹)

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے اِس (تقویٰ) کے بارے میں سوال کیا گیا تو انھوں نے کہا کہ تقویٰ ربِ جلیل سے خوف کھانے کا نام ہے اور وحیٔ الٰہی پر عمل کرنا اور تھوڑے پر قناعت کرنا اور موت کے دن کیلئے تیاری کرنا ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعدد کل معلوم لک وبعد دخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اتقی البشر صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار تمام جہان سے زیادہ پرہیزگار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

"اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ ط اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ○"

(الحجرات ۱۳)

یَاَیُّھَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰہَ وَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ ط اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیْماً حَکِیْماً ○

(الاحزاب ۱)

عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت کان علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثوبین قطریین غلیظین الی فکان إذا قعد عرق ثقلا علیه

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

"اللہ کے نزدیک تم سب میں بڑا شریف وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو۔ اللہ خوب جاننے والا پورا خبردار ہے۔"

اے نبیؐ! اللہ سے ڈرتے رہیے اور کافروں کا اور منافقوں کا کہنا نہ مانیے، بیشک اللہ تعالےٰ بڑا علم والا، بڑی حکمت والا ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم گاڑھے کھدر کے دو کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ جب آپؐ بیٹھتے تو پسینہ سے شرابور ہو جاتے، فلاں

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

فقدم بزّ من الشّام لفلان اليهودی فقلت لو بعثت اليه فاشتريت منه ثوبين الى الميسرة فارسل اليه فقال قد علمت ما يريد انما يريد ان يذهب بمالی او بدراهمی فقال رسول الله ﷺ كذب قد علم انی من اتقاهم و ادّاهم لِلامانة۔

(جامع الترمذی ج۱ ص۱۴۶۔ سنن النسائی ج۲ ص۱۹۹)

یہودی کی بزازی شام سے آئی۔ مَیں نے عرض کیا کہ "آپؐ کسی آدمی کو اس یہودی کے ہاں بھیج دیں اور اس سے دو کپڑے آسان مدت تک ادھار خرید لیں"۔ پھر آپؐ نے اس (یہودی) کے پاس آدمی بھیجا تو اس نے کہا کہ مَیں جانتا ہوں جو ان کا ارادہ ہے ان کا ارادہ یہ ہے کہ میرا مال ہضم کر جائیں یا میری رقم دبا جائیں۔ تو اس پر حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا کہ وہ جھوٹ بولتا ہے وُہ جانتا ہے کہ میں ان سب سے زیادہ متقی ہوں اور مَیں ان سب سے زیادہ امانت دار ہوں۔

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال قام النّبی ﷺ خطيبًا فقال بلغنی ان اقوامًا يقولون كذا وكذا و الله لانا ابرّ و اتقی لله عزّ وجل منهم۔

(الحدیث)

(صحیح البخاری ج۱ ص۳۴۰)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے کھڑے ہو کر خطبہ ارشاد فرمایا کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ لوگوں نے ایسی ایسی باتیں کی ہیں۔ اللہ کی قسم! البتہ مَیں سب سے زیادہ نیک ہوں اور اللہ عزّوجل کے بارے میں سب سے زیادہ ڈرنے والا ہوں۔

ربّنا تقبّل منّا انّك انت السّميع العليم
امين امين امين يا ربّ العلمين ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اثبت الناس

صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار تمام جہان سے زیادہ ثابت قدم درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس بن مالك رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فضلت علی الناس بشدۃ البطش (رواہ ابوزرعۃ تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۶۰)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے لوگوں پر سخت پکڑ کی فضیلت دی گئی ہے

و یوم حنین ولی الناس کلھم وکانوا یومئذ اثنا عشر الفا وثبت ھو فی نحو من مائۃ من الصحابۃ وھو راکب یومئذ بغلتہ وھو یرکض بھا الی نحو العدو وھو ینوہ باسمہ ویعلن بذلك قائلا انا النبی لا کذب انا ابن عبد المطلب۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۶۰)

اور حنین کے دن جب تمام لوگ بھاگ گئے اور وہ بارہ ہزار تھے آپ صرف سو آدمیوں کے ساتھ ثابت قدم رہے اور آپ اس دن خچر پر سوار تھے اور اس خچر کو دشمنوں کی طرف آگے بڑھا رہے تھے اور آپ اپنا نام باآواز بلند لے رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ میں نبی ہوں، جھوٹا نہیں ہوں اور میں عبدالمطلب کا پوتا ہوں۔

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اجرأ الناس صدرا صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار تمام جہان سے زیادہ جرأت مند درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن البراء بن عازبؓ وسألہ رجل من قیس افررتم عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم حنین فقال لکن رسول اللہ لم یفر وفی روایۃ اما انا فاشھد علی النبی انہ لم یزل وفی اخریٰ لا واللہ ما ولی یوم حنین دبرہ۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۶)

(فتح الباری ج ۸ ص ۲۸)

وفیہ رکوب البغلۃ اشارۃ الی مزید الثبات (فتح الباری ج ۸ ص ۳۲)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان سے قبیلہ قیس کے کسی آدمی نے پوچھا کیا تم حنین کی جنگ میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ چھوڑ گئے تھے تو انھوں نے کہا کہ لیکن حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نہیں بھاگے۔ ایک دوسری روایت میں ہے کہ میں گواہ ہوں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میدانِ جنگ میں رہے اور ایک روایت میں ہے کہ اللہ کی قسم آپؐ نے حنین کے دن کفار کو پیٹھ نہیں دکھائی۔

خچر پر سوار ہونے میں حضورؐ کے ثابت قدم ہونے کی طرف اشارہ ہے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الأجل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بہت بڑے بزرگ درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابن شماسة المهری رضی اللہ عنہ قال حضرنا عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ وهو فی سیاقة الموت یبکی طویلاً وحول وجهه الی الجدار فجعل ابنه یقول له ما یبکیک یا ابتاه اما بشرك رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم بکذا اما بشرك رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم بکذا قال فاقبل بوجهه فقال ان افضل ما نعدّ شهادة ان لا إله الا الله وان محمدًا رسول الله

حضرت ابن شماسہ مہری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور ان کے انتقال کا وقت قریب تھا آپ رضؓ بہت دیر تک روتے رہے اور دیوار کی طرف منہ پھیر لیا۔ آپ رضؓ کا بیٹا حاضر تھا، اس نے کہا اے ابا جان! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ کیا آپ کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فلاں فلاں چیز کی بشارت نہیں دی؟ کیا آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فلاں فلاں چیز کی بشارت نہیں دی (پھر آپ ایسے کیوں غمگین ہوتے ہیں) تب انہوں نے اپنا چہرہ ہماری جانب متوجہ کیا اور فرمایا ہمارے

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

انی قد کنت علی اطباق
ثلاثٍ لقد رأیتنی وما
احد اشد بغضا
لرسول الله ﷺ
منی ولا احب الی من
ان اکون قد استمکنت
منه فقتلته منه فلومت
علی تلك الحال لکنت
من اهل النّار فلمّا
جعل الله عزوجل
الاسلام فی قلبی اتیت
النّبی ﷺ فقلت
ابسط یمینك فلأبایعك
فبسط یمینه قال
فقبضت یدی
قال مالك یاعمرو قال
قلت اردت ان اشترط
قال تشترط ماذا قلت
ان یغفرلی قال اما علمت
ان الإسلام یهدم ما
کان قبله وان الهجرة
تهدم ما کان قبلها

لیے بہترین توشہ تو اِس بات کی گواہی
دینا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود
نہیں اور حضرت محمد ﷺ اسکے
رسول ہیں۔ مَیں تین ادوار سے گزرا ہوں
ایک دَور تو وُہ تھا کہ مجھے جناب رسول اللہ
ﷺ سے زیادہ کسی سے بغض نہ
تھا اور کوئی چیز میری نظر میں اتنی محبوب نہ
تھی جتنی یہ بات عیاذاً باللہ کہ حضور اکرم
ﷺ پر مجھے قدرت حاصل ہو جائے
اور مَیں آپؐ کو شہید کر ڈالوں اگر مَیں
اِس حالت میں مر جاتا تو یقینی طور پر دوزخی
ہوتا۔ پھر (دُوسرا دَور وہ تھا کہ) جب اللہ
عزّوجل نے اسلام کا خیال میرے دِل میں
پیدا کیا اور مَیں حضورِ اقدس ﷺ
کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا آپؐ
اپنا ہاتھ پھیلائیے تاکہ مَیں آپؐ کی بیعت کروں
آپؐ نے اپنا دایاں ہاتھ پھیلا دیا تو مَیں
نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا، آپؐ نے فرمایا عمرو
کیا بات ہے؟ مَیں نے جواب دیا کچھ
شرط کرنا چاہتا ہوں۔ فرمایا کیا شرط ہے
بیان کرو۔ مَیں نے عرض کیا کہ میرے سابقہ
گناہ معاف ہو جائیں۔ فرمایا کیا تُو

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com
135346

وان الحج یھدم ما کان قبلہ وما کان احدٌ احب الی من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا اجل فی عینی منہ وما کنت اطیق ان املأ عینی منہ اجلالاً لہ ولو سئلت ان اصفہ ما اطقت لانی لم اکن املأ عینی منہ ولو مت علی تلک الحال لرجوت ان اکون من اھل الجنۃ ثم ولینا اشیاء ما ادری ما حالی فیھا فاذا انامت فلا تصحبنی نائحۃ ولا نارٌ فاذا دفنتمونی فشنوا علی التراب شناً ثم اقیموا حول قبری قدر ما تنحر جزورٌ و تقسم لحمھا حتی استانس بکم وانظر ماذا اراجع بہ رسل ربی۔ (الصحیح لمسلم ج ۱۔ ص ۷۶)

نہیں جانتا کہ اسلام تمام سابقہ گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور ہجرت پہلے تمام گناہوں کو ختم کر دیتی ہے اور حج تمام پہلی برائیوں کو ڈھا دیتا ہے۔ (چنانچہ میں نے بیعت کر لی) اب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زائد مجھے کسی سے محبت نہ تھی اور نہ میری آنکھوں میں آپؐ سے زائد کوئی بڑا بزرگ تھا۔ میں آپؐ کی شان و جلال کے مارے آنکھ بھر کر آپؐ کو نہیں دیکھ سکتا تھا اور چونکہ پورے طور پر چہرۂ مبارک نہ دیکھ سکتا تھا اس لیے اگر مجھ سے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ مبارک دریافت کیا جائے تو بیان نہیں کر سکتا۔ اگر میں اسی حالت میں مر جاتا تو اُمید تھی کہ جنتی ہوتا۔ اس کے بعد ہم بہت سی باتوں کے ذمہ دار ہو گئے، معلوم نہیں میرا ان میں کیا حال رہے گا لہٰذا اب میرے مرنے کے بعد میرے جنازہ کے ساتھ کوئی نوحہ گر اور آگ نہ جائے اور جب مجھے دفن کر چکو تو میری قبر پر مٹی ڈال کر قبر کے چاروں طرف اتنی دیر ٹھہرے رہنا جتنی دیر میں اُونٹ کو ذبح کر کے اس کا گوشت تقسیم کیا جاتا

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

عن عقبة بن عامر رضی اللہ عنہ قال بینا انا اقود برسول اللہ ﷺ فی نقب من تلك النقاب اذ قال لی یا عقبة الا تركب قال فاجللت رسول اللہ ﷺ ان اركب مركبه ثم قال یا عقیب الا تركب قال فاشفقت ان تكون معصیة قال فنزل رسول اللہ ﷺ و ركبت هنیة ثم ركب ثم قال یاعقیب الا اعلمك سورتین من خیر سورتین قرأ بهما الناس قال قلت بلی یارسول اللہ قال فاقرأنی قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس (الحدیث)

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۱۴۴)

تاکہ مجھے تم سے اُنس حاصل ہو اور دیکھوں کہ مَیں اپنے رب کے فرستادہ فرشتوں کو کیا جواب دے سکوں گا۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ مَیں حضورِ اقدس ﷺ کی سواری کو ان گھاٹیوں میں سے ایک گھاٹی میں لے جا رہا تھا اچانک آپؐ نے فرمایا اے عقبہؓ تُو سوار کیوں نہیں ہوتا؟ عقبہؓ کا بیان ہے کہ مَیں نے حضورِ اقدس ﷺ کو بہت عظیم تصوّر کیا کہ مَیں آپؐ کی سواری پر سوار ہوں پھر آپؐ نے فرمایا اے عقیبؓ! تو سوار کیوں نہیں ہوتا؟ عقبہؓ کا بیان ہے کہ اب مَیں ڈرا کہ کہیں یہ نافرمانی نہ ہو جائے۔ آپؐ سواری سے اتر پڑے اور مَیں تھوڑی دیر کیلئے سوار ہو گیا پھر آپؐ سوار ہو گئے اور فرمایا اے عقبہؓ! کیا مَیں تجھے سورتوں میں سے دو بہترین سورتیں نہ سکھا دوں جن کو لوگوں نے پڑھا ہے۔ مَیں نے عرض کیا ہاں یارسول اللہ (ﷺ)! حضرت عقبہؓ کہتے ہیں پھر مجھے آپؐ نے قل اعوذ برب الفلق و اور قل اعوذ برب الناس پڑھائیں۔

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الأجود صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سب سے سخی درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابن عباس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اجود الناس بالخیر وکان اجود مایکون فی رمضان حین یلقاہ جبرئیل وکان جبرئیل یلقاہ کل لیلۃ فی رمضان حتی ینسلخ یعرض علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم القرآن فاذا لقیہ جبرئیل کان اجود بالخیر من الریح المرسلۃ۔

(صحیح البخاری الجلد الاول ص ۲۵۵)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ سخی تھے اور رمضان میں جب حضرت جبریل علیہ السلام آپ سے ملتے تو آپ سخی تر ہو جاتے حضرت جبریل علیہ السلام رمضان کی ہر رات کو ملا کرتے اور آپ کے سامنے قرآن کریم پڑھتے۔ پس جب حضرت جبریل علیہ السلام آپ سے ملتے تو آپ تیز ہوا سے بھی زیادہ سخی ہو جایا کرتے تھے۔

عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ قال ما سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیئاً قط فقال لا۔

(رواہ البخاری/تاریخ ابن کثیر ج ۶۔ص ۴۲)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے جب مانگا جاتا تو آپ کبھی 'نہ' کا لفظ زبان مبارک پر نہ لاتے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اجود الناس صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار تمام جہان سے سخی درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس رضی اللہ عنہ رفعہ
الا اخبرکم عن الاجود
اللہ الاجود و انا اجود
بنی اٰدم۔
(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۰)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا میں
تمھیں بتادوں بڑا سخی کون ہے۔
سب سے بڑا سخی اللہ تعالیٰ ہے اور آدمؑ
کی اولاد میں سے میں زیادہ سخی ہوں

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ
قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اجود الناس بالخیر وکان
اجود ما یکون فی شھر
رمضان ان جبریل علیہ السلام
کان یلقاہ فی کل
سنۃ فی رمضان حتی
ینسلخ فیعرض علیہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم القران فاذا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے، کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
سب لوگوں سے زیادہ مال کے دینے
میں سخی تھے اور تمام اوقات سے زیادہ
رمضان المبارک کے مہینے میں آپؐ
کی سخاوت ہوتی تھی اور حضرت جبریل
علیہ السلام ہر سال رمضان المبارک کے
مہینے میں اس کے اختتام تک آپؐ
سے ملتے چنانچہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یارب العلمین ط

Marfat.com

لقيه جبريل كان رسول الله ﷺ اجود بالخير من الريح المرسلة

(الصحيح لمسلم الجلد الثانی - ص ۲۵۳)

ان کو قرآن کریم سناتے اور جس وقت حضرت جبریل علیہ السلام حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرتے تو آپؐ تیز آندھی سے بھی زیادہ سخی ہو جاتے تھے۔

قال النحاس رحمۃ اللہ علیہ الجواد الذی یتفضل علی من لا یستحق و یعطی من لا یسأل ویعطی الکثیر ولا یخاف الفقر - (سبل الهدیٰ ج ۱ - ص ۵۱۹)

حضرت نحاس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جواد وہ ہے کہ غیر مستحق پر بھی مہربان ہو اور جو نہ مانگے اس کو بھی دے اور جب دے تو کثرت سے دے اور فقر و فاقہ سے نہ ڈرے۔

عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ قال اهديت لرسول الله ﷺ ثلاثة طوائر فأطعم خادمه طائراً فلما كان من الغد اتته به، فقال لها رسول الله ﷺ ألم انهك أن ترفعی شيئا لغد، فان الله (عزّوجل) ياتی برزق كل غد -

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ - ص ۵۴)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور اکرم ﷺ کے لیے تین جانوروں کا تحفہ لایا تو آپؐ نے ایک جانور اپنی نوکرانی کو کھلا دیا۔ دوسرے دن وہ آپؐ کے پاس وہ جانور لے کر حاضر ہوئی تو اس پر حضور اقدس ﷺ نے اسے فرمایا کیا میں نے تجھے منع نہیں کیا تھا کہ کل کے لیے کوئی چیز مت رکھنا۔ اللہ تعالیٰ عزّوجل ہر روز تازہ رزق دے گا۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاجیر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — پناہ دینے والے — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی مُرّۃ مولی عقیلؓ حدثہ ان ام ھانیؓ بنت ابی طالب حدثتہ انہ لما کان عام الفتح فرّ الیہا رجلان من بنی مخزوم فاجارتھما قالت فدخل علی علیؓ فقال اقتلھما فلما سمعتہ اتیت رسول اللہ ﷺ وھو باعلا مکۃ فلما رآنی رحب و قال ماجابک ؟ قلت یا نبی اللہ کنت امنت

حضرت ابومرہ رضی اللہ عنہ جو حضرت عقیل بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے آزاد شدہ غلام ہیں، سے روایت ہے کہ حضرت ام ہانی بنت ابوطالب رضی اللہ عنہا نے اسے بیان کیا کہ فتح مکہ کے سال میری طرف قبیلہ بنو مخزوم کے دو آدمی بھاگ کر آگئے اور میں نے ان دونوں کو پناہ دے دی۔ انکا بیان ہے کہ میرے بھائی حضرت علی رضی اللہ عنہ گھر میں داخل ہوئے اور انہوں نے فرمایا کہ میں ان دونوں کو قتل کردوں گا۔ جب میں (ام ہانیؓ) نے سنا تو میں حضورِ اقدس ﷺ کے پاس حاضر ہوئی اور آپ مکہ کے اوپر

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

رجلين من احمائ فاراد علی قتلهما فقال رسول الله ﷺ قد اجرنا من اجرت يا ام مانی ثم قام رسول الله ﷺ الی غسله فسترت عليه فاطمة ثم أخذ ثوبا فالتحف به ثم صلی ثمانی رکعات سبحة الضحی۔

(تاریخ ابن کثیر ج۴ ص۳۰۰)

والی جانب قیام فرماتھے۔ جب آپؐ نے مجھے دیکھا تو مرحبا فرمایا اور فرمایا تُو کِس لیے آئی ہے؟ مَیں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی (ﷺ) مَیں نے اپنے سسرال کے دو آدمیوں کو پناہ دی ہے جن کو حضرت علی رضی اللہ عنہ مارنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو اس پر حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا اے ام ہانیؓ! جس کو تُو نے پناہ دی ہم نے بھی اس کو پناہ دی، پھر حضورِ اقدس ﷺ نے اُٹھ کر غسل فرمایا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپؐ کو پردہ کیا، پھر آپؐ نے ایک کپڑے میں لپٹ کر چاشت کی آٹھ رکعت نماز ادا کی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد دخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا احد صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سرداری میں واحد درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

کذا ورد فی السفر الخامس من التوراۃ ولیس بین الحاء والدال الف انما یفخمون الحاء و تفسیرہ عندھم واحد۔ و معناہ فیہ صحیح من وجوہ منھا : انہ واحد بمعنی اٰخر الانبیاء وخاتمھم، ومنھا : انہ واحد فی السیادۃ علی من سِوَاہُ و منھا انہ واحد فی شریعتہ اکمل الشرائع، ومنھا: انہ واحد فی خصائص خص بھا من احکام دینہ وامور رفیعۃ غیر دینہ

اسی طرح یہ نام توراۃ کی پانچویں کتاب میں وارد ہوا ہے اور "ح" اور "د" کے درمیان الف نہیں ہے، صرف ح کو بڑھا کر پڑھتے ہیں اور ان کے نزدیک اس کی تفسیر واحد ہے اور اس کا معنی کئی طریقوں سے صحیح ہے۔ ایک یہ کہ آپؐ اکیلے ہیں اس معنی میں کہ آپ پیغمبروں کے آخر میں آئے ہیں اور آپؐ انکو ختم کرنے والے ہیں، دوسرے یہ کہ آپؐ سرداری میں یکتا ہیں اور تیسرے یہ کہ آپؐ اپنی شریعت میں، جو تمام شریعتوں میں کامل تر ہے، منفرد ہیں اور چوتھے آپؐ ان خصوصیتوں میں جو

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العلمین ط

كالشفاعة العامة والحوض المورود و المقام المحمود۔

(سبل الهدیٰ ج ۱۔ ص ۵۲۰)

دین کے معاملہ میں احکام ہوں یا اونچے امور ہوں سب میں اکیلے مخصوص ہیں جیسے شفاعتِ عامہ اور حوضِ کوثر اور مقامِ محمود۔

قال الشیخ رحمہ اللہ تعالیٰ :

احاد فی العربیة بضم الهمزة: اسم عدد معدول عن واحدٍ واحدٍ ولا یبعد ان یکون إسمه ﷺ فی التوراة هو هذا الاسم العربي المعدول ووجه العدل فیه عن واحد واحد المتکرر: انه ﷺ واحد فی امور متعددة، فعدل عنها إلی احاد لیدل علی ذلك باختصار، کما هو فائدة العدل ان لا یؤتی باللفظ مکرراً فیکون هذا الإسم مما سماه الله تعالیٰ به من اسمائه۔

(سبل الهدیٰ ج ۱ ص ۵۲۰/۲۱)

شیخ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

احاد عربی میں ہمزہ کے ضمہ کے ساتھ اسم عدد معدولہ ہے جس کے معنی ایک ایک کے ہیں اور یہ بات بعید نہیں ہے کہ آپ ﷺ کا یہ اسم گرامی جو عربی میں معدولہ استعمال ہوا ہے موجود نہ ہو اور واحد واحد مکرر سے معدولہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ آپ ﷺ متعدد امور میں واحد (اکیلے) ہیں۔ واحد سے اُحاد معدولہ اس لیے بنایا گیا ہے کہ اختصار سے دلالت کرے جیسا کہ عدل کا فائدہ ہے کہ لفظ مکرر نہ آئے۔ یہ اسم گرامی آپ ﷺ کا اللہ تعالیٰ نے آپ کے اسماء میں رکھا ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا أحب الناس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تمام لوگوں سے پیارے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین۔

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۷ - الصحیح لمسلم ج ۱ ص ۲۹)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی ایماندار اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اسکے اس کے نزدیک اس کے ماں باپ اور اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ پیارا نہ ہو جاؤں۔

عن شیبۃ بن عثمان بن ابی طلحۃ رضی اللہ عنہ قال ما کان احد ابغض الیّ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکیف لا یکون کذلک وقد

حضرت شیبہ بن عثمان بن ابو طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے نزدیک حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر مبغوض کوئی انسان نہ تھا اور کیسے نہ ہوتا کہ ہمارے گھرانے کے آٹھ آدمی آپ نے (جنگ بدر میں) قتل کیے تھے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

قتل منا ثمانية كل منهم يحمل اللواء فلما فتح الله تعالىٰ مكة يئست مما كنت اتمناه من قتله وقلت فى نفسى قد دخلت العرب فى دينه فمتى ادرك ثأرى منه فلما اجتمعت هوازن بحنين قصدتهم لأجد منه غرة فاقتله فلما انهزم الناس عنه وبقى مع من ثبت معه جئت من ورائه فرفعت السيف حتى كدت احطه غشى فؤادى و رفع لى شواظ من نار فلم اطق ذلك وعلمت انه ممنوع فالتفت الى وقال ادن ياشيب فقاتل ووضع يده فى صدرى فصار احب الناس الى و تقدمت فقاتلت بين

جن میں سے ہر ایک آدمی جھنڈا اٹھائے ہوئے تھا، پھر جب اللہ تعالیٰ نے مکّہ فتح کروایا تو مَیں آپؐ کو شہید کرنے کی امید سے نا امید ہو گیا اور مَیں نے اپنے جی میں کہا کہ تمام عرب تو آپؐ کے دین میں داخل ہو گیا ہے مَیں آپؐ سے کب بدلہ لوں گا۔ پھر جب حنین میں قبیلہ ہوازن جمع ہو گیا تو مَیں نے اسکی طرف قصد کیا تاکہ مَیں آپؐ کو دھوکہ سے شہید کر دوں۔ پھر جب لوگ آپؐ کے پاس سے بھاگ گئے اور آپؐ چند ساتھیوں کے ساتھ وہاں جمے رہے تو مَیں آپ کے پیچھے سے آیا، پھر مَیں نے تلوار اٹھائی حتّٰے کہ قریب تھا کہ میں آپؐ کو گھیر لوں۔ میرے دِل پر غشی طاری ہو گئی اور میرے لیے آگ کے شعلے بلند ہوئے، پھر مَیں اس پر قادر نہ ہو سکا مَیں نے سمجھ لیا کہ آپؐ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تائید حاصل ہے۔ آپؐ میری طرف متوجّہ ہوئے اور فرمایا اے شیبہ! ذرا نزدیک تو ہو اور جہاد کر اور آپؐ نے اپنا ہاتھ میرے سینے پر رکھا تو اسوقت

Marfat.com

يديه ولو عرض لى ابى لقتلته فى نصرته فلما انقضى القتال دخلت عليه فقال لى الذى اراد الله بك خير مما اردته لنفسك وحدثنى بجميع ما زورته فى نفسى فقلت ما اطلع على هذا احد الا الله فاسلمت۔

(اعلام النبوة ص۱۰۵/۱۰۴)

آپؐ تمام لوگوں سے مجھے محبوب ہوگئے اور مَیں آگے بڑھا، مَیں نے آپؐ کے سامنے جہاد کیا، اس وقت اگر میرا باپ بھی سامنے آتا تو مَیں آپؐ کی تائید کے لیے اسے بھی قتل کر دیتا۔ پھر جب جنگ ختم ہوگئی تو مَیں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ نے مجھے فرمایا کہ وہ چیز جس کا ارادہ اللہ تعالیٰ نے تیرے لیے فرمایا وہ بہتر ہے اس چیز سے جو تُو نے اپنے نفس کیلئے ارادہ کیا اور پھر مجھے آپؐ نے وہ تمام سکیمیں جو مَیں نے اپنے دِل میں بنائی تھیں، سب بیان فرما دیں۔ مَیں نے کہا کہ ان سازشوں کا علم اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی کو نہیں ہو سکتا، پھر مَیں مسلمان ہوگیا۔

عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان فى محفل من اصحابه اذجاء اعرابى من بنى سليم قد صاد ضبا وجعله

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک محفل میں تشریف فرما تھے۔ اچانک آپؐ کے پاس بنی سلیم سے ایک دیہاتی آیا جس نے گوہ کا شکار کیا تھا اور اس کو

Marfat.com

فی کمه لیذهب به
الی رحله فیشویه و
یأکله فلما رائ الجماعة
قال ما هذا قالوا هذا
الذی یذکر انه نبی
فجاء فشق الناس
فقال و اللات و العزی
ما شملت السماء علی ذی
لهجة ابغض الی منك
ولا امقت منك ولولا ان
یسمینی قومی عجولا لعجلت
علیك فقتلتك فسرت
بقتلك الاسود والاحمر
والابیض وغیرهم
فقال عمر بن الخطاب،
یارسول الله ﷺ
دعنی فاقوم فاقتله
قال یا عمر اما علمت
ان الحلیم کاد
ان یکون نبیا ؟ ثم
اقبل علی الاعرابی
و قال ما حملك علی

اپنی آستین میں چھپا رکھا تھا تاکہ اسے
اپنے گھر جاکر بھون کھائے، جب اس نے
جماعت کو دیکھا تو پوچھا کہ یہ کون ہے؟
انہوں نے کہا کہ یہ وہ ہیں جن کو نبی کہا
جاتا ہے۔ وہ صفیں چیرتا ہوا آیا اور بولا
مجھے لات و عزیٰ کی قسم، آسمان کی چھت
کے نیچے کوئی میرے نزدیک مبغوض تجھ
سے بڑھ کر نہیں اور نہ ہی تجھ سے بڑھ کر
مَیں کسی سے ناراض ہوں اور اگر مجھے
اِس بات کا ڈر نہ ہوتا کہ میری قوم میرا نام
جلد باز رکھ دے گی تو مَیں تجھ کو جلدی
قتل کر دیتا۔ اور مَیں آپؐ کے قتل پر
کالے اور گورے اور سفید وغیرہ لوگوں
کو خوش کرتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے
حضورِ اقدس ﷺ سے اسے قتل
کر دینے کی اجازت مانگی۔ آپؐ نے
فرمایا عُمر! کیا تو نہیں جانتا کہ بُردبار
قریب ہے کہ نبی ہوتا۔ پھر آپؐ
دیہاتی کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا
تجھ کو کس چیز نے اِس پر آمادہ کیا اور
تُو نے حق کے علاوہ ایسی باتیں کیوں
کیں اور تُو نے میری مجلس میں میری

Marfat.com

ان قلت ما قلت و قلت
غير الحق و لم تكرمنى
فى مجلسى ؟ فقال
و تكلمنى ايضاً ؟
استخفافا برسول الله
صلى الله عليه وسلم و اللات
و العزى لا امنت بك
او يؤمن بك هذا الضب
و اخرج الضب من
كمه و طرحه بين
يدى رسول الله ﷺ
فقال رسول الله ﷺ
ياضب فاجابه الضب
بلسان عربى مبين
يسمعه القوم جميعا لبيك
و سعديك يا زين من
وافى القيامة قال من
تعبد ياضب ؟ قال
الذى فى السماء عرشه
و فى الارض سلطانه و فى
البحر سبيله و فى الجنة
رحمته و فى النار عقابه

عزّت کیوں نہیں کی۔ اُس نے کہا کہ
ابھی تُو میرے ساتھ ایسی باتیں کرتا ہے
مقصد اس کا آپؐ کی گستاخی تھا۔
مجھے لات وعزیٰ کی قسم مَیں تجھ پر
ایمان نہ لاؤں گا حتّٰے کہ یہ گوہ ایمان
لائے اور اس گوہ کو اپنی آستین سے
نکال کر حضورِ اقدس ﷺ کے
آگے پھینک دیا تو آپؐ نے فرمایا اے
گوہ! تو اس پر وہ گوہ فصیح عربی زبان
میں بولی جس کو تمام لوگوں نے سُنا
حاضر ہوں اور تیار ہوں اے محشر
کے میدان کی زینت! آپؐ نے
فرمایا اے گوہ تُو کس کی بندگی کرتی ہے
گوہ بولی جس کا عرش آسمان پر ہے
جس کی بادشاہی زمین میں ہے
جسکے راستے سمندر میں ہیں جس
کی رحمت بہشتوں میں ہے، جس کا
عذاب دوزخ میں ہے۔ آپؐ نے
فرمایا کہ مَیں کون ہوں؟ گوہ
بولی ربّ العٰلمین کے پیغمبر اور
نبیوں کے ختم کرنے والے ہیں،
جس نے آپؐ کو مانا کامیاب ہوگیا

Marfat.com

قال فمن انا یاضب ؟
فقال رسول رب العٰلمین
وخاتم النبیین و قد
افلح من صدقتك
و قد خاب من کذبك
فقال الاعرابی واللہ لا
اتبع اثرًا بعد عین واللہ
لقد جئتك وما علی ظھر
الارض ابغض الی منك
و انك الیوم احب الی
من والدی ومن عینی
ومنی وانی لأحبك
بداخلی و خارجی و
سری و علانیتی واشھد
ان لا الہ الا اللہ وانك
رسول اللہ ﷺ فقال
رسول اللہ ﷺ الحمد للہ
الذی ھداك بی ان ھذا الدین
یعلو ولا یعلی ولا یقبل
الا بصلاۃ و لا تقبل
الصلاۃ الا بقرآن ۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۵۰ ۱۴۹)

اور جس نے آپؐ کی تکذیب کی وہ
مارا گیا۔ دیہاتی بولا اللہ کی قسم میں ایک
قدم آگے نہ چلوں گا۔ اللہ کی قسم میں
آپؐ کے پاس حاضر ہوا تو زمین کی
پیٹھ پر آپ سے بڑھ کر مبغوض تر میرے
نزدیک کوئی نہ تھا اور آج آپؐ
میرے نزدیک میرے ماں باپ
اور میری آنکھوں اور میرے وجود
سے محبوب تر ہیں اور اللہ کی قسم میں
آپؐ سے اندر اور باہر سے محبت
کرتا ہوں اور ظاہر و باطن میں محبت
کرتا ہوں اور میں گواہی دیتا ہوں
کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور
آپؐ اللہ کے رسول ہیں۔ آپؐ
نے فرمایا سب تعریف اُس ذات
کے لیے ہے جس نے تجھے میرے
ذریعے ہدایت عطا کی۔ یہ دین بلند
ہوگا مغلوب نہ ہوگا اور دین بغیر
نماز کے قبول نہیں ہے اور نماز بغیر
قرآن کے مقبول نہیں ہے۔

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یارب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الأحد صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار تمام جہان میں منفرد درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

قال الحلیمی رحمۃ اللہ علیہ

وھو الذی لا شبیہ لہ و لا نظیر۔

(کتاب الاسماء والصفات ص۲۳)

من الاسماء ھی مختصہ باللہ تعالی و منھا عامۃ بین اللہ و خلقہ مثالہ نحن عندنا ان اللہ قدیم ولکن قال اللہ تعالیٰ فی کتابہ فی القمر حَتّٰی عَادَ کَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ واخبر عن اخوۃ یوسف انھم قالوا لأبیھم تاللہ اِنَّکَ لَفِی ضَلَالِکَ الْقَدِیْمِ

حضرت حلیمی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ الاحد وہ ہے جس کے مشابہ کوئی دوسرا نہ ہو اور نہ ہی اس کی مثل کوئی دوسرا ہو۔

بعض اسماء ذاتِ الٰہی کے ساتھ مختص ہیں اور بعض کے ساتھ مخلوق بھی شامل ہے مثلاً ہم اللہ تعالیٰ کو قدیم مانتے ہیں لیکن قرآنِ کریم کی سورۃ یٰسین میں چاند کی آخری تاریخ کو "کالعرجون القدیم" یعنی پرانی لکڑی کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو کہا تھا "تاللہ اِنَّکَ لفی ضلالک القدیم"

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

وقال الله تعالیٰ فی حقہ صلی اللہ علیہ وسلّم "وَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ" وھو صفۃ اللہ فی بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ - والمقصود انہ صلی اللہ علیہ وسلّم لیس الروف والاحد بمعنی یوجد فی ذاتہ تعالیٰ فمعناہ انہ الاحد فی خلقہ لاعدیل لہ ولا نظیر ولا مثیل لہ بل درّ یتیم لا یوجد فی الکون و المکان -

(مؤلّف)

الاحد المنفرد بصفات الکمال عن الخلق او بالقرب من الحق وھو من الصفات المشبھۃ -

(سبل الھدیٰ ج ۱ - ص ۵۲۱)

اور اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبؐ کے حق میں "بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ" فرمایا ہے اور رحیم کی صفت اللہ تعالیٰ کے لیے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں پائی گئی ہے۔ مقصد یہ ہے کہ آپ اِن معنوں میں "الاحد" یا "رؤف رحیم" نہیں ہیں جن میں ذاتِ باری تعالیٰ متصف ہے معنیٰ یہ ہوگا کہ آپ مخلوقِ خدا میں بےنظیر اور عدیم المثال ہیں۔ آپؐ کائنات میں وہ دُرِّ یتیم ہیں کہ آپؐ کا عدیل نہیں۔

الاحد وہ ہے جو کمالات کی صفت سے مخلوق میں جدا ہو یا حق کے قریب ہو اور وہ صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحسن

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار نہایت حسین درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

وھو افعل من الحسن والمراد المستجمع صفات الکمال قال اللہ تعالیٰ "ومن احسن قولا ممن دعا الی اللہ" روی عبد الرزاق عن معمر عن الحسن البصری انہ تلا ھذہ الآیۃ فقال ھذا حبیب اللہ صفوۃ اللہ ھذا احب اھل الارض الی اللہ اجاب اللہ فی دعوتہ ودعا الناس الی ما اجاب اللہ فیہ۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۰)

وہ لفظ حسن سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے جس کے معنیٰ ہیں جن کے اعضا پورے تناسب پر ہوں اور مراد اس سے صفاتِ کمال کا مجتمع ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اور کون اچھا ہے بات میں اس سے۔ جو لوگوں کو اللہ کی طرف بلاتا ہے"۔ عبد الرزاق رحمۃ اللہ علیہ معمر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے یہ آیت تلاوت فرمائی تو فرمایا یہ اللہ کے دوست، اللہ کے پسندیدہ ہیں جو سارے جہاں سے اللہ کو زیادہ پیارے ہیں جنھوں نے اللہ کی پکار کو لبیک کہا اور لوگوں کو بھی اس کی طرف دعوت دی

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

عن جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ
قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فی لیلة اضحیان و علیه
حلة حمراء فجعلت انظر
الیه و الی القمر قال فلهو
کان احسن فی عینی
من القمر ۔

(سنن الدارمی الجزء الاول ص۳۳ شمار ۵۸)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ
کہتے ہیں کہ مَیں نے حضورِ اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم کو سُرخ جوڑا پہنے
ہوئے چاندنی رات میں دیکھا تو
مَیں آپؐ کو اور چاند کو دیکھنے لگا۔
میری نظر میں آپؐ چاند سے زیادہ
حسین تھے۔

قال حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ
واحسن منك لم ترقط عینی
واجمل منك لم تلد النّساء
خلقت مبرءًا من کلّ عیب
کانك خلقت کما تشاء

(المنتکر ص۳۴۹)

حضرت حسّان بن ثابت رضی اللہ عنہ
نے فرمایا "آپؐ سے خوبصورت
کبھی آنکھ نے نہیں دیکھا اور آپؐ سا
جمیل کسی عورت نے نہیں جنا آپؐ
تو ہر عیب سے مبرّا پیدا ہوئے ہیں۔ گویا
کہ جس طرح آپؐ نے چاہا ویسے ہی
پیدا ہوئے۔

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
امین امین امین یارب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا احسن الناس صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار تمام جہان سے زیادہ خوبصورت درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس رضی اللہ عنہ قال
کان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم احسن الناس
واجود الناس و اشجع الناس
(رواہ عبد بن حمید۔ شرح المواہب اللدنیۃ
ج ۳۔ ص ۱۲۰ ۔ الصحیح لمسلم ج ۲۔ ص ۲۵۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
وہ کہتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
تمام لوگوں سے زیادہ خوبصورت
اور تمام لوگوں سے زیادہ سخی تھے اور
سب سے زیادہ بہادر تھے۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ
قال کان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم احسن الناس
لونا یقبل معا و یدبر
معا لم ار مثلہ و لم
اسمع بمثلہ ۔
(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ۔ ص ۱۹)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے، وہ بیان کرتے ہیں
کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم رنگت
میں تمام لوگوں سے حسین تھے جب
متوجہ ہوتے تو سارے متوجہ ہو جاتے
اگر آپ پیچھے مڑتے تو سارے پیچھے مڑ
جاتے۔ میں نے آپ کی مثل نہیں دیکھا
اور نہ ہی آپ کی مثل کہیں سنا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحسن السبط صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تمام لوگوں سے حسین گردن والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ
قال کان رسول اللہ ﷺ
کَاَنَّ عُنَقَہٗ اِبْرِیْقُ فِضَّۃ

(رواہ ابن عساکر۔ تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۷)

حضرت علی رضؓ بن ابی طالب سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ کی گردن مبارک ایسی تھی جیسے کہ چاندی کی صراحی۔

عن ابن ابی ھالۃ رضی اللہ عنہ
کان عنقہ جید دمیۃ
فی صفاء الفضۃ

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۳۱)

حضرت ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپؐ کی گردن مبارک ایسی تھی گویا ہاتھی دانت پر کشیدہ کاری کی گئی ہے۔ صفائی میں چاندی کی طرح تھی۔

الدُمیۃ بضم الدال المھملۃ وھی الصّورۃ المنحوتۃ من العاج (حاشیہ ۲ المبتکر ص ۴۰۲)
الصّورۃ المنقّشۃ من الرخام۔ (قاموس ج ۴ ص ۳۲۹)

دمیہ، میم کی پیش کے ساتھ وہ مُورتی جو ہاتھی دانت کو تراش کر بنائی گئی ہو۔ سنگِ مرمر کو منقّش کرکے مُورتی بنانا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاحشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار باوقار ہستی درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

قالت ام معبدؓ فی صفتہ ان صمت فعلیہ الوقار وان تکلم سماہ وعلاہ البھاء اجمل الناس وابھاہ من بعید واحسنہ واجملہ عن قریب - (الحدیث)

(المستدرک للحاکم ج ۳-ص ۹)

عن علی رضی اللہ عنہ کان إذا وصف النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من راہ بدیھۃ ھابہ ومن خالطہ معرفۃ احبہ یقول ناعتہ لم

حضرت ام معبد رضی اللہ عنہا نے جو وصف حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان کیا ہے کہا کہ آپؐ اگر چپ رہتے تو آپؐ پُروقار ہوتے اور اگر آپؐ کچھ فرماتے تو آپؐ پر رونق آجاتی۔ دُور سے خوبصورت اور بارعب معلوم ہوتے اور اگر نزدیک ہوتے تو حسین وجمیل معلوم ہوتے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ جب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا وصف بیان کرتے تو فرماتے جو اچانک آپؐ کو دیکھتا وہ خوفزدہ ہوجاتا اور جو آپؐ کو پہچان کر گھل مل جاتا وہ آپؐ سے محبت کرتا۔ آپؐ کی صفت بیان

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

ارقبله و لا بعده مثله
صلی اللہ علیہ وسلم ۔

(جامع الترمذی ج۲ ص۲۰۵/۲۰۴)

عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ
قال ثمامة بن اثال لما اسلم
يا محمّد و الله ما كان
على الارض البغض
الیّ من وجهك فقد اصبح
وجهك احب الوجوه كلها
الیّ والله ما كان من
دين ابغض الیّ من دينك
فاصبح دينك احب الدّين
كله الیّ و الله ما
كان من بلدٍ ابغض الیّ
من بلدك فاصبح بلدك
احب البلاد كلها الیّ
و ان خيلك اخذتنی و انا
اريد العمرة فماذا ترٰی فبشره
رسول الله ﷺ وامره ان
يعتمر فلما قدم مكة قال له
قائل اصبوت فقال لا ولكنی
اسلمت مع رسول الله ﷺ

کرنے والے کا کہنا ہے کہ نہ میں نے
آپؐ جیسا پہلے دیکھا اور نہ ہی
آپؐ جیسا بعد میں دیکھا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ جب ثمامہ بن اثالؓ
مسلمان ہوا تو اس نے کہا اے محمد
ﷺ ! اللہ کی قسم، روئے زمین
پر تیرے چہرے سے مبغوض چہرہ میرے
نزدیک کوئی نہ تھا۔ اب (اللہ کی قسم)
تمام جہاں کے چہروں سے آپؐ کا
چہرہ مبارک مجھے زیادہ محبوب ہے۔
اللہ کی قسم، تمام مذاہب سے بُرا دین میرے
نزدیک آپؐ کا دین تھا لیکن اب
آپؐ کا دین میرے نزدیک تمام
مذہبوں سے پیارا ہے اور اللہ کی قسم
میرے نزدیک آپؐ کا شہر تمام
شہروں سے بُرا تھا لیکن اب وہ
تمام شہروں سے میرے نزدیک
پیارا شہر ہے۔ آپؐ کے سواروں
نے مجھے پکڑ لیا۔ میں عمرہ کی نیت سے
جا رہا تھا تو اب کیا کروں حضورِ اقدس
ﷺ نے انہیں بشارت دی اور

Marfat.com

ولا والله لا تاتيكم من اليمامة حبة حنطة حتى ياذن فيها رسول الله ﷺ

(الصحیح لمسلم ج ۲ - ص ۹۴)

عمرہ کرنے کا حکم دیا، جب وہ مکہ مکرمہ پہنچے تو لوگوں نے ان سے کہا تُو بے دین ہو گیا ہے انہوں نے جواب دیا کہ نہیں بلکہ مَیں تو جناب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مشرف بہ اسلام ہو گیا ہوں اللہ کی قسم، یمامہ کی ریاست سے ایک دانہ گیہوں کا تُم تک نہیں پہنچے گا تاوقتیکہ جناب رسُول اللہ ﷺ اجازت نہ دیں

عن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال كنا نتقي الكلام و الانبساط الى نسائنا على عهد رسول الله ﷺ مخافة ان ينزل فينا القرآن فلما مات رسول الله ﷺ تكلمنا۔ (سنن ابن ماجۃ ص ۱۱۸)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے رِوایت ہے کہ ہم حیاتِ بابرکات نبی کریم ﷺ میں اپنی عورتوں سے گفتگو کرنے سے خوف کھاتے تھے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہمارے بارے میں قرآن نازل ہو جائے جب حضورِ اقدس ﷺ کا وصال ہوا تو ہم نے آپس میں گفتگو کرنا شروع کر دی تھی

عن ابی بن كعب رضی اللہ عنہ قال كنا مع رسول الله ﷺ وانما وجهنا واحد فلما قبض نظرنا هكذا و هكذا۔

(سنن ابن ماجۃ ص ۱۱۸)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے رِوایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں ہمارے چہرے ایک ہی طرف متوجہ تھے جب آپؐ نے رحلت فرمائی تو ہم حیران ہو کر اِدھر اُدھر دیکھتے تھے کہ کیا کریں۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا احلی من لبن

صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ شیریں زبان درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

کان صلی اللہ علیہ وسلم افصح الناس منطقا واحلاھم کلاماً۔

(احیاء العلوم لامام غزالیؒ جلد ۲ ص ۳۶۳)

عن بریدۃ رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افصح النّاس منطقاً واحلاھم کلاماً۔

(المغنی ج ۲- ص ۳۶۳)

عن عائشہ رضی اللہ عنہا قالت کان کلام النبی صلی اللہ علیہ وسلم فصلا یفھمہ کل احد لو یکن یسرد سرداً

(رواہ احمد۔ تاریخ ابن کثیر ج ۶۔ ص ۴۱)

کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم بولنے میں تمام لوگوں سے فصیح تھے اور کلام کے لحاظ سے آپؐ ان سے شیریں بیان تھے۔

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے فصیح اللِسان اور شیریں زبان تھے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی کلام جُدا جُدا الفاظ تھے، ہر کوئی سمجھ لیتا اور آپؐ تیز زبان نہ تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا احلم الناس صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار جہان سے زیادہ حلیم و بردبار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن عبد الرحمٰن بن ابزی رضی اللہ عنہ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احلم الناس الحدیث وھو مرسل۔

(رواہ ابو الشیخ فی کتاب اخلاق — المغنی عن حمل الاسفار ج ۲ ص ۳۵۳)

حضرت عبدالرحمن بن ابزی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے زیادہ بردبار تھے۔ یہ حدیث مرسل ہے اور اسکو ابو الشیخ نے کتاب الاخلاق میں ذکر کیا ہے

عن عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فی قصۃ اسلام زید بن شعثۃ من احبار الیھود وقول زید لعمر بن الخطاب: یا عمر کل علامات النبوۃ قد عرفتھا فی وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین نظرت

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو ایک یہودی عالم زید بن شعثہ کے اسلام لانے کا ذکر کرتے ہیں جس میں زید نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو کہا تھا کہ اے عمر (رضی اللہ عنہ)! میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ اقدس میں نبوت کی تمام علامتوں کو پالیا ہے مگر دو علامتیں

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

الیه الا اثنتین لم
اخبرها منه یسبق حلمه
جهله ولا تزیده شدة
الجهل علیه الا حلما
فقد اختبرتهما۔ (الحدیث)

(رواہ ابوحاتم بن حبان/ المغنی عن حمل الاسفار ج ۲ ص ۳۵۳)

جن کا اتا پتا مجھے نہیں ملا کہ ان کی
بردباری ان کے جہل پر غالب آ
جائے گی اور جتنا کوئی جہالت کا
زیادہ مظاہرہ کرے گا وہ اتنا ہی
بردبار ہوں گے، بیشک مجھے ان دونوں
کی بھی خبر مل گئی ہے۔

روی أن النبی ﷺ لما کسرت رباعیته وشج وجهه یوم أحد شق ذلك علی أصحابه شدیداً وقالوا لو دعوت علیهم فقال انی لم أبعث لعانا ولکنی بعثت داعیا ورحمة اللهم اهد قومی فانهم لا یعلمون۔

(نسیم الریاض ج ۲ - ص ۱۴)

روایت کی گئی ہے کہ جنگِ احد
میں جب حضورِ اقدس ﷺ
کے دانت مبارک شہید ہو گئے اور
حضور ﷺ کا چہرہ مبارک زخمی
ہو گیا تو اس سے صحابہ رضی اللہ عنہم
کو بہت تکلیف ہوئی اور انہوں نے
عرض کیا کہ حضور (ﷺ) ان
کے لیے بد دعا فرمائیں، تو اس پر
آپ نے فرمایا کہ میں لعنت کرنے
کیلئے نہیں بھیجا گیا بلکہ میں داعی اور
رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ اے اللہ!
میری قوم کو ہدایت دے کیونکہ وہ جانتے
نہیں ہیں

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا احمد مکرم ومولانا صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار جہان سے زیادہ شیریں کلام درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن البراء بن عازب رضی اللہ عنہ قال ما سمعت احدًا احسن صوتا منہ۔

(المغنی عن حمل الاسفار للعراقی حاشیہ احیاء العلوم ج ۲ ص ۳۶۲)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی کی اچھی آواز نہیں سنی۔

عن عمرۃ رضی اللہ عنہا قالت قلت لعائشۃ کیف کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی اھلہ؟ قالت کان ألین الناس و اکرم الناس و کان ضحاکا بساما۔

(رواہ ابن عساکر۔ تاریخ ابن کثیر ج ۶ ۔ ص ۴۴)

حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں کیسے رہتے تھے؟ تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضورؐ تمام لوگوں سے نرم طبیعت تھے اور تمام لوگوں سے بزرگ تھے ہنس مکھ تھے، خنداں دندان تھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک

سیدنا احمد صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ اللہ کی صفتیں بیان کرنیوالے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

"وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّأْتِيْ مِنْ بَعْدِيْ اِسْمُهٗٓ أَحْمَدُ ط" (سورۃ الصّف ٦)

اشارہ ہے اس قول کی طرف

"اور خوشخبری سنانے والے رسول کی جو آوے گا مجھ سے پیچھے، اس رسول کا نام ہے احمدؐ"

ذكره موسىٰ عليه السلام حين قال له ربّه تلك امة احمد صلى الله عليه وسلم فقال اللّٰهم اجعلنى من امة احمد صلى الله عليه وسلم فباحمد ذكر قبل ان يذكر بمحمد صلى الله عليه وسلم لان حمده لربه كان قبل حمد الناس له فلما وجد و بعث

اس (اسم احمدؐ) کا ذکر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان مبارک پر بھی آیا ہے۔ جب اس کو اس کے ربّ نے فرمایا یہ اُمّت احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے اللہ! مجھکو حضرت احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمّت میں سے کردے تو احمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے آیا ہے کیونکہ آپؐ کا اپنے ربّ کی

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

كان محمدًا صلی اللہ علیہ وسلم بالفعل ۔

(العروض الانف ج ۱ ص ۱۸۳)

حمد بیان کرنا پہلے تھا کہ لوگ آپؐ کی تعریف کریں۔ جب آپؐ کا وجود مبارک دنیا میں ظاہر ہوا اور آپؐ مبعوث کیے گئے تو بالفعل آپؐ کا اسم گرامی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہو گیا۔

عن ابی جعفر محمّد بن علی رضی اللہ عنہ قال امرت امنة وهی حامل برسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ان تسميه احمد ۔

(الطبقات الکبریٰ ج ۱ ص ۱۰۲)

حضرت ابو جعفر محمد بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب مائی آمنہ رضی اللہ عنہا کے بطن مبارک میں تھے تو ان کو خواب میں حکم ہوا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام احمد رکھیں۔

عن ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ان النّبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اعطیت مالم یعط احد من انبیاء الله قلنا یا رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ما هو قال نصرت بالرعب و اعطیت مفاتیح الارض و سمیت احمد وجعل لی

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے وہ کچھ دیا گیا ہے جو اللہ کے پیغمبروں میں سے کسی کو نہیں دیا گیا۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) وہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا میں رعب کے ساتھ امداد کیا گیا ہوں اور مجھے زمین کی کنجیاں عنایت کی گئی ہیں اور میرا نام احمد رکھا گیا

Marfat.com

تراب الارض طهورًا
وجعلت امّتی خیر الامم۔
(اخرجہ ابن مردویۃ / الدر المنثور ج ۶ ص ۲۱۴)

عن زید بن ثابت
رضی اللہ عنہ قال کان احبار
یھود بنی قریظہ و
النضیر یذکرون
صفۃ النبّی ﷺ
فلما طلع الکوکب الاحمر
اخبروا انہ نبی
و انہ لا نبی بعدہ
واسمہ احمد ومھاجرہ
الی یثرب فلما قدم
رسول اللہ ﷺ
المدینۃ انکروا
وحسدوا وکفروا
(تاریخ ابن کثیر ج ۲ - ص ۲۶۸)

ہے اور میرے لیے زمین کو پاک
کیا گیا ہے اور میری اُمت کو تمام
اُمتوں سے بہتر بنایا گیا ہے۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ آپ نے
فرمایا کہ بنی قریظہ اور بنی نضیر کے یہودی
علماء حضورِ اقدس ﷺ
کی صفات کا ذکر کیا کرتے تھے۔
جب سُرخ تارا نمودار ہوا تو
انہوں نے اس کی طرف دیکھ
کر بتایا کہ وہ نبی ہیں اور وہ
ایسے نبی ہوں گے کہ انکے بعد کوئی
نبی نہیں ہوگا اور ان کا اسمِ گرامی
احمدؐ ہوگا اور ان کی ہجرت گاہ یثرب
ہوگی۔ جب جناب رسول اللہ ﷺ
مدینہ منورہ تشریف لائے تو
انہوں نے آپؐ کا اِنکار کیا اور حسد
اور کفر کیا۔

ربّنا تقبّل منّا انّک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا ربّ العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا احید

صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار لوگوں کو دوزخ سے دور رکھنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ
انہ صلی اللہ علیہ وسلم قال
اسمی فی القراٰن محمد
وفی الانجیل احمد وفی التوراۃ
احید وانما سمیت احید
لانی احید امتی عن نار جہنم۔

(رواہ ابن عساکر۔ نسیم الریاض ج ۲ ص ۴۰۸)

اسمہ فی التوراۃ احید بضم
ھمزۃ وفتح مھملۃ وسکون
تحتیۃ فدال مھملۃ وقیل
بفتح ھمزۃ وسکون مھملۃ
وفتح تحتیۃ قال سمیت احید
لانی احید امتی عن نار جہنم۔

(مجمع البحار ج ۱ ص ۱۶)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا میرا نام قرآن کریم میں محمد
ہے اور انجیل میں احمد ہے اور توراۃ
میں اُحید ہے۔ میرا نام اُحید اس لیے
رکھا گیا ہے کیونکہ میں اپنی اُمت کو
دوزخ کی آگ سے دور لے جاؤں گا۔

یہ اسم آپ کا توراۃ میں ہے، اُحید
پر پیش اور حا کی زیر اور یا ساکن آگے
دال اور بعض نے ہمزہ پر زبر اور حا ساکن
اور یا پر زبر کے ساتھ ضبط کیا ہے۔ حضور
اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ میرا نام
اس لیے رکھا گیا ہے کیونکہ میں لوگوں کو
دوزخ کی آگ سے دور لے جانے والا ہوں

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الآخذ بالحجزات صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار کو لہوں سے پکڑ کر دوزخ سے روکنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن جابر رضی اللہ عنہ قال

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مثلی و مثلکم کمثل رجل او قد نارًا فجعل الجنادب والفراش یقعن فیھا و ھو یذبھن عنھا و انا اٰخذ بحجزکم عن النار و انتم تفلتون من یدی ۔

(الصحیح لمسلم الجلد الثانی ص ۲۴۸)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے

روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا میری اور تمہاری مثال

اُس شخص کی سی ہے، جس نے آگ

جلائی۔ ٹِڈی اور پتنگے اس میں

گرنے لگے اور وہ ان کو روکنے

لگا اور مَیں بھی نارِ جہنّم سے

تمہارے کُولہوں کو تھامنے والا ہوں مگر

تم میرے ہاتھ سے نِکلے جاتے ہو۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا أخذ الصدقات صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار زکوٰۃ وصول کرنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله:

" خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَ تُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ط " (سورة التوبة آية ١٠٣)

اشارہ ہے اس قول کی طرف "آپ ان لوگوں کے مالوں میں سے صدقہ لیجئے جس کے ذریعہ سے آپ ان کو پاک وصاف کردینگے۔ اور ان کے لیئے دعا کیجئے۔"

عن عبد الله بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ يقول كان رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتاه الرجل بصدقة ماله صلى عليه فاتيته بصدقة مالى فقال اللهم صل على آل ابى اوفى۔

(سنن ابن ماجة ص ١٢٨)

حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی شخص اپنے مال کی زکوٰۃ لے کر حاضر ہوتا تو آپ اس کے واسطے دعائے رحمت فرمایا کرتے۔ ایک مرتبہ میں آپ کے سامنے اپنے مال کی زکوٰۃ لے کر حاضر ہوا تو آپ نے میرے واسطے یہ دعا فرمائی۔ اے اللہ رحمت بھیج ابواوفی کی آل پر۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الآخر

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سب نبیوں سے بعد میں آنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

ضد الاوّل اسم فاعل من التاخر ضد التقدم۔

عن انس رضی اللہ عنہ فی قصۃ الاسراء ثم لقی خلقاً من خلق اللہ تعالیٰ فقالوا السلام علیک یا اوّل۔ السلام علیک یا اٰخر۔ السلام علیہ یا حاشر۔ فقال لہ جبریل اردد السلام یا محمّد۔

(رواہ البیھقی)

(سبل الھدیٰ ج ۱۔ ص ۵۳۹)

(رواہ ابن جریر۔ تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۵)

اوّل کے مخالف تاخّر سے اسم فاعل جو تقدم کی ضد ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے معراج کے واقعہ میں روایت ہے کہ پھر آپؐ کی ملاقات اللہ کی مخلوق میں سے ایک مخلوق کے ساتھ ہوئی انہوں نے کہا تجھ پر سلام ہو اے سب سے پہلے، تجھ پر سلام ہو اے سب بعد میں آنے والے۔ تجھ پر سلام ہو اے حشر برپا کرنے والے! تو حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے محمّد صلی اللہ علیہ وسلم! ان کے سلام کا جواب دیجئے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

عن عبد الله بن ابراهیمؒ قال اشهد انی سمعت ابا هریرةؓ یقول قال رسول الله ﷺ فانی اٰخر الانبیاء و انه اخر المساجد -

(سنن النسائی ج ۱ ص ۷۲)

عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ لما خلق الله تعالیٰ اٰدم خبره ببنیه فجعل یری فضائل بعضهم علی بعض فرأی نوراً ساطعاً فی اسفلهم فقال یارب من هذا ؟ قال هذا نبیك احمد وهو اوّل وهو اٰخر -

(رواه سعید بن منصور وابن المنذر وابن ابی حاتم والبیهقی و ابن عساکر - سبل الهدیٰ ج ۱ - ص ۹۱)

حضرت عبداللہ بن ابراہیم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سُنا ہے کہتے تھے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ میں نبیوں میں سے آخری نبی ہوں اور میری مسجد تمام مسجدوں سے آخری مسجد ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو انہیں ان کی اولاد کے متعلق خبر دی۔ پھر انھوں نے ایک دوسرے پر ان کی فضیلتیں دیکھیں۔ حضرت آدم علیہ السلام نے نیچے ایک نُور دیکھا تو عرض کیا کہ اے میرے پروردگار یہ کون ہیں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ تمہارے نبی احمد ﷺ ہیں۔ وجُود میں سب سے پہلے ہیں اور وُرود میں سب کے بعد ہیں۔

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یارب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک ومدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا آخرنا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار آخری نبی درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

هو اسمه فى الانجيل
معناه اخر الانبياء
روى ابن ابى شيبة
عن مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ
عن كعب اوّل من
ياخذ حلقة باب الجنة
فيفتح له محمّد
صلی اللہ علیہ وسلم ثم قرأ
اٰية من التوراة اخرايا
قدما يا الاولون والاخرون.

(شرح المواهب اللدنية للزرقانى
ج ۳ - ص ۱۲۰)

یہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا
اسم گرامی انجیل میں ہے جس کا معنیٰ
آخری نبی ہے مصنّف ابن ابی شیبہ رح
میں حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے، وہ کعب احبار
سے بیان کرتے ہیں کہ پہلا شخص
جو بہشت کے کنڈے کو تھامے گا،
اور بہشت کا دروازہ اس کے لیے
کھول دیا جائے گا وہ حضرت محمد
صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ پھر انہوں نے توراۃ
کی آیت پڑھی کہ وہ آخری نبیؐ جو
پہلے اور پچھلوں کے سردار ہیں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی اٰلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اخرم رضی اللہ عنہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار درست اسلام والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عزاہ «ع» لصحف شیث علیہ السلام قال ومعناہ صحیح الإسلام۔

(سبل الہدیٰ ج ۱-ص ۵۲۴)

حضرت عزفی رحمۃ اللہ علیہ نے اسکی نسبت حضرت شیث علیہ السلام کے صحیفوں کی طرف کی ہے اور کہا ہے کہ اسکا معنے درست اسلام والے ہے۔

ان لی امورًا کثیرۃً ایضاً لأقول لکم ولکن لا تستطیعون ان تحتملوا الآن واما متی جآء ذالک روح الحق فھو یرشدکم الی جمیع الحق لانہ لا یتکلم من نفسہ بل کل

مجھے تم سے اور بھی بہت سی باتیں کہنی ہیں مگر اب تم ان کو برداشت نہیں کر سکتے لیکن جب وہ، یعنی سچائی کی روح آئے گا تو تم کو تمام سچائی کی راہ دکھائے گا اس لیے کہ وہ اپنی طرف سے نہ کہے گا لیکن جو کچھ سنے گا وہی کہے گا اور تمہیں آئندہ کی خبریں دیگا، وہ میرا جلال ظاہر کرے گا اس لیے کہ مجھ ہی سے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

ما یسمع یتکلم به و یخبرکم بامور اتیة. ذاك یمجدنی لانه یأخذ مالی ویخبرکم کل ما للآب هولی. لهذا قلت انه یأخذ مما لی و یخبرکم بعد قلیل لا تبصروننی ثم بعد قلیل ایضاً ترونني لانی ذاهب إلی الآب۔

(انجیل یوحنا باب ١٦ آیة ١٢ تا ١٦ ص ١٧٨)

حاصل کرکے تمھیں خبریں دے گا۔ جو کچھ باپ کا ہے وہ سب میرا ہے، اس لیے میں نے کہا کہ وہ مجھ ہی سے حاصل کرتا ہے اور تمھیں خبریں دے گا تھوڑی دیر میں تم مجھے نہ دیکھو گے اور پھر تھوڑی دیر میں مجھے دیکھ لو گے کیونکہ اب میں باپ کی طرف جانے والا ہوں۔

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاخشی للہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار اللہ سے زیادہ ڈرنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن عائشة رضی اللہ عنہا ان رجلا جاء إلى النبی صلی اللہ علیہ وسلم یستفتیه وهی تسمع من وراء الباب فقال یا رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم تدرکنی الصلوٰة و انا جنب فاصوم فقال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم و انا تدرکنی الصلوٰة و انا جنب فاصوم فقال لست مثلنا یا رسول الله (صلی اللہ علیہ وسلم) قد غفر الله لک

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک شخص حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ دریافت کرنے کے لیے آیا اور آپ دروازہ کے پیچھے سے سُن رہی تھیں۔ اس نے عرض کیا، یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ! مجھے نماز کا وقت آجاتا ہے اور میں جنبی ہوتا ہوں تو کیا میں روزہ رکھوں؟ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے بھی جنابت کی حالت میں نماز کا وقت آجاتا ہے اور میں روزہ رکھتا ہوں۔ اُس نے عرض کیا، یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ! آپؐ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

ما تقدم من ذنبك وما تاخر فقال والله انی لارجو ان اکون اخشاکم لله و اعلمکم بما اتقی۔

الصحیح لمسلم الجلد الاول
ص ۳۵۴

ہم جیسے نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی سب اگلی اور پچھلی لغزشیں معاف کردیں۔ آپؐ نے فرمایا بخدا مجھے اُمید ہے کہ میں تم سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں تم سب سے زیادہ ان چیزوں کا جاننے والا ہوں جن سے بچنا ضروری ہے۔

عن انس بن مالك رضی اللہ عنہ قال جاء ثلثة رهط إلى بيوت ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم يسألون عن عبادة النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلما اخبروا كانهم تقالوها فقالوا اين نحن من النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد غفرله ما تقدم من ذنبه وما تاخر فقال احدهم امّا انا فانی اصلی الليل ابدا و قال آخر انا اصوم الدهر ولا افطر و قال

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تین آدمیوں کی ایک جماعت حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات رضؓ کے ہاں آئی اور اُن سے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کے متعلق دریافت کیا۔ جب ان کو معلوم ہوا تو گویا اُنہوں نے اِس بندگی کو تھوڑا خیال کیا اور کہنے لگے کہ کہاں ہم اور کہاں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپؐ کے تو اللہ تعالےٰ نے اگلے پچھلے گناہ معاف کردیے ہیں۔ ان میں سے ایک بولا میں تو ہمیشہ ساری ساری رات نماز (نفل) پڑھتا رہوں گا۔ دوسرا بولا کہ میں ہمیشہ روزے رکھوں گا اور کبھی روزہ

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امين امين امين يارب العلمين ط

Marfat.com

اخر و انا اعتزل النساء فلا اتزوج ابدا فجاء النبی ﷺ الیهم فقال انتم الّذین قلتم کذا و کذا اما واللّٰه انی لاخشاکم للّٰه و اتقاکم له لکنی اصوم و افطر و اصلی و ارقد و اتزوج النساء فمن رغب عن سنتی فلیس منّی۔

(صحیح البخاری، کتاب النکاح ج ۲۔ ص ۷۵۵)

نہ چھوڑوں گا۔ تیسرے نے کہا کہ مَیں تو عورتوں سے کنارہ کش رہوں گا۔ کبھی نکاح نہ کروں گا۔ اِتنے میں حضورِ اقدس ﷺ بھی تشریف لے آئے۔ آپؐ نے فرمایا تُم ہی وہ لوگ ہو جنہوں نے ایسی ایسی باتیں کی ہیں۔ خبردار اللّٰہ کی قسم، مَیں تم سے زیادہ اللّٰہ سے ڈرتا ہوں اور تم سے زیادہ پرہیزگار ہوں۔ پھر مَیں روزہ بھی رکھتا ہوں اور چھوڑتا بھی ہوں اور رات کے نوافل بھی ادا کرتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور مَیں عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں (کان کھول کر سُن لو) جو میری سُنّت سے بے رغبتی کرے گا، وہ میری اُمت سے نہیں ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الادعج صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — سیاہ چشم والے — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

قالت ام معبد رضی اللہ عنہا فی صفتہ صلی اللہ علیہ وسلم فی عینیہ دعج۔

(المستدرک للحاکم ص ۹)

عن علی کرم اللہ وجہہ انہ کان اذا نعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال... ادعج العینین۔

روی عن الکسائی والاصمعی وابی عمرو" والادعج ھو شدید سواد الحدقۃ "

(تاریخ ابن کثیر ج ٦ ص ٢٩)

اَدْعَجُ (مدارج النبوۃ ص ١)

حضرت اُمّ معبد رضی اللہ عنہا نے جو وصف حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیان کیا ہے، اس میں وُہ بیان کرتی ہیں کہ آپؐ کی آنکھوں میں سیاہی تھی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ جب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفت بیان کرتے تو فرماتے کہ آپؐ سیاہ آنکھوں والے تھے۔ لغت کے امام کسائی، اصمعی اور ابو عمرو رحمہم اللہ سے اس کا معنیٰ یوں منقول ہے کہ یہ لفظ آنکھوں کی پُتلی کی سخت سیاہی پر بولا جاتا ہے۔

نیک، سیاہ چشم۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد وخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا آدم صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار عمل پر ہمیشگی کرنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن عائشة رضی اللہ عنہا
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال سددوا و قاربوا
واعلموا ان لن یدخل
احدکم عملہ الجنۃ
و ان احب الاعمال
ادومھا إلی اللہ
و ان قل۔

(صحیح البخاری ج ۲ ص ۹۵۷)

عن علقمة رضی اللہ عنہ
قال سالت أم المؤمنین
عائشة رضی اللہ عنہا قلت ، یا
أم المؤمنین کیف کان
عمل النبی صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا
سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سچائی کا قصد
کرو، اللہ تعالیٰ سے قربت حاصل
کرو اور خوب جان لو کہ تمہارے
عمل تمہیں جنت میں داخل نہ کرینگے
اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک پیارا عمل
وُہ ہے جو ہمیشہ کیا جائے، اگرچہ
وُہ تھوڑا ہی ہو۔

حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ نے کہا
کہ مَیں نے اُمّ المومنین حضرت عائشہ
رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ اے اُمّ المومنین!
"حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے
اعمال وعبادات کا کیا طریقہ تھا؟"

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

هل كان يخص شيئًا من الايام قالت لا كان عملة ديمة و ايكم يستطيع ما كان النبى صلى الله عليه وسلم يستطيع۔

(صحیح البخاری ج ۲ ص ۹۵۷)

عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت كان عمل رسول الله صلى الله عليه وسلم ديمة ۔

نسیم الریاض ج ۲ ص ۱۴۰

عن مسروق رضی اللہ عنہ قال سالت عائشة رضی اللہ عنہا اى العمل كان احب الى النبى صلى الله عليه وسلم قالت الدائم قلت فاىّ حين كان يقوم قالت يقوم اذا سمع الصّارخ ۔

(صحیح البخاری ج ۲ - ص ۹۵۷)

ایّادنوں میں سے کوئی خاص دن عبادت کیلئے مقرر فرماتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا نہیں، آپؐ کے اعمال دوامی ہوتے تھے اور جو کام حضورِ اقدس ﷺ کر سکتے تھے، تم میں سے کون کر سکتا ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ کا عمل ہمیشگی کا تھا۔

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مَیں نے پوچھا کہ حضورِ اقدس ﷺ کو کون سا عمل پسند تھا، جواب دیا کہ دوامی عمل اور پھر پوچھا تہجّد کے لیے کس وقت اٹھا کرتے تھے۔ انہوں نے جواب دیا کہ صارخ (مُرغے) کی آواز سُن کر۔

ربّنا تقبّل منّا انّك انت السّميع العليم
امين امين امين يا ربّ العلمين ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی اٰلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقتک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اذن خیر

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سننے والے بھلائی کے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

اشارة الی قولہ:

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ

(توبہ-٦١)

اشارہ ہے اس قول کی طرف:

"اور بعضے ان میں سے وہ ہیں جو ایذا دیتے ہیں نبیؐ کو اور کہتے ہیں کہ آپؐ ہر بات کان دے کر سن لیتے ہیں۔ آپؐ فرما دیجیے کہ وہ نبی کان دے کر تو وہی بات سنتے ہیں جو تمہارے حق میں خیر ہے کہ وہ اللہ پر ایمان لائے ہیں اور مومنین پر یقین کرتے ہیں اور آپؐ ان لوگوں کے حال پر مہربانی فرماتے ہیں جو تم میں ایمان کا اظہار کرتے ہیں"۔

منافقین کہتے ہیں کہ وہ (پیغمبرؐ) ہر ایک کی بات سننے والا شخص ہے کہ اسے جو کچھ کوئی کہے سن لیتا ہے۔ اے محمدؐ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)! ان کو کہہ دیجیے ان کا سننا

می گویند او مردے سخن شنو
است کہ ہر چہ باو میگویند استماع
میکند قل بگو اے محمد ﷺ ایشان را
اذن خیر است مر شما را یعنے او

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
امین امین امین یا رب العلمین ط

اذن است نہ بروجہے کہ شما
از روے مذمت میگوئید بلکہ
شنوندہ و قبول کنندہ نیکو است

(تفسیر حسینی ص ۲۲۷)

تمہارے لیے بہتر ہے یعنی آپؐ اچھی
طرح سننے والے ہیں۔ اِس وجہ سے نہیں
کہ تم ان کی برائی کرو بلکہ آپؐ سننے والے
ہیں ہر بات کو اور قبول کرنے والے نیک بات کو۔

قال القاضی ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ فی کتابہ "احکام القرآن جلد ۲ ص ۱۷۱ :

و اما اذن خیر فھو بما اعطاہ اللہ من فضلہ الا دراک لقیل الاصوات لا یعی من ذلک الا خیرًا ولا یسمع الا احسنہ

قاضی ابوبکر ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مایۂ ناز کتاب احکام القرآن جلد ۲ صفحہ ۱۷۱ میں فرماتے ہیں :
وہ اللہ کے فضل وکرم سے اِس بات کا ادراک رکھتے ہیں۔ کم باتوں میں سے اس بات کو یاد رکھتے ہیں جو بھلی ہو اور سُنتے بھی اچھی بات کو ہیں۔

قال العزفی رحمۃ اللہ علیہ

و أما اسمہ صلی اللہ علیہ وسلم (أذنُ خیر) فھو مما اعطاہ من فضیلۃ الإدراک لبیان الأصوات فلا یبقی من ذلک خیر ولا یسمع من القول إلا أحسنہ۔

(سبل الھدیٰ ج۱۔ ص ۵۲۶)

عزفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی (اذن خیر) اِس لیے ہے کہ آپؐ کو اللہ تعالیٰ نے یہ فضیلت بخشی کہ آپؐ آواز سے لوگوں کو پہچان لیتے تھے۔ ان باتوں میں سے بہتر بات باقی رہتی تھی اور سوائے احسن بات کے کوئی نہ سنی جاتی تھی۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

فوزنته ثم قال فزنه بعشرة فوزنت بهم فرجحتهم ثم قال زنه بمائة فوزنت بهم فرجحتهم ثم قال زنه بالف فوزنت بهم فرجحتهم كاني انظر اليهم يسقطون علىّ من خفة الميزان قال فقال احدهما لصاحبه لو وزنته بامته لرجحها۔

(سنن الدارمی
الجزء الاول ص۱۷ شمار۱۴)

آدمی کے ساتھ تولا گیا تو مَیں اُس سے بھاری نکلا، پھر اس نے کہا ان کو دس آدمیوں کے ساتھ تولو، مَیں دس آدمیوں کے ساتھ تولا گیا تو مَیں اُن سے بھی بھاری نکلا۔ پھر اس فرشتے نے کہا ان کو سو آدمیوں سے وزن کرو۔ مجھے تولا گیا تو مَیں ان سے بھی بھاری نکلا۔ پھر اس نے کہا کہ ان کو ایک ہزار آدمیوں کے ساتھ تولو۔ مجھے ان سے تولا گیا تو مَیں ان سے بھی بھاری نکلا۔ مَیں نے ان کو نیچے دیکھا ایسے معلوم ہوتا تھا کہ وہ اس پلڑے سے مجھ پر گر رہے ہیں گویا ان کی ترازو ہلکی ہے آپؐ نے فرمایا کہ ان دونوں (فرشتوں) میں سے ایک نے کہا کہ اگر تمام جہان کو ایک پلڑے میں رکھا جائے اور آپؐ کو دوسرے میں تو آپؐ ان سے وزنی نکلیں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا آدم علیہ السلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تمام جہان سے زیادہ عقلمند درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

قال اللہ تعالیٰ : وَعَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا۔ (نساء ۱۱۳)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اور تجھے اللہ نے وہ علم عطا کیا جو تو نہیں جانتا تھا اور تجھ پر اللہ کا فضل عظیم ہے۔

حارت العقول فی تقدیر فضلہ علیہ۔ (نسیم الریاض ص۲)

آپؐ کے علم کے سامنے عقلیں حیرت زدہ ہیں۔

عن وھب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ قال قرأت فی احد وسبعین کتابًا فوجدت فی جمیعھا ان اللہ لم یعط جمیع الناس من بدء الدنیا الی انقضاءھا من العقل فی جنب عقل محمد ﷺ الا کحبۃ رمل من بین جمیع رمال الدنیا و

حضرت وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ میں نے اکہتر کتابوں میں پڑھا ہے، ان میں لکھا پایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب سے دنیا پیدا کی ہے، اس کے ختم ہونے تک جو عقل دنیا کو دی ہے اور جو عقل حضرت محمد ﷺ کو عطا کی گئی ہے ایسے ہی ہے جیسے دنیا کی عقل (حضورؐ کے مقابلہ میں)

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

ان محمدًا صلی اللہ علیہ وسلم ارجح الناس عقلاً۔

(رواہ ابونعیم۔ شرح المواہب اللدنیۃ ج ۳ ص ۱۲۰)

وقال زهير بن صرد رضی اللہ عنہ يمدحه صلی اللہ علیہ وسلم

وزاده شرفا و فضلا

" إن لم تداركهم
نعماء تنشرها
يا أرجح الناس
حلما حين يختبر "

(سبل الهدیٰ ج ۱ ص ۵۲۶)

تمام ریت کے ذرات میں سے ریت کا ایک ذرہ، اور حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے زیادہ عقل مند ہیں۔

حضرت زہیر بن صرد رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح بیان فرماتے ہیں:۔

"اگر ان پر نعمتوں کی بارش نہ ہوتی تو وہ پریشان حال ہو جاتے اے امتحان کے وقت بردباری میں سب سے بڑھ کر۔"

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امین امین امین یارب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ارحم الناس صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ رحیم درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن علی رضی اللہ عنہ
فی صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم
کان ارحم الناس
بالناس وقال رویناہ
فی الجزء الاول من
فوائد ابی الدحداح۔
(المغنی للعراقی ج ۲ ص ۳۶۳)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا وصف بیان کرتے ہیں کہ آپ تمام لوگوں میں لوگوں کے ساتھ زیادہ رحم کرنے والے تھے اور کہا اس کو روایت کیا ہم نے فوائد ابی الدحداح جلد اوّل میں۔

عن صفیۃ بنت
عبد المطلب رضی اللہ عنہا ،
رحمۃ کان للبریۃ طرًا
فھدی من اطاعہ للسداد
(طبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۔ ص ۳۳۰)

حضرت صفیہ بنت عبد المطلب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:
آپ کل جہان کے لیے رحمت تھے۔ جس نے آپ کی تابعداری کی، اس کو سیدھا راہ دکھایا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ارحم الناس بالعیال صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار اپنے اہل و عیال کیساتھ زیادہ رحم کرنیوالے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس رضی اللہ عنہ قال ما رأیت احداً کان ارحم بالعیال من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال کان ابراھیم مسترضعاً لہ فی عوالی المدینۃ فکان ینطلق و نحن معہ فیدخل البیت و انہ لیدخن و کان ظئرہ قیناً فیاخذہ فیقبلہ ثم یرجع قال عمرو فلما توفی ابراھیم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر اپنے اہل و عیال سے پیار کرنیوالا کوئی نہیں دیکھا۔ آپ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ عوالی مدینہ میں دودھ پیتے تھے اور آپ وہاں تشریف لے جایا کرتے تھے اور ہم بھی آپ کے ساتھ ہوتے تھے اور انا کے گھر بھی تشریف لے جاتے اور وہاں دھواں ہوتا کیونکہ اس کا خاوند لوہار تھا۔ چنانچہ آپ بچہ کو لیتے اور پیار کرتے پھر لوٹ آتے۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

ان ابراهيم ابنى و انه مات فى الثدى و ان له لظئرين تكملان رضاعه فى الجنّة۔

(الصحیح لمسلم ج ۲۔ ص ۲۵۴)

کا انتقال ہوگیا تو حضور اقدس ﷺ نے فرمایا ابراہیم میرا بیٹا ہے۔ وہ حالتِ رضاعت ہی میں انتقال کر گیا۔ اب اسے دو انائیں ملی ہیں جو جنت میں مدتِ رضاعت تک اسے دودھ پلائیں گی۔

عن عروة رضی اللہ عنہ قال سأل رجل عائشة رضی اللہ عنہا هل كان رسول الله ﷺ يعمل فى بيته قالت نعم كان يخصف نعله و يخيط ثوبه كما يعمل احدكم فى بيته۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶۔ ص ۴۴)

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کسی آدمی نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ کیا حضورِ اقدس ﷺ اپنے گھر میں کچھ کام کیا کرتے تھے؟ تو انہوں نے فرمایا ہاں حضور اقدس ﷺ اپنا پاپوش مبارک خود گانٹھ لیا کرتے تھے اور اپنا کپڑا خود سی لیا کرتے تھے جیسے تمہارا ایک اپنے گھر میں کام کرتا ہے۔

عن انس رضی اللہ عنہ ان رسول الله ﷺ مرّ على صبيان يلعبون فسلم عليهم۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۴۶)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضور اقدس ﷺ بچوں کے پاس سے گزرتے جو کھیل رہے ہوتے تو آپؐ ان کو السلام علیکم فرماتے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد دخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ارمی بن ارمی صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ تیر انداز درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابن عمر رضی اللہ عنہما
ما رایت انجد ولا اجود
ولا اشجع ولا ارمی
من رسول اللہ ﷺ

(احیاء العلوم ج ۲۔ ص ۳۸۰)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے
روایت ہے کہ میں نے حضورِ اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم جیسا خاندانی اور سخی
اور بہادر اور تیر انداز نہیں دیکھا۔

عن عقبۃ بن عامر رضی اللہ عنہ یقول سمعت رسول اللہ ﷺ وھو علی المنبر یقول " وَاَعِدُّوْا لَھُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّۃٍ الا ان القوۃ الرمی الا ان القوۃ الرمی الا ان القوۃ الرمی

(الصحیح لمسلم ج ۲۔ ص ۱۴۳)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ میں نے حضورِ اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ منبر پر
یہ آیت پڑھتے تھے اور فرماتے تھے:
" وَاَعِدُّوْا لَھُمْ مَّا
اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّۃٍ "
خبردار! قوت سے مراد تیر اندازی
ہے، قوت سے مراد نشانہ باندھنا
ہے، قوت سے مراد تیر اندازی ہے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

عن عبد الرحمٰن بن شماسة ان فُقَيماً اللّخمي قال لعقبة بن عامر تختلف بين هٰذين الغرضين و انت كبيرٌ يشق عليك قال عقبة لو لا كلامٌ سمعتهٗ من رسول الله ﷺ لم اعانيه قال الحارث فقلت لابن شماسة وما ذاك قال انه قال من علم الرمي ثم تركه فليس منا او قد عصٰى۔

(الصحیح لمسلم ج ۲ - ص ۱۴۳)

عن عقبة بن عامر رض قال سمعت رسول الله ﷺ يقول ستفتح عليكم ارضون ويكفيكم الله فلا يعجز احدكم ان يلهو بسهمه۔ (الصحیح لمسلم ج ۲ ص ۱۴۳)

حضرت عبدالرحمٰن بن شماسہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت فقیم لخمی رضی اللہ عنہ نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ ان دونوں نشانوں میں آجاتے ہیں، بوڑھے ضعیف ہو کر آپ پر مشکل ہوتا ہوگا۔ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے کہا اگر میں نے حضورِ اقدس ﷺ سے ایک بات نہ سُنی ہوتی تو میں یہ مشقت نہ اُٹھاتا۔ حضرت حارثؒ کہتے ہیں کہ میں نے ابن شماسہ رضی اللہ عنہ سے کہا وہ کیا بات تھی؟ انہوں نے کہا کہ آپؐ نے فرمایا جو کوئی تیر مارنا سیکھے، پھر اسے چھوڑ دے، وہ ہم میں سے نہیں یا اس نے نافرمانی کی۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم ﷺ سے سُنا، آپؐ فرما رہے تھے کہ عنقریب تمہارے ہاتھوں پر کئی ملک فتح ہونگے اور اللہ تمہارے لیے کفایت فرمائیگا لہٰذا کوئی تم میں سے اپنے تیر کا کھیل یعنی نشانہ کی مشق نہ چھوڑے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا أروع مضر صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار بنی مضر کی بارعب شخصیت درود وسلام بھیجے الٰہ آپ پر

قالت صفیۃ بنت عبد المطلب رضی اللہ عنہا

کریم الخیم اروع مضر حی طویل الباع منتجب نجیب

(طبقات الکبری لابن سعد ج ۲ ص ۳۲۹)

مضر بضم المیم وفتح الضاد المعجمۃ ... لقب بذلک لانہ کان یضیر قلب من راہ لحسنہ وجمالہ۔

(سبل الھدی والرشاد جلد ۱ ص ۳۴۲)

عن عبد اللہ بن خالد رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تسبوا مضر فانہ کان قد اسلم۔

(طبقات الکبری لابن سعد ج ۱ ص ۵۸)

حضرت صفیہ بنت عبد المطلب رضی اللہ عنہا نے فرمایا "گھرانے والے مضر قبیلے کے بارعب اونچی شان والے پسندیدہ منتخب۔

مضر "م" کا ضمہ اور ض نقطہ والے کی فتح۔ یہ لقب اس کا اس بنا پر پڑا کہ جوان کو دیکھتا دل پکڑ کر بیٹھ جاتا کیونکہ آپ کا حسن وجمال بہت اونچا تھا۔

حضرت عبد اللہ بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مضر کو گالی نہ دو کیونکہ وہ مسلمان ہو گیا تھا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الازہر

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار کمان دار ابرو والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پے

المقوس الحاجب۔

(شرح المواہب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۳)

عن الحسن بن علی عن خالہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واسع الجبین ازج الحواجب سوابغ فی غیر قرن۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۷)

قولہ : ازج الحاجبین سوابغ الزج فی الحواجب ان یکون فیھا تقوس مع طول فی اطرافھا وھو السبوغ فیھا

زج باریکی و دراز ابرد و ازج نعت منہ۔

(صحاح - ج ۱ - ص ۱۴۸)

کمان دار ابرو والے

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ اپنے ماموں ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فراخ پیشانی والے تھے دراز اور باریک لوپری ابرو والے جو نہ ملی ہوئی تھیں۔

زج فی الحواجب سے مراد یہ ہے کہ ابرو طویل اور کمان دار ہوں اور پوری ہوں۔

(دلائل النبوۃ ج ۳ ص ۲۲۹)

زج کا معنیٰ ابرو کا باریک اور لمبی ہونا ہے اور ازج صفت کے طور پر بیان ہوا ہے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الأزکی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بہت پاکیزہ درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

الازکی بالزای من الطھارۃ ای اطھر العالمین۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للقسطلانی ج ۳ ص ۱۲۳)

الازکی 'ز' کے ساتھ طہارت سے ہے یعنی آپؐ تمام جہانوں سے پاکیزہ تھے۔

و إشارۃ الی قولہ :

" ھُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْھُمْ یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِہٖ وَ یُزَکِّیْھِمْ وَ یُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَ الْحِکْمَۃَ ۗ وَ اِنْ کَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۙ "

(سورۃ الجمعۃ ۲)

اس قول کی طرف اشارہ ہے :

" وہی ہے جس نے ناخواندہ لوگوں میں انہی میں سے ایک پیغمبر کو بھیجا جو ان کو اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں اور ان کو پاک کرتے ہیں اور ان کو کتاب اور دانشمندی سکھلاتے ہیں اور یہ لوگ پہلے سے کھلی گمراہی میں تھے۔

و ورد لفظ ازکی فی القرآن بمعنی صفۃ کما قال تعالیٰ :

اور لفظ ازکی کا ذکر صفات کے طور پہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا :

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

۱: ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○

(البقرة ۲۳۲)

"تمہارے لیے زیادہ صفائی اور زیادہ پاکی کی بات ہے اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے۔"

۲: وَ اِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ط

(النور ۲۸)

"اور اگر تمھیں کہا جائے کہ واپس جاؤ تو واپس ہو جاؤ، یہ تمھارے لیے زیادہ پاکیزہ ہے۔"

۳: خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ط

(التوبة ۱۰۳)

(اے محبوبؐ!) ان کے مالوں میں سے صدقہ لے لیجئے جس کے ذریعہ سے آپؐ ان کو پاک صاف کر دیں گے اور ان کے لیے دعا کیجئے۔

۴: كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ۔

(البقرة ۱۵۱)

جیسا ہم نے تم میں بھیجا ایک رسول تم میں سے کہ تم پر ہماری آیتیں تلاوت فرماتا ہے اور تمھیں پاک کرتا ہے۔

۵: رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ط

(البقرة ۱۲۹)

اے ہمارے پروردگار! اور اس جماعت کے اندر انہی میں کا ایک ایسا نبی بھی مقرر کیجئے جو ان لوگوں کو آپؐ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سنایا کرے اور انکو (آسمانی) کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیا کرے اور ان کو پاک کر دے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد دخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الأزہر

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سفید رنگ والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس رضی اللہ عنہ قال
کان رسول اللہ ﷺ
ازہر اللون کان عرقہ
اللؤلؤ اذا مشی تکفأ
ولا مست دیباجۃ ولا
حریرۃ الین من کف
رسول اللہ ﷺ
ولا شممت مسکۃ ولا
عنبرۃ اطیب من رائحۃ
رسول اللہ ﷺ

(الصحیح لمسلم ج ۲ - ص ۲۵۷)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ
کا رنگ مبارک سفید چمکتا ہوا تھا اور
آپ کا پسینہ مبارک موتی کی طرح
چمکتا ہوا تھا اور جب آپ چلتے تو
آگے جھکتے ہوئے زور ڈال کر چلتے اور
میں نے دیباج اور حریر بھی اتنا نرم
نہیں پایا جتنی کہ جناب رسول اللہ
ﷺ کی ہتھیلی مبارک تھی،
اور مشک و عنبر میں وہ خوشبو نہیں جو
حضور اقدس ﷺ کے جسم اطہر
میں تھی۔

عن عبد اللہ بن مسعود
رضی اللہ عنہما قال ان اول شیٔ

حضرت عبد اللہ بن مسعود
رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ سب سے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

علمته من رسول الله صلى الله عليه وسلم قدمت مكة فى عمومة لى فارشدونا الى العباس بن عبدالمطّلب فانتهينا اليه وهو جالس الى زمزم فجلسنا اليه فبينا نحن عنده اذ أقبل رجل من باب الصّفا ابيض تعلوه حمرة له وفرة جعدة الى انصاف اذنيه اقنى الأنف براق الثنايا ادعج العينين كث اللحية دقيق المسربة شثن الكفّين و القدمين عليه ثوبان ابيضان كانه القمر ليلة البدر ۔

(رواه الحافظ ابی نعیم الاصبهانی ۔
تاریخ ابن کثیر ج ۶۔ ص ۱۸)

پہلی چیز جو میں نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں دیکھی وہ یہ تھی کہ میں اپنے چچا کیساتھ مکہ مکرمہ آیا انہوں نے مجھے حضرت عباس بن عبدالمطّلب رضی اللہ عنہ کا پتہ بتایا، ہم وہاں پہنچے تو وہ چاہِ زمزم کے پاس بیٹھے تھے، ہم بھی وہاں بیٹھ گئے۔ ہم وہاں بیٹھے تھے کہ اچانک ایک شخص بابِ صفا سے نمودار ہوا جس کا رنگ سفید تھا جس پر سُرخی غالب تھی۔ ان کے بال پیچدار تھے جو کانوں کی لَو تک تھے، باریک اور اونچا ناک، چمکدار دانت، سیاہ آنکھیں، گھنی داڑھی، سینے پر بالوں کی لمبی لکیر تھی۔ ہتھیلیاں بھاری اور پاؤں بھی بھاری بھرکم تھے۔ آپؐ پر دو سفید کپڑے تھے گویا کہ آپؐ چودھویں رات کے چاند ہیں۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ابراہیم بن ادھم رضی اللہ عنہ

ہمارے سردار لوگوں میں سب سے زیادہ زہد والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

ان محمداً صلی اللہ علیہ وسلم ازھد الانبیاء فما رفعت مائدیۃ قط وعلیھا طعام ولا شبع من خبز بر ثلاث لیال متوالیات وکان یربط الحجر علی بطنہ لباسہ الصوف وفراشہ اھاب شاۃ ووسادتہ من ادم حشو ھا لیف یاتی علیہ الشھران والثلاثۃ لا یوقد فی بیتہ نار المصباح توفی ودرعہ مرھونۃ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء علیہم السلام سے زیادہ تارک الدنیا تھے کبھی آپؐ کے لیے دسترخوان نہ بچھایا گیا جس پر کھانا لگایا گیا ہو اور کبھی آپؐ نے گندم کی روٹی سیر ہو کر متواتر تین دن تک نہ کھائی اور آپؐ تو اپنے پیٹ مبارک پر پتھر باندھا کرتے تھے اور آپؐ کا تمام لباس اُون کا ہوتا تھا اور آپؐ کا بستر بکری کی کھال اور آپؐ کا تکیہ چمڑے کا تھا، جس میں کھجور کی بھوس بھری ہوئی تھی آپؐ پر ایک ماہ، کبھی دو بلکہ تین ماہ بھی ایسے آتے کہ آپؐ کے گھر چولہے کے نیچے آگ نہ جلائی جاتی تھی

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

لم یترك صفراء و لا بیضاء ۔

(دلائل النبوۃ لابی نعیم الاصفہانی ج ۳ - ص ۲۲۶)

کہ چراغ بھی نہ روشن کیا جاتا اور آپ کا ایسی حالت میں وصال ہوا کہ آپ کی زرع رہن رکھی گئی تھی اور جاتی دفعہ آپ نے اپنے پیچھے نہ سونا چھوڑا اور نہ چاندی۔

عن انس رضی اللہ عنہ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یدخر شیئًا لغدٍ ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کل کے لیے کوئی چیز ذخیرہ نہ کرتے تھے۔

(جامع الترمذی ج ۲ ص ۵۹)

عن موسیٰ یعنی ابن علی رضی اللہ عنہ عن ابیہ قال سمعت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ یقول ما ابعد هدیکم من هدی نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم اما هو فکان ازهد الناس فی الدنیا و انتم ارغب الناس فیها ۔

حضرت موسیٰ اپنے باپ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فاتح مصر سے سنا، فرماتے تھے تمہارے طور طریقہ میں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طور طریقہ میں کتنا بُعد ہے۔ آپ تو تمام لوگوں سے زاہد تھے اور تم تمام لوگوں سے زیادہ دنیا کی رغبت کرنے والے ہو۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۲۰۳)

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاسد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار کمال استقامت والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

الاسد بفتح الھمزۃ والسین و شد الدال المھملتین من السداد وھو الاستقامۃ۔

(شرح المواھب اللدنیۃ ج ۳ - ص ۱۲۳)

الاسد، ہمزہ کی زبر اور س کی بھی زبر کے ساتھ اور دال کی شد کے ساتھ معنیٰ استقامت۔

اشارۃ الی قولہ:

" فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ "

(سورۃ ھود ۱۱۲)

اشارہ ہے اس قول کی طرف "تو آپ، جس طرح آپ کو حکم ہوا مستقیم رہیے۔"

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لن ینجی احدًا منکم عملہ قالوا ولا انت یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! قال ولا انا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے کسی کے عمل نجات نہ دیں گے۔ لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے بھی نہیں؟ فرمایا ہاں، نہ میرے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com

الا ان یتغمدنی اللہ برحمۃ سددوا و قاربوا و اغدوا و روحوا وشیء من الدلجۃ والقصد القصد تبلغوا

(صحیح البخاری ج ۲-ص ۹۵۷)

عمل نجات دیں گے مگر یہ کہ اللہ مجھ پر رحم کرے اور فرمایا استقامت سے عمل کرو اور اللہ سے قربت حاصل کرو اور صبح و شام اور پچھلی رات میں عبادت کرو اور اِستقامت سے عمل کرنا تمھیں منزلِ مقصود تک پہنچا دے گا۔

عن یعقوب بن عتبۃ رضی اللہ عنہ قال قال ابوطالب یا ابن اخی ان قومک قد جاءونی فقالوا کذا وکذا الذی قالوا له فابق علیّ وعلی نفسك ولا تحملنی من الامر مالا اطیق قال فظن رسول اللہ ﷺ انه قد بدالعمه فیه بدؤ و انه خاذله و مسلمه و انه قد ضعف عن نصرته و القیام معه

حضرت یعقوب بن عتبہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ابُوطالب نے کہا اے میرے بھتیجے! تیری قوم میرے پاس آئی ہے۔ وہ ایسی ایسی باتیں کرتے ہیں جو اُنہوں نے اسے کہا تھا وہ کہدیا اور کہا مجھ پر اور اپنے نفس پر رحم کھا اور مجھے ایسے کام پر مجبور نہ کر جس کی طاقت مجھ میں نہیں راوی کا بیان ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے خیال فرمایا کہ چچا مجبور ہو گیا ہے اور انہوں نے خطرہ محسوس کیا۔ ہو سکتا ہے کہ چچا مجھے رُسوا کریں اور ہو سکتا ہے کہ وہ مجھے کفّار کے سپرد ہی کر دیں اور میری تائید کرنے سے کمزور ثابت ہوتے

Marfat.com

قال فقال له رسول الله ﷺ یاعم واللہ لو وضعوا الشمس فی یمینی والقمر فی یساری علی ان اترك هذا الامر حتی یظهره الله او اهلك فیه ما ترکته۔

(رواہ ابن اسحاق فی المغازی)
(تاریخ ابن کثیر ج ۳۔ ص ۴۸)

ہیں تو آپؐ نے فرمایا چچا جان! اللہ کی قسم اگر یہ کفارِ مکہ سورج کو میرے دائیں ہاتھ میں لے آئیں اور چاند کو میرے بائیں ہاتھ میں تھما دیں کہ میں اِس دین کے پیغام کو چھوڑ دوں تو یہ ناممکن ہے۔ اِس دین کو اللہ تعالیٰ غالب کرے گا یا میں اِس کوشش میں ختم ہو جاؤں گا لیکن یہ پیغامِ الٰہی میں نہ چھوڑوں گا۔

عن علی کرم اللہ وجہہ قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قل اللّٰهم اهدنی وسددنی واذکر بالهدایة هدایة الطریق واذکر بالسداد تسدیدك السهم۔

(سنن ابی داؤد ج ۲ ص ۲۲۴)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ میرے لیے فرمایا حضورِ اقدس ﷺ نے کہ یوں دعا مانگ "اے اللہ! مجھے ہدایت دے اور مجھے سیدھا رکھ" اور ہدایت سے دل میں مراد رکھ سیدھے راستے کی اور سیدھے رہنے سے دل میں مراد رکھ تیر جیسا سیدھا ہونا۔

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
امین امین امین یارب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اسخی الناس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار جہان سے زیادہ سخی درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن محمد بن المنکدر
قال سمعت جابر بن عبداللہ
یقول ما سئل رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم شیئًا قط
فقال لا۔ (شمائل الترمذی ص۲۵)

حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ
نے کہا میں نے حضرت جابر بن عبداللہ
رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ حضور اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی شخص کو
کوئی چیز مانگنے پر انکار نہیں فرمایا۔

قال حسان بن ثابت:
" ما قال لا قط
الا فی تشھدہ
لو لا التشھد لم
تسمع لہ لا لا "
(نسیم الریاض ج۲ ص۳۵)

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ
فرماتے ہیں۔ آپ نے کبھی سوائے
کلمۂ شہادت کے لا نہیں فرمایا
یعنی لا الہ الا اللہ۔ اگر
تشہد نہ ہوتا تو کبھی آپ سے لا لا
نہ سنا جاتا۔

عن انسؓ قال کان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسخی الناس
(رواہ طبرانی فی الاوسط۔ المغنی للعراقی ج۲ ص۳۵۴)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تمام
لوگوں سے سخی تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اسوۂ حسنہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — اچھا نمونہ — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

" لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَ ذَكَرَ اللهَ كَثِيْرًا ○"

(سورة الاحزاب ۲۱)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

"تم لوگوں کیلئے یعنی ایسے شخص کیلئے جو اللہ سے اور روز آخرت سے ڈرتا ہو اور کثرت سے ذکرِ الٰہی کرتا ہو رسول اللہ ﷺ کا ایک عمدہ نمونہ موجود ہے۔"

عن عبيدة بن خالد رضی اللہ عنہ قال بينا انا امشي بالمدينة اذا انسان يقول ارفع ازارك فانه ابقى لثوبك وانقى لربك قال فالتفت فاذا رسول الله ﷺ فقلت يارسول الله انما هي

حضرت عبیدہ بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے تھے کہ میں مدینہ منورہ میں جا رہا تھا اچانک ایک آدمی نے آواز دی کہ اپنی تہمد کو اُوپر اٹھا کیونکہ کپڑا دیر پا رہتا ہے اور پروردگار کے نزدیک بہت پاکیزہ ہے میں نے مُڑ کر دیکھا تو وہ حضورِ اقدس ﷺ تھے۔ میں نے عرض کیا

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com

بردة ملحاء فقال امالك فى اسوة فنظرت فاذا ازاره الى نصف ساقه۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۶ ص ۴۴)

یارسُول اللہ (ﷺ)! یہ تو چادر ہے تو آپؐ نے فرمایا کیا تمہارے لیے مَیں نمونہ نہیں ہوں پھر مَیں نے دیکھا کہ آپؐ کا تہمد آدھی پنڈلی تک تھا۔

عن سعد بن هشام رضی اللہ عنہ انه طلق امرأته ثم ارتحل الى المدينة ليبيع عقارا له بها ويجعله فى السلاح والكراع ثم يجاهد الروم حتى يموت فلقى رهطا من قومه فحدثوه ان رهطا من قومه ستة ارادوا ذلك على عهد رسول الله ﷺ فقال اليس لكم فى اسوة حسنة فنهاهم عن ذلك فاشهدهم على رجعتها۔ (الحدیث)

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۶ ص ۵۳)

حضرت سعد بن ہشام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی پھر مدینہ منورہ کی طرف کوچ کیا تاکہ وہاں جو ان کی جائداد تھی اس کو بیچ کر ہتھیار اور گھوڑے خریدے پھر رومیوں سے جہاد کرتے کرتے شہید ہو جائے۔ ان کی ملاقات اپنے قبیلہ کے چند آدمیوں سے ہوئی جنہوں نے اسے بتایا کہ اسکی قوم میں سے چھ افراد نے حضورِ اکرم ﷺ کے زمانہ میں یہی ارادہ کیا تھا تو اس پر آپؐ نے فرمایا کیا تمہارے واسطے مَیں اچھا نمونہ نہیں ہوں اور ان کو اس سے روک دیا۔ اِس پر حضرت سعد بن ہشام رضی اللہ عنہ نے ان کو اپنی طلاق کے رجوع پر گواہ مقرّر کیا۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اشجع البشر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ بہادر درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس بن مالك رضی اللہ عنہ قال كان رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم احسن الناس وكان اجود الناس وكان اشجع الناس ولقد فزع اهل المدينة ذات ليلة فانطلق ناس قِبَلَ الصوت فتلقاهم رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم راجعًا وقد سبقهم الى الصوت وهو على فرس لابی طلحة عرى فی عنقه السيف وهو يقول لم تراعوا لم

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سب لوگوں سے زیادہ خوبصورت اور سب سے زیادہ سخی اور سب سے زیادہ بہادر تھے۔ ایک رات مدینہ والے گھبرائے جدھر سے آواز آرہی تھی صحابہ کرام اسطرف چلے، راستہ میں آپ انہیں واپس آتے ہوئے ملے اور آپ اس آواز کی طرف سب سے پہلے تشریف لے گئے تھے اور آپ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے پر سوار تھے جو ننگی پیٹھ تھا اور آپ کی گردن میں تلوار لٹک رہی تھی اور آپ فرمارہے تھے کسی قسم کا خوف نہیں کسی قسم کا خوف نہیں اور فرمارہے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

تراعوا قال وجدناه بحرًا او انه لبحر قال و كان فرسًا يبطأ۔

(الصحیح لمسلم ج ۲ - ص ۲۵۲)

تھے۔ اِس گھوڑے کو تیزی میں سمندر کی طرح پایا یا یہ تو سمندر ہے اور پہلے وہ گھوڑا سُست رفتار تھا۔

عن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال مارأيت أحدا أنجد ولا اجود ولا اشجع ولا أضوأ و أوضأ من رسول الله ﷺ

(سنن الدارمی ج ۱ - ص ۳۳)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ مَیں نے حضورِ اقدس ﷺ سے نہ تو کسی کو اعلیٰ دیکھا اور نہ ہی کوئی سخی دیکھا اور نہ ہی کوئی بہادر دیکھا اور نہ ہی کوئی خوبصورت حسین دیکھا۔

أن رسول الله ﷺ كان مأموراً أن لا يفر من المشركين إذا واجهوه ولو كان وحده من قوله (لا تكلف إلا نفسك) وقد كان ﷺ من اشجع الناس و أصبر الناس و اجلاهم، ما فرّ قط من مصاف ولو تولى عنه أصحابه۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ - ص ۵۹)

حضورِ اقدس ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مامور تھے کہ مشرکین کے مقابلے میں نہ بھاگیں اگرچہ آپؐ اکیلے ہی رہ جائیں۔ اللہ کا یہ فرمانا "لا تكلف إلا نفسك" آپؐ کے لیے ضروری ہے۔ آپ ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ بہادر، تمام لوگوں سے زیادہ ضیا اور تمام سے قوی تھے۔ آپؐ میدانِ جنگ میں کبھی نہ بھاگے اگرچہ آپؐ کے ساتھی آپؐ کو اکیلا چھوڑ گئے ہوں

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاشد حیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بہت حیا والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشد حیاء من العذراء فی خدرھا وکان اذا کرہ شیئًا عرفناہ فی وجھہ

(الصحیح لمسلم ج ۲ - ص ۲۵۵)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کنواری لڑکی جو اپنے پردہ میں ہوتی ہے سے بھی زیادہ حیا والے تھے اور جب آپ کسی چیز کو برا محسوس کرتے تو ہم آپ کے چہرۂ انور سے پہچان لیتے تھے۔

قال العلامۃ الخفاجیؒ فی شرحہ علی الشفاء :

" ان العذراء فی خدرھا اشد حیاء لکونہ مظنۃ الاجتماع بھا "

(نسیم الریاض ج ۲ ص ۵۷)

علامہ خفاجیؒ شرح شفاء میں فرماتے ہیں "کنواری اپنے پردہ میں سخت حیا والی ہوتی ہے، اس خیال سے کہ کوئی غیر آدمی وہاں پردہ میں نہیں جا سکتا۔"

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اشد الناس باسا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ جنگجو درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن علی رضی اللہ عنہ قال
لقد رأیتنا یوم بدر
و نحن نلوذ برسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم وھو أقربنا
من العدو و کان
من اشد الناس یومئذ
باسًا ۔ (رواہ احمد

مجمع الزوائد ج ۲ ص ۱۲ ۔ تاریخ ابن کثیر ج ۳ ۔ ص ۲۷۹)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے اپنے آپ کو بدر کے دن دیکھا کہ ہم حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پناہ حاصل کر رہے تھے ہم میں سے جو دشمن کے قریب تھا وہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور آپ اس دن سب سے زیادہ جنگجو تھے۔

عن علی رضی اللہ عنہ انہ
سئل عن موقف النبی
صلی اللہ علیہ وسلم یوم بدر فقال
کان اشدنا یوم بدر
من حاذی برکبتہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم (رواہ الطبرانی فی الاوسط
مجمع الزوائد ج ۹ ص ۱۲)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہیں پوچھا گیا کہ بدر کے دن حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا مقام تھا؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہم میں سے سخت جنگجو وہ تھا جس کا گھٹنا حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے گھٹنے کے برابر تھا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سید البشر شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تمام مخلوق میں سے سخت حیا کرنیوالے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

" إِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ "

(سورۃ الاحزاب ۵۳)

و كان اشد النّاس حياءً لا يثبت بصره فى وجه احد۔

(احیاء العلوم ج ۲ ص ۳۵۵)

قال ابن عباس رضی اللہ عنہ فكان اول شئ رأى النبى صلی اللہ علیہ وسلم من النبوة ان قيل له استر فما رؤيت عورته من يومئذ

(دلائل النبوۃ ج ۱ ص ۶۰)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

" یہ باتیں ہمارے حبیبؐ کو تکلیف دیتی ہیں۔ وہ تم سے حیا کرتے ہیں

اور آپؐ تمام لوگوں سے زیادہ حیا والے تھے، کبھی آپؐ نے کسی کی طرف نگاہ ٹکا کر نہیں دیکھا۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ سب سے پہلی چیز جو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیغمبری ملنے کے بعد دکھائی دی وہ یہ تھی کہ آپؐ کو کہا گیا کہ پردہ کریں، پھر اس دن کے بعد آپؐ کی شرمگاہ کسی نے نہیں دیکھی۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اشرف البشر صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار تمام لوگوں سے اشرف درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن جابر رضی اللہ عنہ	حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ
قال قال رسول اللہ	سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
صلی اللہ علیہ وسلم انا اشرف	نے فرمایا کہ میں خاندان کے لحاظ سے
الناس حسبا ولا فخر واکرم	تمام لوگوں میں اشرف ہوں اور فخر نہیں
الناس قدرا ولا فخر	اور عزت کے لحاظ سے تمام لوگوں
ایھا الناس من اتانا اتیناہ	سے عزت والا ہوں اور فخر نہیں۔
ومن اکرمنا اکرمناہ	اے لوگو! جو ہمارے پاس آئے گا،
ومن کاتبنا کاتبناہ	ہم اس کے پاس جائیں گے اور جو
ومن شیع موتانا شیعنا	ہماری عزت کریگا ہم اس کی عزت
موتاہ ومن قام بحقنا	کریں گے اور جو ہم سے مکاتبت
قمنا بحقہ ایھا الناس	کروائے گا ہم اس سے مکاتبت
جالسوا الناس علی	کریں گے اور جو ہماری میتوں کیساتھ
قدر احسانھم وخالطوا	چلے گا ہم اس کی میتوں کے ساتھ جائیں
الناس علی قدر ادیانھم	گے، جو ہمارا حق ادا کرے گا ہم اس کا

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

وانزلوا الناس علی قدر مروآتھم وداروا الناس بعقولکم۔

(رواہ الدیلمی)

(منتخب کنز العمال علی ھامش احمد ج ۶ ص ۳۰۵)

حق ادا کریں گے۔ اے لوگو! لوگوں کے پاس ان کے احسان کے مرتبہ پر بیٹھو اور لوگوں سے خلع ملع رہو انکی دین داری کے لحاظ سے اور لوگوں کی عزت کرو ان کے مرتبہ کے لحاظ سے اور لوگوں کی مدارات کرو اپنی دانائی کے لحاظ سے۔

عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت قال رسول اللہ ﷺ قال لی جبریل قلبت الارض من مشارقھا ومغاربھا فلم اجد رجلا افضل من محمّد وقلبت الارض مشارقھا ومغاربھا فلم اجد بنی أب أفضل من بنی ھاشم۔

(رواہ البیھقی فی دلائل النبوۃ تاریخ ابن کثیر ج ۲ ص ۲۵)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے کہا کہ میں نے زمین کے مشرق و مغرب کو الٹ پلٹ کیا ہے لیکن حضرت محمد ﷺ سے کسی انسان کو افضل نہ پایا اور میں نے زمین کے مشرق و مغرب کو الٹ پلٹ کیا لیکن بنو ہاشم جیسا دادا نہ پایا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاشنب صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — براق دندان — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افلج الثنیتین واذا تکلم رئی کالنور یخرج من بین ثنایاہ۔

(سنن الدارمی ج ۱ - ص ۳۳ شمار ۵۹)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارک کشادہ تھے، جب آپ گفتگو فرماتے تو آپ کے دانتوں سے نور کے شعلے بلند ہوتے دکھائی دیتے تھے۔

عن الحسن بن علی رضی اللہ عنہ عن خالہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشنب مفلج الاسنان۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۷)

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ اپنے ماموں (ہندؓ) سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم چمکدار دانتوں والے تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اصبر الناس صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ صابر درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ط

(سورۃ الاحقاف ۳۵)

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ج

(سورۃ المؤمن ۷۷)

عن خباب رضی اللہ عنہ

یقول اتیت النبی ﷺ

وھو متوسد بردہ

وھو فی ظل الکعبۃ

وقد لقینا من المشرکین

شدۃ فقلت الا تدعوا اللہ

فقعد وھو محمر

وجھہ فقال لقد کان

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

"تو آپؐ صبر کریں جیسا ہمت والے رسولوںؑ نے صبر کیا اور ان (لوگوں) کے لیے جلدی نہ کریں"

"آپؐ صبر کریں، بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے"

حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضورِ اقدس ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور آپؐ ایک چادر سے تکیہ لگائے خانہ کعبہ کے سایہ میں تشریف فرما تھے اور ہمیں مشرکوں سے سخت تکلیف پہنچی تھی تو میں نے عرض کیا کہ آپؐ اللہ تعالیٰ سے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

من قبلكم يمشط بمشاط الحديد مادون عظامه من لحمٍ او عصب ما يصرفه ذلك عن دينه ويوضع المنشار على مفرق راسه فيشق باثنين ما يصرفه ذلك عن دينه ويتمن الله هذا الامر حتى يسير الراكب من صنعآء الى حضرموت ما يخاف الا الله زاد بيان و الذئب على غنمه۔

(صحیح البخاری ج ۱ - ص ۵۴۳)

دعا کیوں نہیں کرتے؟ پس آپؐ سیدھے بیٹھ گئے اور آپؐ کا چہرہ مبارک سُرخ ہوگیا تھا۔ آپؐ نے فرمایا تم سے پہلے جو لوگ تھے کسی کی ہڈیوں پر گوشت سے نیچے یا پٹھے سے نیچے لوہے کی کنگھیاں کی جاتی تھیں اور یہ بات اسے اس کے دین سے نہ پھیرتی تھی اور آرہ اسکے سر پر رکھ دیا جاتا تھا اور اس کے ٹکڑے کر دیے جاتے تھے لیکن یہ عمل بھی اس کو دین سے نہ پھیر سکتا تھا اور ضرور اللہ تعالیٰ اس دین کو کامل کرے گا حتیٰ کہ سوار صنعائے سے حضرموت تک جائے گا اور اسے اللہ کے سوا کسی سے خوف نہ ہوگا۔ راوی رضؓ نے اِتنی بات زیادہ روایت کی ہے کہ اپنی بکریوں پر اسے بھیڑیے کا خوف نہ ہوگا۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاصدق فی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار اللہ کے بارے میں سب سے زیادہ سچے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

اشارۃ الی قولہ :

وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِہٖٓ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُتَّقُوْنَ ○

(سورۃ الزمر ۳۳)

ای الاثبت و الاقوی فلا احد اثبت ولا اقوی علی الحق منہ۔

(شرح مواھب اللدنیہ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۱)

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال قال ھرقل لابی سفیان فھل کنتم تتھمونہ بالکذب قبل ان

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

" اور وہ جو یہ سچ لے کر تشریف لائے اور وہ جنہوں نے ان کی تصدیق کی، یہی پرہیزگار ہیں۔"

معنی یہ ہیں کہ آپؐ صدق پر سب سے زیادہ ثابت قدم اور قوی تھے آپؐ سے زیادہ نہ تو کوئی حق پر ثابت قدم ہے اور نہ ہی حق پر زیادہ قوی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ روم کے بادشاہ ہرقل نے ابوسفیان سے پوچھا کیا تم نے اس نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر نبوت

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

یقول ما قال قلت لا

(الحدیث)

(رواہ البخاری ج ۱ ص ۴۔ مشکوٰۃ ص ۵۲۶)

عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ قال لما فتحت خیبر اهديت لرسول الله صلی اللہ علیہ وسلم شاة فيها سمٌّ فقال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم اجمعوا لی من كان ههنا من اليهود فجمعوا له فقال لهم رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم انی سائلكم عن شئ فهل انتم صادقی عنه قالوا نعم يا ابا القاسم فقال لهم رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم من ابوكم قالوا ابونا فلان ، قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم كذبتم ابوكم فلان قالوا صدقت وبررت قال لهم هل انتم صادقی عن شئ سالتكم

سے پہلے کبھی جھوٹ کا الزام لگایا ہے؟ تو ابوسفیان نے جواب دیا کہ ایسا کبھی نہیں ہوا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب خیبر فتح ہوا تو وہاں زہر آلود بکری کا تحفہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا گیا۔ آپؐ نے فرمایا جو اس جگہ یہودی ہیں ان کو میرے لیے اکٹھا کر دو۔ وہ اکٹھے ہو گئے تو آپؐ نے انہیں فرمایا۔ میں تم سے کچھ باتیں دریافت کرنا چاہتا ہوں کیا تم مجھے سچ سچ بتاؤ گے، تو انہوں نے کہا کہ ہاں اے ابوالقاسمؐ آپؐ نے فرمایا اپنے باپ کا نام بتاؤ۔ انہوں نے کہا کہ فلاں۔ آپؐ نے فرمایا جھوٹے ہو بلکہ تمہارا باپ فلاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپؐ نے سچ فرمایا اور نیکی کمائی۔ پھر آپؐ نے فرمایا بھلا میں تم سے ایک اور بات پوچھنا چاہتا ہوں کیا تم مجھے سچ بتاؤ گے؟ انہوں نے کہا ہاں اے ابوالقاسمؐ! اگر ہم جھوٹ بولیں گے تو آپؐ

عنه قالوا نعم يا ابا القاسم
وان كذبناك عرفت
كما عرفته فى ابينا
فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
من اهل النار قالوا
نكون فيها يسيراً ثم
تخلفوننا فيها فقال لهم
رسول الله صلى الله عليه وسلم لا
نخلفكم فيها ابداً ثم
قال لهم هل انتم
صادقى عن شئ سالتكم
عنه فقالوا نعم يا
ابا القاسم قال هل جعلتم
فى هذه الشاة سماً قالوا
نعم قال فما حملكم على
ذلك قالوا اردنا ان كنت
كاذباً نستريح منك
وان كنت نبياً لم
تضرك .

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۲ ص ۲۵۱)

ویسے ہی معلوم کرلیں گے جیسے آپ نے
ہمارے باپ کے متعلق معلوم کرلیا تھا آپ
نے فرمایا بھلا بتاؤ کہ دوزخی کون ہیں
تو انہوں نے کہا کہ ہم چند روز دوزخ
میں رہیں گے پھر تم ہماری جگہ چلے
جاؤ گے۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے
انہیں فرمایا ہم تمہارے بعد دوزخ
میں کبھی نہ جائیں گے۔ پھر آپ نے
فرمایا بھلا ایک اور بات پوچھتا
ہوں کیا تم مجھے سچ بیان کرو گے؟
انہوں نے کہا کہ ہاں سچ کہیں گے۔
آپ نے فرمایا کیا تم نے اس بکری
میں زہر ڈالا تھا؟ انہوں نے کہا کہ
ہاں۔ آپ نے فرمایا کیوں؟ انہوں
نے جواب میں کہا کہ ہمارا ارادہ یہ
تھا کہ اگر آپ جھوٹے ہیں تو ہم
آپ سے چھوٹ جائیں گے اور
اگر آپ نبی ہیں تو زہر آپ کو
کچھ نقصان نہ دے گا۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اول الناس واقدمہم صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سب لوگوں میں زبان کے سچے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن علی رضی اللہ عنہ کان اذا وصف النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لیس بالطویل الممغط ولا بالقصیر المتردد وکان ربعۃ من القوم ولم یکن بالجعد القطط ولا بالسبط کان جعدا رجلا ولم یکن بالمطھم ولا بالمکلثم وکان فی الوجہ تدویرٌ ابیض مشرب ادعج العینین اھدب الاشفار جلیل المشاش والکتد

حضرت علی رضی اللہ عنہ جب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت بیان فرماتے تو کہتے کہ آپؐ نہ پست قد تھے اور نہ دراز قد بلکہ درمیانہ قد کے تھے۔ آپؐ کے بال مبارک نہ زیادہ گھونگر والے تھے اور نہ بالکل سیدھے بلکہ تھوڑے گھونگر والے تھے۔ چہرہ نہ تو بالکل پُرگوشت موٹا تھا اور نہ بالکل گول، سُکڑا ہُوا۔ ہاں آپؐ کے چہرہ میں لمبائی کے ساتھ کسی قدر گولائی تھی رنگ گورا سُرخی مائل آنکھیں بالکل سیاہ، پلکوں کے بال لمبے، جوڑ مضبوط مونڈھوں کے سرے اور درمیانی حصّے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

اجرد ذو مسربۃ شثن
الکفین والقدمین
اذا مشی تقلع کانما
یمشی فی صبب و اذا
التفت التفت معابین
کتفیہ خاتم النبوّۃ
و ھو خاتم النّبیّین
اجود الناس صدرا
و اصدق الناس لھجۃ
والینھم عریکۃ و
اکرمھم عشرۃ من
راہ بدیھۃ ھابہ و
من خالطہ معرفۃ
احبہ یقول ناعتہ
لم ار قبلہ ولا بعدہ
مثلہ ﷺ

(جامع الترمذی ج ۲۔ ص ۲۰۵/۲۰۴)

بڑے، بدن پر بال کم تھے، سینہ اور
ناف کے درمیان سیدھی لکیر تھی،
ہتھیلیاں پُرگوشت اور دونوں پاؤں
بھی پُرگوشت تھے۔ جب چلتے تو قوت
کے ساتھ چلتے تھے گویا ڈھلوان زمین
پر چل رہے ہیں جب آپؐ پیچھے مڑتے تو
سارے مڑ جاتے۔ دونوں مونڈھوں کے درمیان
مُہرِ نبوت تھی اور آپؐ خاتم النبیین تھے
لوگوں میں سب سے زیادہ سخی دل تھے
سب لوگوں میں زبان کے سچے تھے
مزاج میں سب سے بڑھ کر نرم، معاشرت
میں سب سے بڑھ کر جُود و کرم والے۔ جو
اچانک آپؐ کو دیکھتا مرعوب ہو جاتا اور
جو آپؐ کے ساتھ مِلا جُلا رہتا اور جان
پہچان پیدا کرتا وُہ آپؐ کا فدائی بن جاتا
آپؐ کی صِفت بیان کرنے والا کہتا کہ
مَیں نے آپؐ سے پہلے اور آپؐ کے
بعد آپؐ جیسا کوئی نہیں دیکھا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک ومداد کلماتک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاطہر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بہت پاکیزہ درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله:

" وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ○ "

(سورة المدثر - ۴)

قال مجاهد رحمۃ اللہ علیہ (و ثيابك فطهر) قال نفسك ليس ثيابه وفي رواية عنه (وثيابك فطهر) اى عملك فاصلح۔

وقال سعيد بن جبير رضی اللہ عنہ (وثيابك فطهر) و قلبك ونيتك فطهر وقال محمد بن كعب القرظي والحسن البصري رضی اللہ عنہ وخلقك فحسن۔

(تفسیر ابن کثیر ج ۴ - ص ۴۴۱)

اشارہ ہے اس قول کی طرف:

" اور اپنے کپڑے کو پاک رکھو۔"

حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے اس (وثیابك فطهر) کی تفسیر میں فرمایا کہ اس سے کپڑا مراد نہیں، آپ کا نفس مبارک مراد ہے اور اسی کی تفسیر میں مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے یعنی اپنے اعمال کی اصلاح فرمائیے۔

اور حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے اس (وثیابك فطهر) کی تفسیر میں فرمایا کہ آپ اپنے دل اور نیت کو پاکیزہ کر لیجئے اور حضرت محمد بن کعب قرظی اور حسن بصری رضی اللہ عنہما نے اس کی تفسیر یہ فرمائی کہ آپ اپنے اخلاق کو اچھا کیجئے۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

روی فی بعض الروایات عن امّه آمنة انها قالت ولد ته (صلی اللہ علیہ وسلم) نضیفًا ما به قذرٌ وکان النّبی صلی اللہ علیہ وسلم قد ولد مختونًا مقطوع السرة۔

(نسیم الریاض ج ۱ ص ۳۶۳)

بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے آپؐ کو پاک صاف جنا، آپؐ کے ساتھ کوئی آلائش نہ تھی اور آپؐ ختنہ شدہ پیدا ہوئے۔ آپؐ کی ناف مبارک ولادت کے وقت کٹی ہوئی تھی

عن مالك بن صعصعة رضی اللہ عنہ ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدثهم عن لیلةٍ اسرٰی به بینما انا فی الحطیم وربما قال فی الحجر مضطجعًا اذا اتانی اتٍ فقدّ قال وسمعته یقول فشق ما بین هذه الی هذه فقلت للجارود وهو الی جنبی ما یعنی به قال من ثغرة نحره الی شعرته وسمعته یقول من قصه الی شعرته فاستخرج قلبی ثم اتیت بطست من ذهبٍ مملوءةٍ ایمانا

حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے لوگوں سے اس شب کی کیفیت بیان کی جس میں آپؐ کو معراج ہوئی تھی کہ اس حال میں کہ میں حطیم میں (اور کبھی آپؐ فرماتے تھے کہ حجر میں) لیٹا ہوا تھا یکایک میرے پاس ایک آنیوالا آیا اور اس نے (میرا سینہ) یہاں سے لیکر یہاں تک چاک کر ڈالا (راوی کہتا ہے) میں نے جارود سے پوچھا اور وہ میرے پہلو میں لیٹے ہوئے تھے کہ یہاں سے یہاں تک کا کیا مطلب ہے انہوں نے کہا حلقوم سے کر زیر ناف تک پھر اس نے میرا دل نکالا، بعد اسکے میرے پاس ایک سونے کا طشت لایا گیا جو ایمان سے بھرا ہوا تھا پھر میرا دل

Marfat.com

فغسل قلبی ثم حشی ثم اعید۔ (الحدیث)

(صحیح البخاری ج۱ ص۵۴۸)

دھویا گیا، پھر وہ (ایمان سے) بھر گیا بعد اس کے پھر رکھ دیا گیا۔

عن عائشة رضی اللہ عنہا انه صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اراد ان یتغوط انشقت الارض فابتلعت غائطه وبوله وفاحت لذلك رائحة طیبة۔

(رواہ البیهقی۔ نسیم الریاض ج۱ ص۳۵۳)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کا ارادہ فرماتے زمین پھٹ جاتی اور آپ کا فضلہ اور پیشاب نگل لیتی اور اس سے پاکیزہ خوشبو پھیلتی۔

عن عائشة رضی اللہ عنہا انها قالت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم انك تأتی الخلاء فلا نریٰ منك شئ من الاذیٰ فقال لها یا عائشة أو ما علمت ان الارض تبتلع ما یخرج من الانبیاء علیہم السلام فلا یری منه شئ۔

رواہ ابن سعد

(نسیم الریاض ج۱۔ ص۳۵۳)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، کہ اُنہوں نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ قضائے حاجت کے لیے تشریف لے جاتے ہیں۔ ہم آپ سے کوئی گندگی نہیں دیکھتے، آپ نے اسے فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا! اور کیا تو نہیں جانتی کہ نبیوں سے جو کچھ خارج ہوتا ہے اس کو زمین نگل لیتی ہے۔ پس اس میں سے کچھ نہیں دیکھا جا سکتا۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاطیب صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار بہت خوشبودار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس رضی اللہ عنہ قال
ما شممت عنبراً قط
ولا مسکا ولا شیئا اطیب
من ریح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ولا مسست شیئاً قط دیباجا
ولاحریرا الین مسا من رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم (الصحیح لمسلم ج ۲ ص ۲۵۷)

عن انس بن مالک
رضی اللہ عنہ قال دخل علینا
النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال
عندنا فعرق وجاءت
امی بقارورۃ فجعلت تسلت
العرق فیھا فاستیقظ النبی
صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا ام

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں جتنی
خوشبو مجھے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
سے آتی تھی وہ نہ کسی عنبر، نہ ہی کسی
کستوری سے آئی اور میں نے
کوئی نرم ریشم نہیں چھوا جو حضور اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی سے زیادہ نرم ہو
حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
ہمارے ہاں تشریف لائے تو قیلولہ
فرمایا۔ آپ کو پسینہ آیا، میری امی جان
ایک شیشی لے آئیں اور حضورِ اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ کو پونچھ کر اس میں
ڈالتی تھیں تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

سلیم ما هذا الذی تصنعین قالت هذا عرقك نجعله فی طیبنا وهو من اطیب الطیب۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۳ ص ۱۳۶)

جاگ پڑے اور فرمایا اے اُمِّ سلیمؓ! تُو یہ کیا کر رہی ہے؟ تو انہوں نے عرض کیا کہ آپؐ کے پسینہ مبارک کو ہم اپنی خوشبو میں داخل کرتے ہیں۔ اور وہ بہترین خوشبوؤں میں سے ہو جاتی ہے۔

عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ قال جاء رجل إلى رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم فقال يا رسول الله انی زوجت ابنتی و انا احب ان تعيننی بشئ قال ما عندی شئ ولكن اذا كان غد فأتنی بقارورة واسعة الرأس و عود شجرة و اية بينی وبينك ان تدق ناحية الباب قال فاتاه بقارورة واسعة الرأس وعود شجرة قال فجعل يسلت العرق من ذراعيه حتى امتلات القارورة

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم مَیں نے اپنی بیٹی کا نکاح کیا ہے اور مَیں چاہتا ہوں کہ آپؐ میرے ساتھ اِس معاملہ میں کچھ تعاون فرمائیں آپؐ نے فرمایا میرے پاس تو کچھ نہیں لیکن کل ایک چوڑے منہ والی بوتل اور کسی درخت کی جڑ لے کر آنا اور میرے اور تیرے درمیان نشانی یہ ہے کہ تو دروازے کا کنارہ کھٹکھٹائے۔ راویؓ کا بیان ہے کہ وہ دُوسرے دن چوڑے منہ والی بوتل اور درخت کی جڑ لایا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بازو کے

Marfat.com

قال فخذها و مر ابنتك ان تغمس هذا العود فی القارورة و تطیب به قال فکانت اذا تطیبت به شم اهل المدینة رائحة الطیب فسموا بیوت المطیبین۔

(رواه ابو العلی
تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۲۵)

پسینہ کو پونچھ کر اس بوتل میں ڈالتے تھے حتیٰ کہ بوتل بھر گئی۔ آپؐ نے فرمایا کہ اس کو لے جا اور اپنی بیٹی کو حکم کر کہ اس جڑ کو بوتل میں بھگو کر خوشبو لگائے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب وہ لڑکی اس پسینہ مبارک سے خوشبو لگاتی تو تمام مدینہ والوں کو اس کی خوشبو آتی۔ اسی وجہ سے ان کے گھروں کا نام خوشبو والے گھر پڑ گیا تھا۔

عن حمید بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ قال توفی رسول اللہ ﷺ و ابوبکر رضی اللہ عنہ فی طائفة من المدینة قال فجاء فکشف عن وجهه فقبله وقال فداك ابی و امی ما اطیبك حیًا و میتا

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۱ ص ۵)

حضرت حمید بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جب حضورِ اقدس ﷺ نے وفات پائی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مدینہ کے دوسرے کنارے پر تھے۔ وہ آئے اور حضورِ اقدس ﷺ کے رُخ انور سے پردہ اُٹھایا اور آپؐ کی پیشانی مبارک کا بوسہ لیا اور کہا میرے ماں باپ آپؐ پر فدا ہوں۔ آپؐ زندہ بھی پاک تھے اور وفات پانے کے بعد بھی پاک ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقتک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اطیب الاخلاق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار پاکیزہ اخلاق والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن جابر رضی اللہ عنہ

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ بعثنی لتمام مکارم الاخلاق وکمال محاسن الافعال رواہ فی شرح السنۃ۔

(مشکوٰۃ المصابیح ص ۵۱۴)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے، مجھے اللہ نے اخلاق کی اچھائیوں کو پورا کرنے کے لیے اور اچھے افعال کو کمال تک پہنچانے کے لیے بھیجا ہے۔

قال ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ کان المصفاء فی الاخلاق قد علموا۔ وفی العفاف فلم نعدل بہ احدًا۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۲ ص ۳۲۰)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ آپ پاکیزہ اخلاق تھے اور پاکدامنی میں آپ کی مثل کوئی نہ تھا۔

عن سعد بن ہشام رضی اللہ عنہ قال قلت لعائشۃ انبئینی عن خلق

حضرت سعد بن ہشام رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی کہ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

رسول الله ﷺ قالت الست تقرأ القران ؟ قال قلت بلى ۔ قالت فان خلق رسول الله ﷺ القرآن ۔ قال قتادة رضی اللہ عنہ وان القرآن جاء باحسن اخلاق الناس۔

(الطبقات الکبری لابن سعد ج ۱ - ص ۳۶۴)

عن أبی عبدالله الجدلی رضی اللہ عنہ قال قلت لعائشة رضی اللہ عنہا کیف خلق رسول الله ﷺ قالت لم یکن فاحشا ولا متفاحشا ولا سخابا فی الأسواق ولا یجزی بالسیئة السیئة ولکن یعفو ویصفح ۔

(اخرجہ ابن ابی شیبة والترمذی وابن مردویة ۔ الدر المنثور ج ص ۲۵۱)

آپ مجھے حضورِ اقدس ﷺ کے اخلاق کے بارے میں ارشاد فرمائیں تو انہوں نے فرمایا کیا تُو نے قرآنِ کریم نہیں پڑھا؟ مَیں نے عرض کیا کہ مَیں نے قرآنِ کریم پڑھا ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آپؐ کا خُلق قرآن تھا۔ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں قرآن نے لوگوں کے بہترین اخلاق بیان کیے ہیں۔

حضرت ابوعبداللہ جدلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مَیں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے حضورِ اقدس ﷺ کے اخلاقِ مبارکہ کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے فرمایا کہ کہ آپ ﷺ گالی گلوچ نکالنے والے نہ تھے اور نہ ہی بازاروں میں شور مچانے والے تھے اور نہ ہی بدی کا بدلہ بدی سے دیتے تھے لیکن آپؐ معاف اور درگزر فرما دیا کرتے تھے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اطیب الجسد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار پاکیزہ جسم مبارک والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس رضی اللہ عنہ قال
ما مسست حریرا و لا
دیباجا الین من کف
النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولا شممت ریحا
قط اوعرفا قط اطیب من
ریح اوعرف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

(بخاری ج ۱ ص ۵۰۳)

عن انس رضی اللہ عنہ قال
کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ازھر اللون کان عرقہ
اللؤلؤ اذا مشی تکفأ
وما مسست حریرۃ ولا
دیباجا الین من کفہ
ولا شممت رائحۃ قط

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے کسی ریشم اور دیباج کو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی سے زیادہ نرم نہیں پایا اور نہ ہی میں نے کبھی کوئی خوشبو یا کوئی عطر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کے پسینہ) کی خوشبو سے عمدہ پائی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سپید رنگ تھے گویا کہ آپ کا پسینہ مبارک ایسا تھا جیسے کہ سچے موتی، اور آپ جب چلتے تھے تو ہل ہل کر چلتے تھے اور میں نے کوئی ریشم اور دیباج آپ کی ہتھیلی

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

اطیب من رائحة مسکة ولا غیرها۔

(سنن الدارمی ج ۱ ص ۳۳)

مبارک سے نرم نہیں چھوا اور میں نے کبھی ایسی خوشبو نہیں سونگھی جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہو وہ کستوری ہو یا اس کے علاوہ اور کوئی خوشبو۔

عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت کانت کفه الین من الحریر و کان کفه کف عطار مسها بطیب او لم یمسها یصافحه المصافح فیظل یومه یجد ریحها و یضعها علی رأس الصبی فیعرف من بین الصبیان إنه صلی اللہ علیہ وسلم مسح علی راسه۔

(رواه ابونعیم والبیهقی۔ نسیم الریاض ج ۱ - ص ۳۴۹)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی مبارک ریشم سے زیادہ نرم تھی اور آپ کی ہتھیلی مبارک تو ایسی تھی جیسے کہ کسی عطار کی ہتھیلی ہو، اس کو خوشبو لگی ہوئی ہو یا نہ لگی ہوئی ہو۔ آپ سے جو مصافحہ کرتا تھا وہ سارا دن اسکی خوشبو پاتا تھا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کسی بچے کے سر پر اپنی ہتھیلی مبارک رکھتے تھے تو وہ بچہ اور بچوں سے پہچانا جاتا تھا کہ اس کے سر پر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک پھیرا ہے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمداد کلماتک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا أبو الذکر صلی اللہ علیہ وسلم أطیب

ہمارے سردار پاکیزہ ذکر والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ اجعل شطر صلوتی دعاء لک قال ما شئت قال فاجعل ثلثی صلوتی دعاء لک قال نعم قال فاجعل صلوتی کلھا دعاء لک قال اذا یکفیک اللہ ھم الدنیا والاخرۃ۔

(رواہ البزار فی مسندہ۔ القول البدیع ص۹)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں ایک مخصوص وقت میں آدھا وقت آپ پر درود پڑھنے میں لگا دوں۔ آپ نے فرمایا جیسا تو چاہے اس نے عرض کیا کہ میں دو تہائی وقت آپ پر درود پڑھنے میں لگا دوں؟ آپ نے فرمایا ہاں۔ اس نے عرض کیا کہ میں سارا وقت آپ پر درود پڑھنے میں لگا دوں؟ آپ نے فرمایا تو اللہ تعالیٰ تمہارے دنیاوی اور اخروی غم وہم کو دور فرما دے گا۔

عن ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ واسمہ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جن کا نام عبداللہ بن عثمان ہے فرماتے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

عبدالله بن عثمان قال الصلوٰة علی النّبی ﷺ امحق للخطایا من الماء للنّار والسّلام علی النّبی ﷺ افضل من عتق الرقاب وجب رسول الله ﷺ افضل من مهج الانفس او قال من ضرب السّیف فی سبیل الله ۔

(رواہ النمیری ۔ القول البدیع ص۹۰)

ہیں کہ حضورِ اقدس ﷺ پر درود شریف پڑھنا گناہوں کو ایسے مٹاتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھاتا ہے اور آپ پر سلام پڑھنا غلاموں کو آزاد کرنے سے افضل ہے اور حضورِ اقدس ﷺ سے محبت کے خاطر جانوں کو ہلاکت میں ڈالنے سے افضل ہے یا یہ فرمایا کہ حضورِ اقدس ﷺ کی محبت اللہ کے راستہ میں تلوار چلانے سے افضل ہے۔

عن عبدالرحمٰن بن سمرة رضی اللہ عنہ قال خرج علینا رسول الله ﷺ فقال انی رأیت البارحة عجباً رأیت رجلا من امتی یزحف علی الصراط مرة ویحبو مرة ویتعلق مرة فجاءته صلوته علیّ فاخذت بیده فاقامته علی الصّراط حتی جاوزه (اخرجه الطبرانی فی الکبیر والدیلمی فی مسند الفردوس القول البدیع ص۹۳۔)

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا میں نے رات عجیب و غریب خواب دیکھا ہے میں نے اُمت کے ایک فرد کو پُل صراط پر گھسٹتے دیکھا کبھی وہ سیدھا چلتا تھا کبھی وہ لڑھکتا تھا حتّٰی کہ اس کے پاس درود آیا جو وہ مجھ پر پڑھا کرتا تھا پس اس نے اسکا ہاتھ پکڑا اور اس کو پُل صراط پر سیدھا کھڑا کر دیا حتّٰی کہ وہ صحیح سالم اس سے گزر گیا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ابو الناس صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار تمام لوگوں سے زیادہ خوشبودار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

ای ازکاھم و اشدھم لان عرقہ کان اطیب من المسک۔ (شرح المواہب اللدنیہ ج۳ ص۱۲۱)

یعنی آپ تمام لوگوں سے زیادہ پاکیزہ تھے کیونکہ آپ کا پسینہ مبارک کستوری سے زیادہ خوشبودار تھا۔

عن ثابت رضی اللہ عنہ قال انس رضی اللہ عنہ ما شممت عنبرًا قط ولا مسکًا ولا شیئًا اطیب من ریح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا مسست شیئًا قط دیباجا ولا حریرا الین مسّا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

(الصحیح لمسلم ج ۲۔ ص۲۵۷)

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے نہ عنبر نہ مشک اور نہ کوئی خوشبو ایسی سونگھی جیسی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک کی خوشبو تھی اور نہ ہی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک سے کسی دیباج اور ریشم کو نرم چھوا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
امین امین امین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ ●

سیدنا اعدل الناس صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار جہان سے زیادہ انصاف کرنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

" وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ط"

(سورة الشوریٰ ۱۵)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

" اور مجھے حکم ہوا ہے تمہارے درمیان انصاف کرنے کا۔"

وكان ﷺ احلم الناس و اشجع الناس و اعدل الناس و اعفت الناس۔

(احیاء العلوم للغزالی ج ۲۔ ص ۳۵۴)

اور حضورِ اقدس ﷺ بہت بردبار، بہت بہادر، بہت انصاف کرنے والے اور بہت زیادہ پاکدامن تھے۔

عن ابی برزۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ واللہ لا تجدون بعدی اعدل علیکم منی۔ (رواہ الطبرانی فی الکبیر۔ منتخب کنز الاعمال علی حاشیۃ مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴۔ ص ۳۰۴)

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضورِ اقدس ﷺ نے، اللہ کی قسم تم میرے بعد کسی کو مجھ سے زیادہ انصاف کرنے والا نہ پاؤ گے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

عن عائشة رضی اللہ عنہا
قالت کان رسول اللہ
ﷺ یقسم بین نسائہ
فیعدل ثم یقول اللھم
ھذا فعلی فیما املک
فلا تلمنی فیما تملک
ولا املک۔

(سنن ابن ماجۃ ص ۱۴۱
مسند الامام احمد بن حنبل ج ۶ ص ۱۴۴)

عن علی رضی اللہ عنہ
فی صفۃ کلامہ فصل
لا فضول ولا تقصیر۔

(شمائل الترمذی ص ۱۶)

عن ابن عباس
رضی اللہ عنہما قال قال النضر
بن الحارث القرشی قد
کان محمد ﷺ فیکم
غلامًا حدثا ارضاکم فیکم
واصدقکم حدیثًا واعظمکم
امانۃ حتی إذا رأیتم فی صدغیہ
الشیب وجاءکم بما جاء کم بہ قلتم
ساحر۔ (نسیم الریاض ج ۲۔ ص ۱۱۰/۱۱۱)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا
سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ
اپنی بیویوں کی باری تقسیم فرماتے تو
انصاف فرماتے اور فرماتے اے اللہ
یہ میری وہ تقسیم ہے جس کا میں مالک
ہوں اور جس کا (محبت) میں
مالک نہیں ہوں، مجھے ملامت نہ
کرنا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضور
اقدس ﷺ کی کلام کے بارے
میں روایت ہے کہ آپؐ کی کلام دوٹوک تھی،
نہ بے فائدہ تھی نہ ہی کم و کاست۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما
سے روایت ہے، کہ نضر بن حارث قرشی
نے کہا کہ محمد (ﷺ) نے تم
میں بچپن گزارا ہے جو تم میں سب سے
زیادہ پسندیدہ رہے ہیں اور تم سب سے
زیادہ بات کے سچے تھے اور تم میں سب سے
زیادہ امین رہے ہیں حتّٰی کہ جب انکے بالوں
میں سفیدی ظاہر ہوئی اور تمہارے پاس اللہ
کی وحی لائے تو تم نے انکو جادوگر کہنا شروع کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک یا حی وبعد دخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاعرب صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار اعلیٰ عربی جاننے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن یحیی بن یزید السعدی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا اعربکم انا من قریش ولسانی لسان بنی سعد بن بکر۔

(الطبقات الکبری لابن سعد ج ۱ ص ۱۱۳)

اوتی صلی اللہ علیہ وسلم جوامع الکلم وخص ببدائع الحکم وعلم السنۃ العرب یخاطب کل امۃ بلسانھا ویحاورھا بلغتھا ویباریھا فی منزع بلاغتھا۔

(سبل الھدی ج ۲ ص ۱۳۰)

حضرت یحییٰ بن یزید سعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے، میں تم سے زیادہ اونچی عربی جانتا ہوں کیونکہ میں قریش خاندان سے ہوں اور میری زبان حلیمہؓ کے خاندان بنی سعد کی زبان ہے۔

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جامع کلمے دیے گئے تھے اور دانائی کی باتوں سے خاص کیے گئے تھے اور آپؐ تمام عرب کی زبان سمجھتے تھے ہر قوم کو انہی کی زبان میں خطاب فرماتے تھے اور انکے محاورہ کو استعمال فرماتے تھے اور ان کی بلاغت کو بیان فرماتے تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اعرب العرب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تمام عرب سے زیادہ عربی جاننے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی سعید رضی اللہ عنہ
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
انا ابن عبد المطلب انا اعرب العرب ولدتنی قریش ونشأت فی بنی سعد بن بکر فانیٰ یاتینی اللحن - (رواہ الطبرانی - منتخب کنز العمال علی ھامش مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۲۳۳)

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ فرمایا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
نے میں عبد المطلب کا پوتا ہوں اور
تمام عرب کا فصیح تر عربی ہوں،
مجھے قریش نے جنا اور میں نے
بنی سعد قبیلے میں نشو ونما پائی،
پھر میری زبان پہ کہاں سے غلطی آ
سکتی ہے۔

عن بریدۃ رضی اللہ عنہ
قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
افصح الناس وکان یتکلم بالکلام لا یدرون ما ھو حتی یخبرھم۔
(رواہ ابو الحسن بن ضحاک وابن الجوزی سبل الھدیٰ ج ۲ - ص ۱۳۷)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
فصیح ترین لوگوں میں سے تھے اور
جب آپ کوئی کلام فرماتے تو لوگ
(اس کا مطلب) نہ جانتے تھے حتیٰ کہ
آپ خود اس کی وضاحت فرماتے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاعز ﷺ

ہمارے سردار سب سے عزت والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة الى قوله :

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ط

(سورة المنافقون - ۸)

فلقيه اسيد رضی بن حضير فسأله عن ذلك فاخبره فقال فانت يا رسول الله الاعز وهو الاذل -

(فتح الباری ج ۷ ص ۶۵ مطبوعہ مصر)

فكان اول من لقيه سعد بن عبادة رضی اللہ عنہ و يقال اسيد

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

"کہتے ہیں البتہ اگر ہم پھر گئے مدینہ کو تو نکال دیگا عزت والا ذلیل کو۔"

تو اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے آپ سرورِ کائنات ﷺ سے ملاقات کی اور آپ سے اسکی بابت پوچھا تو آپ نے اس کو بتایا تو وہ بولے یارسول اللہ (ﷺ)! آپ سب سے عزت والے ہیں اور وہ ذلیل ہے۔ سب سے پہلے جس نے آپ سے ملاقات کی وہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ تھے اور کہا جاتا ہے کہ اسید بن حضیر

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

ابن حضير و به جزم ابن اسحاق فقال السّلام عليك ايّها النّبى و رحمة الله وبركاته فقال عليه السّلام وعليك و رحمة الله وبركاته قال يارسول الله قد رحلت فى ساعة منكرة لم تكن ترحل فيها فقال اولم يبلغك ما قال صاحبك قال اى صاحب يا رسول الله قال ابن ابى زعم انه ان رجع الى المدينة اخرج الاعز منها الاذل فقال فانت يارسول الله تخرجه ان شئت فهو الاذل و انت اعز و العزة لله و لك و للمؤمنين۔

(تفسیر مظہری ج ۹۔ ص ۳۰۳)

رضی اللہ عنہ تھے اور ابنِ اسحاق رح نے اس کو درست کہا ہے۔ اس نے کہا آپ پر اے اللہ کے نبیؐ! سلام اور اس کی رحمت اور برکات ہوں! آپؐ نے فرمایا تجھ پر اس کا سلام اور اس کی رحمت اور اس کی برکات ہوں اس نے عرض کیا یا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپؐ نے غیر وقت کُوچ کیوں فرمایا؟ پہلے تو آپؐ نے کبھی اِس وقت کُوچ نہ کیا تھا۔ آپؐ نے فرمایا تجھے معلوم ہے جو کچھ تیرے ساتھی نے کہا۔ وہ بولے میرا کون سا ساتھی اے اللہ کے رسُول؟ آپؐ نے فرمایا عبداللہ بن ابی منافق کہ جب وہ مدینہ منورہ پہنچے گا تو وہاں سے عزّت والے ذلیل لوگوں کو نکال دیں گے۔ اُس نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسُول صلی اللہ علیہ وسلم! اگر آپؐ چاہیں گے تو اس کو نکال دینگے۔ وہ ذلیل ہے اور آپؐ عزّت والے ہیں اور عزّت تو صرف اللہ کیلئے ہے اور آپؐ کے لیے اور مومنوں کے لیے ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الاعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بڑی عظمت والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰے بِعَبْدِہٖ یعنی محمدًا ﷺ (لَیْلًا) ای فی جنح اللیل (مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ) وھو مسجد مکۃ (اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی) وھو بیت المقدس الذی بایلیاء معدن الانبیاء من لدن ابراھیم الخلیل علیہ الصلوۃ والسلام ولھذا جمعوا لہ ھناک کلھم فامھم فی محلتھم ودارھم فدل انہ ھو الامام الاعظم والرئیس المقدم صلوٰت اللہ وسلامہ علیہ وعلیہم اجمعین - (تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص)

پاک ہے وہ ذات جو اپنے بندہ یعنی محمد ﷺ کو تھوڑی سی رات میں لے گیا مسجد حرمت والی سے یعنی مکہ کی مسجد سے دُور کی مسجد کی طرف یعنی بیت المقدس لے گیا جو ایلیاء میں ہے وہ جو انبیاءؑ کی کان حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وقت سے چلا آرہا ہے اور وہاں تمام نبی آپؐ کیلئے ہی جمع کیے گئے تھے آپؐ نے ان کی ان کے محلّوں اور گھروں میں امامت فرمائی۔ پس ثابت ہوا کہ آپؐ حضورِ اکرم ﷺ ہی سب سے بڑے امام تھے اور رئیس مقدم تھے اللہ کے درود وسلام ہوں آپؐ پر اور ان تمام انبیاء پر۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

ہیں۔ اور یہ اسم گرامی آپؐ کا اس لیے رکھّا گیا۔ کیونکہ آپؐ کا اصل کام حق اور باطل کے درمیان برہان قائم کرنا تھا۔ اور نورِ مبین سے مراد قرآن کریم ہے۔ اور قرآن کریم کو نور اس لیے کہا گیا کیونکہ یہ دلوں میں ایمان کا نور داخل کرتا ہے اور جب حضرت محمّد اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا جہانوں کے لیے رسول ہونا ثابت ہو گیا اور قرآن کریم سچی کتاب ثابت ہو گئی تو اسکے بعد انکو حکم دیا کہ حضرت محمّد صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کی تابعداری کریں اور ان کو اس پر ثواب کا وعدہ دیا۔

ربّنا تقبّل منّا انّك انت السّمیع العلیم
آمین آمین آمین یا ربّ العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا بسط الکفین صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار کشادہ ہتھیلیوں والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

کنایۃ عن سعۃ العطاء والجود کقولہ:

بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ط (المائدۃ ۶۴)

(الشفاء للقاضی عیاض ج ۱ ص ۹۷)

بسط الکفین کنایہ ہے بخشش کی کشادگی اور سخاوت سے۔ جیسا اللہ تعالیٰ نے فرمایا بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں جس طرح چاہتا ہے خرچ کرتا ہے

عن ابی موسیٰ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم إن اللہ یبسط یدہ باللیل لیتوب مسیٔ النھار ویبسط یدہ بالنھار لیتوب مسیٔ اللیل حتی تطلع الشمس من مغربھا۔

(جامع الصغیر ج ۱ ص ۶۲)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنا ہاتھ رات کو پھیلاتا ہے تاکہ دن کو گناہ کرنے والا توبہ کرے اور دن کو اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے تاکہ رات کو گناہ کرنے والا توبہ کرے۔ حتیٰ کہ سورج مغرب سے طلوع ہوگا۔ (یعنی قرب قیامت)

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا البشر

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — انسان — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة الى قوله :

" قُلْ إِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰى اِلَيَّ "

(سورۃ حم سجدہ ٦)

(البشر) بشين معجمة محركة فى الأصل: الإنسان لظهور بشرته وهى ظاهر الجلد من الشعر بخلاف سائر الحيوانات لانها مستترة الجلد بالشعر والصوف والوبر وسمى به ﷺ لانه اعظم البشر واجلهم كما سمى بالناس من تسمية الخاص باسم العام -

(سبل الھدیٰ ج ۱ ص ۵۴۳)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

"آپ فرما دیجئے صرف میں تمہارے جیسا انسان ہوں میری طرف اللہ کی وحی آتی ہے"

بشر بشین کے ساتھ اور ش کی فتح سے جس کا معنی انسان ہے۔ بشر کو بشر اس لیے کہتے ہیں۔ کہ اس کا چمڑا ظاہر نظر آتا ہے۔ بخلاف دوسرے حیوانات کے کہ ان کا چمڑا بالوں اور اُون سے ڈھکا رہتا ہے حضور اقدس ﷺ کا یہ اسم گرامی اس لیے رکھا گیا ہے کہ آپ تمام بشروں سے عظیم اور بڑے ہیں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدہ وخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا بشری عیسیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار عیسیٰؑ کی بشارت درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن خالد بن معدان رضی اللہ عنہ عن اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انھم قالوا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخبرنا عن نفسک فقال دعوۃ ابی ابراھیم و بشری عیسی علیہ السلام ورأت امی حین حملت بی انہ خرج منھا نور اضاءت لہ بصری و بصری من ارض الشام۔

(المستدرک للحاکم ج ۲ - ص ۶۰۰)

فعلیٰ من البشارۃ وھی الخبر السار ای

حضرت خالد بن معدان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ذات کے بارے میں ہم کو باخبر فرمائیں۔ آپؐ نے جواب دیا میں اپنے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت ہوں اور میری ماں نے جب مجھے حمل میں اٹھایا تو انہوں نے دیکھا کہ ان سے ایک روشنی نکلی ہے جس نے بصریٰ کو روشن کر دیا اور بصریٰ شام کے علاقہ میں ہے

بشارت سے فعلیٰ کا وزن ہے جس کے معنی بشارت دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com

المبشر به قال الله تعالیٰ حاکیا عن عیسیٰ علیہ السلام "وَ مُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اِسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ط"

(سبل الهدیٰ ج ۱ - ص ۵۴۳)

عن ابی موسیٰ رضی اللہ عنہ قال امرنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان ننطلق مع جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ الی ارض النجاشی قال ما منعك ان تسجد لی قلت لا نسجد الا لله قال وما ذاك قلت ان الله بعث فینا رسوله وهو الرسول الذی بشر به عیسی بن مریم برسول یاتی من بعدی اسمه احمد فامرنا ان نعبد الله ولا نشرك به شیئاً۔

(اخرجه ابن مردویة)

(الدر المنثور ج ۶ - ص ۲۱۴)

نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حکایت بیان کی ہے۔ وُہ فرماتے ہیں کہ مَیں بشارت دینے کے واسطے آیا ہُوں۔ اس بڑے رسُول کی جو میرے بعد تشریف لائیں گے جن کا اسم گرامی احمدؐ ہوگا۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ہم حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے ساتھ نجاش کے ملک (حبشہ) جائیں۔ نجاشی نے کہا کہ تجھے کس چیز نے مجھے سجدہ کرنے سے روکا۔ مَیں نے کہا کہ ہم اللہ کے بغیر کسی کو سجدہ نہیں کرتے۔ نجاشی نے کہا کہ یہ کیوں؟ مَیں نے کہا کہ اللہ تعالےٰ نے ہم میں اپنا رسُول بھیجا ہے۔ اور وُہ رسُول ہیں جنکی بشارت حضرت عیسےٰ بن مریم علیہ السلام نے دی ہے کہ میرے بعد ایک بہت بڑے رسُول آئینگے جن کا نام احمدؐ ہوگا۔ اور اس رسُولؐ نے ہمیں حکم دیا ہے۔ کہ ہم اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وبعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا البشیر

صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار بشارت دینے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله:

" إِنَّا أَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّ نَذِيرًا ○ " (البقرة ۱۱۹)

عن ابی موسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہ ثم جئت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسلمت علیہ فقلت ھذا عمر بن الخطاب یستأذن فقال ائذن لہ وبشرہ بالجنۃ فجئت وقلت ادخل وبشرک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالجنۃ (الحدیث)

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۵۱۹)

اشارہ ہے اس قول کی طرف۔

"ہم نے آپؐ کو سچا دین دیکر بھیجا کہ خوشخبری سناتے رہیئے اور ڈراتے رہیئے"

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ پھر میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور سلام عرض کیا کہ یہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اجازت چاہتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا اس کو اندر آنے کی اجازت دو اور ساتھ ہی اسکو بہشت کی بشارت دو۔ میں واپس آیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تشریف لایئے اور آپ کو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے بہشت کی بشارت دی ہے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا البصیر صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار جمالِ حقیقی کو دیکھنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

حکی السبکی فی تفسیر" انہ ھو السمیع البصیر" أن الضمیر للنبیّ صلی اللہ علیہ وسلم قال ومعنی وصفہ بھما انہ الکامل فی السّمع والبصر اللذین یدرك بھما الآیات التی یریہ ایاھا فوصفہ بذلك وھو نذیر والانذار بالعقل وھما اعظم الحواس الموصلۃ الیہ لانہ لاکمل منہ فی الانذار والاستدلال انتھی یعنی ان وصفہ بھما بالحصر

علامہ سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے" انہ ھو السّمیع البصیر"

(سورۃ بنی إسرائیل - ۱)

کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ ضمیر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لوٹتی ہے۔ اور ان دونوں کو بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپؐ کی قوّت سمع اور بصارت جس سے نشانیوں کا ادراک ہوتا ہے کامل تھیں۔ اور ان کا بیان اس لیے کیا گیا ہے کہ آپؐ ڈرانے والے تھے اور ڈرانا عقل کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور عقل تمام حواس کی اعلےٰ ترین چیز ہے۔ اس سے ڈرانے میں کمال پیدا ہوتا ہے۔ ان دونوں

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

المستفاد من تعريف الطرفين وسيق للمدح ففسره بما يخصصه به و يصيره مدحاله وهو كما قيل مع بعده لاحاجة اليه فالاظهرأن المعنى السميع لكلام الله بلا واسطة البصير اى الناظر إلى نور جماله بعين بصره و هذا مما اختص به۔

(شرح المواهب اللدنية للزرقانی ج ۳۔ص ۱۳۴)

کو صیغہ حصر کے ساتھ بیان کیا گیا
یعنی سمع اور بصر پر الف لام آیا ہے
اور مقام مدح ہے۔ تو اس سے
خصوصیت پیدا ہو گئی ہے۔ تو صفت
معنی یہ ہے کہ آپ بلا واسطہ اللہ
کی کلام کو سننے والے اور اپنی نگاہ
سے نورِ جمال کو دیکھنے والے تھے
اور یہی آپ کی خصوصیت ہے

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یارب العلمین
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وبارک وسلم بعدد کل معلوم لک وبمد وخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا بکر امنۃ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار آمنہ کے اکلوتے لال درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

المرأة والناقة اذا ولدتا بطنا واحدًا واول ولد الابوين۔ (قاموس ج ۱ ص ۳۷۶)

عورت اور اونٹنی جس کے ہاں ایک ہی بچہ ہو۔ والدین کا پہلا اکلوتا فرزند۔

قال حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ

" يَا بِكْرَ آمِنَةَ
الْمُبَارَكَ ذِكْرُهُ
وَلَدَتْهُ مُحْصَنَةً
بِسَعْدِ الْأَسْعُدِ "

(طبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۲ ص ۳۲۲)

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

" اے آمنہ کے لال
جن کا ذکر مبارک ہے۔
جن کو پاک دامن نے جنا
نیک بختوں کے نیک بخت "

بکر: دوشیزہ و زن ناقۂ کہ یک شکم بیش زاد باشد و بچہ نخستین کہ پس ازوے ہنوز دیگر زاد باشد۔

(صراح۔ ج ۱ ص ۲۸۷)

نوجوان لڑکی یا عورت یا اونٹنی جو صرف ایک ہی بچہ جنے یا پہلا بچہ کہ اس کے بعد ابھی دوسرا بچہ پیدا نہ ہوا ہو۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعد دخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا البلیغ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار فصیح درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة الى قوله :

"وَقُلْ لَّهُمْ فِيْ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ○"

(سورۃ النساء ۶۳)

اشارہ ہے اس قول کی طرف۔
"اور ان سے انکی جانوں تک اثر کرنے والی بات کیجیے۔"

عن عرباض بن سارية رضی اللہ عنہ قال صلى لنا رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم الفجر ثم أقبل علينا فوعظنا موعظة بليغة ذرفت لها الاعين ووجلت منها القلوب قلنا أو قالوا يارسول الله صلی اللہ علیہ وسلم كان هذه موعظة مودع فاوصنا قال أوصيكم بتقوى الله والسمع والطاعة

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھائی پھر ہماری طرف متوجہ ہو کر بڑی بلیغ تقریر فرمائی جس سے ہماری آنکھیں بہ پڑیں اور دل نرم ہو گئے ہم نے یا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ واعظ وداع کرنے والے کی ہے۔ آپ ہمیں کچھ نصیحت فرمائیں۔ آپ نے فرمایا

Marfat.com

وان کان عبدا حبشیًا فانه من یعش منکم یری بعدی اختلافا کثیرا فعلیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المهدیین وعضوا علیها بالنواجذو ایاکم ومحدثات الامورفان کل محدثة بدعة وان کل بدعة ضلالة۔

(مسند الامام احمدبن حنبل ج۴ ص۱۲۶)

القول البلیغ وهو ان یکون کلامًا بلیغا طویلاحسن الالفاظ حسن المعانی مشتملا علی الترغیب والترهیب والاحذار والانذار والثواب و العقاب فان الکلام اذا کان هکذا اعظم وقعه فی القلب۔

(تفسیرکبیر لامام رازیؒ ج۳ ۔ص۲۵۰)

مَیں تمہیں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے اور سُننے اور اطاعت کرنے کی وصیّت کرتا ہوں۔ اگرچہ حبشی غلام ہو۔ جو میرے بعد تم میں سے زندہ رہے گا بہُت سے اختلافات دیکھے گا۔ میری سُنّت کو لازم پکڑنا اور خلفاء راشدین ہدایت یافتہ لوگوں کی سُنّت کو لازم پکڑنا اور اسکو دانتوں سے مضبُوط تھامنا اور نئے کاموں سے بچنا۔ ہر نیا کام بدعت ہے۔ اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

قول بلیغ یہ ہے کہ کلام پہنچنے والی لمبی جس میں اچھے الفاظ ہوں۔ اچھّے معانی ہوں جس میں رغبت اور ڈر ہو۔ اور بچنا اور ڈرانا اور ثواب اور اللہ کی گرفت ہو۔ جب ایسا کلام ہوگا۔ تو وُہ دلوں پر اثر کرتا ہے۔

ربّنا تقبّل منّا انّک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یاربّ العٰلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا البہاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار معزز درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

البھاء العز والشرف لانہ شرف ھذہ الامۃ وغیرھا۔ (شرح المواہب اللدنیۃ للزرقانی ج ۴ ص ۱۲۴)

بہار کا معنی عزت اور شرف ہے۔ کیونکہ آپ اپنی اُمت اور دوسری امتوں کے لیے باعث شرف ہیں۔

البھاء الحسن۔ (قاموس ج ۴ ص ۳۰۶)

بہار کا معنی خوبصورتی ہے۔

بھو - بھاء خوبی یقال منہ بھی الرجل و بھو۔ (صحاح ج ۲ ص ۴۳۰)

بھو اور بہار کے معنی خوبصورتی کے ہیں۔ عربی کا محاورہ ہے: بھی الرجل وبَھُوَ یعنی ناقص یائی اور ناقص واوی دونوں سے آتا ہے۔

بھی الرجل بھو الرجل درعربی بمعنی روشن وتاباں وخوب وزیبا۔ (غیاث اللغات ص ۷۷)

بہار عربی میں روشن اور تاباں اور خوب وزیبا کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا البھی صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — مجسّم حسن — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

الحسن العاقل ۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۴)

ذوالبھاء مما یملأ العین روعہ وحسنہ ۔

(تاج العروس ج ۱ ۔ ص ۵۱)

والبھی روی عن عروۃ رضی اللہ عنہ و البھاء الحسن ۔

(القاموس ج ۴ ۔ ص ۳۰۶)

خوبصورت دانا

وُہ حُسن والے جن کے دیکھنے سے انسان رُعب میں آجائے اور ان کا حُسن حیران کردے ۔

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ البھی کا معنی خوبصورتی ہے البھاء چہرے کی رونق کو کہتے ہیں واقعہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تمام جہان سے حسین تھے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک وبملء نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا البیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار مقاصد کو کھولنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة الی قوله:

"عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ○"

(سورة الرحمن ۴)

"ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ○"

(سورة القيامة ۱۹)

عن ابن شهاب رحمۃ اللہ علیہ قال قرأت کتاب رسول اللہ ﷺ الذی کتب لعمرو بن حزم رضی اللہ عنہ حین بعثہ علی نجران وکان الکتاب عند ابی بکر ابن حزم فکتب رسول اللہ ﷺ ھذا بیان من اللہ و رسولہ۔ (الحدیث)

(سنن النسائی ج ۲ ص ۲۲۱)

اشارہ ہے اُس قول کی طرف

"آپؐ کو بیان سکھایا۔"

"پھر ہمارے ذمہ اس کا بیان کرنا ہے۔"

امام ابن شہاب زہری رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ مَیں نے وُہ کتاب دیکھی ہے جو حضورِ اقدس ﷺ نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو اہل نجران کے عامل بننے پر لکھ کر دی تھی۔ وُہ کتاب حضرت ابوبکر بن حزم رضی اللہ عنہ کے پاس تھی۔ اُس میں آپؐ نے لکھا تھا یہ بیان اللہ تعالیٰ اور اسکے رسُول ﷺ کیطرف سے ہے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمد کلماتک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا نبینا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار آپ پر ہمارے آباء واجداد قربان ہوں درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن حفصة بنت سيرين رضي الله عنها قالت كنا نمنع عواتقنا ان يخرجن فقدمت امرأة فنزلت قصر بني خلف فحدثت ان اختها كانت تحت رجل من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم قد غزا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم اثنتي عشرة غزوة قالت اختي غزوت معه ست غزوات قالت كنا نداوي الكلمى و نقوم على المرضى فسألت اختي رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت هل على احد انا باس

حضرت حفصہ بنت سیرین رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ جوان عورتوں کو عیدگاہ میں جانے سے روک دیا جاتا تھا ایک عورت آئی جس نے بنی خلف کے محل میں نزول فرمایا اور اس نے بیان کیا کہ اسکی بہن اللہ کے پیغمبر کے صحابی کے نکاح میں تھی۔ جو بارہ غزوات میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا تھا میری بہن نے کہا چھ غزوات میں تو میں بھی آپ کے ساتھ تھی ہم زخمیوں کی مرہم پٹی اور بیماروں کی دیکھ بھال کرتی تھیں میری بہن نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

لمن لم یکن لها جلباب
ان لا تخرج فقال لتلبسها
صاحبتها من جلبابها و
لتشهد الخیر و دعوة
المؤمنین قالت فلما قدمت
ام عطیة رضی اللہ عنہا فسالتها او
سالناها هل سمعت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول
کذا و کذا قالت و
کانت لا تذکر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ابدا الا قالت
بیبا فقالت نعم بیبا
قال لیخرج العواتق ذوات
الخدور او قالت العواتق
وذوات الخدور والحیض
فشهدن الخیر ودعوة
المؤمنین ویعتزلن الحیض
المصلی فقلت لام عطیة
رضی اللہ عنہا الحائض فقالت او
لیس تشهدن عرفة وتشهد
کذا وتشهد کذا۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۸۴)

کہ ایک کنواری لڑکی کے پاس دوپٹہ نہ
ہو اور وہ عید کیلیے نہ جائے تو اس پر کوئی
گناہ ہوگا، تو اس پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ اسکی پڑوسن کو چاہیئے کہ اس
کیلیے دوپٹہ مہیا کرے تاکہ وہ بھلائی اور
مسلمانوں کی دعا میں شامل ہو حضرت حفصہ
رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ جب حضرت
ام عطیہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں تو ہم نے
اس سے پوچھا کہ تو نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
سے سنا ہے کہ آپ ایسے ایسے فرماتے
تھے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں
کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا جب جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتیں تو
بیبا کہتیں۔ تو انہوں نے کہا ہاں بیبا
نے فرمایا ہے کہ جوان لڑکیاں اور پردہ دار
اور حیض والیاں عیدگاہ کو نکلیں۔ تاکہ
بھلائی اور مسلمانوں کی دعا میں شامل
ہوں لیکن حیض والیاں عیدگاہ سے
علیحدہ رہیں۔ میں نے حضرت ام عطیہ
رضی اللہ عنہا سے کہا حیض والیاں بھی۔ انہوں نے
جواب دیا کیا حیض والیاں عرفات میں نہیں
جاتیں اور وہاں نہیں حاضر ہوتیں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی اٰلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا البینۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — واضح حجت — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة الى قوله:

"حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ"۔

(سورة البينة ۱)

اشارہ ہے اس قول کی طرف۔

"جب تک کہ ان کے پاس واضح دلیل آئی"۔

عن ابن جريج رضی اللہ عنہ فی قوله تعالىٰ "حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ" قال محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

(اخرجه ابن المنذر الدر المنثور ج ۶ ص ۳۷۹)

حضرت ابن جریج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان "حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ" سے مراد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

عن عكرمة رضی اللہ عنہ فی قوله تعالىٰ "مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ط" قال محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

(اخرجه ابن المنذر الدر المنثور ۶۔ ص ۳۷۹)

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان "مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ط" یعنی پیچھے اس چیز کے جو انکے پاس دلیل آئی" سے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا تارک الثقلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جانیوالے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی سعید رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی تارک فیکم الثقلین احدھما اکبر من الآخر کتاب اللہ حبل ممدود من السماء الی الارض وعترتی اھل بیتی وانھما لن یفترقا حتی یردا علی الحوض۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۳ ص ۱۴)

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑ چلا ہوں، دونوں ایک دوسری سے بھاری ہیں:

(۱) اللہ کی کتاب جو آسمان سے زمین تک رسّی لٹکائی گئی ہے۔ اور

(۲) میرا کنبہ اہل بیت اور وہ دونوں کبھی جدا نہ ہوں گے حتّٰی کہ وہ مجھے حوضِ کوثر پر ملیں گے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا التالی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار قرآن کی تلاوت کرنیوالے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

اشارۃ إلی قولہ :

" رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ "

(سورۃ الطلاق ۱۱)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

" ایک ایسے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) جو تم کو اللہ کی آیات پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں "

و إشارۃ إلی قولہ :

" كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا "

(سورۃ البقرہ ۱۵۱)

اور اشارہ ہے اس قول کی طرف :

" جیسا کہ بھیجا ہم نے بیچ تمہارے پیغمبر تم میں سے پڑھتا ہے اوپر تمہارے آیتیں ہماری "

و إشارۃ إلی قولہ :

" اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ "

(سورۃ العنکبوت ۴۵)

اور اشارہ ہے اس قول کی طرف :

" پڑھو جو کچھ وحی کی جاتی ہے طرف تیری کتاب سے اور قائم کر نماز کو "

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقتک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا تام الاذنین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار پورے گوش مبارک والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شثن القدمین والکفین ضخم الساقین عظیم الساعدین ضخم العضدین والمنکبین بعید ما بینھما، رحب الصدر، رجل الرأس اھدب العینین، حسن الفم حسن اللحیۃ، تام الاذنین، ربعۃ من القوم، لا طویل ولا قصیر احسن الناس لونا یقبل معا ویدبر معا، ارمثلہ ولم اسمع بمثلہ۔

(رواہ الواقدی۔ تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۹)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پورے قدم مبارک اور پوری ہتھیلیوں والے تھے بھری ہوئی پنڈلیوں والے، عظیم کلائی والے، بھرے ہوئے بازوؤں والے اور بھرے ہوئے فراخ کندھوں والے تھے، فراخ سینہ والے، کنگھی کیے ہوئے سر مبارک والے، سیاہ چشم خوبصورت دہان والے، خوبصورت ریش مبارک والے۔ پورے گوش مبارک والے، درمیانے قد مبارک والے نہ لمبے نہ پست قد والے تھے۔ رنگ میں حسین تر متوجہ ہوتے یا پیچھے مڑتے تو یکدم پھر جاتے، نہ میں نے آپ جیسا دیکھا اور نہ ہی سنا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا التذکرہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار نصیحت درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

"وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ○"

قيل المراد به محمد صلی اللہ علیہ وسلم

(شرح المواهب اللدنية ج ۳ ص ۱۲۵)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

"اور بلاشبہ یہ متقیوں کے لیے نصیحت ہے۔" اس سے مراد حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں۔"

وإشارة إلى قوله :

"كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ○ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ○" (سورة المدثر ۵۴/۵۵)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

"ہرگز نہیں یوں تحقیق یہ نصیحت ہے، پس جو کوئی چاہے یاد کرے اسکو"

وإشارة إلى قوله :

"كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ○ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ○" (سورة العبس ۱۱/۱۲)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

"ہرگز نہیں یوں تحقیق یہ نصیحت ہے پس جو کوئی چاہے یاد کرے اس کو۔"

وإشارة إلى قوله :

"فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ -" (سورة المدثر ۴۹)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

"پس کیا ہے ان کو کہ اس نصیحت سے منہ پھیرتے ہیں۔"

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا التقی ﷺ

ہمارے سردار پرہیزگار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

فعیل من التقوی قال عیاض رحمۃ اللہ علیہ وجد علی الحجارۃ القدیمۃ مکتوب محمد تقی مصلح سید أمین.

(شرح المواھب اللدنیۃ ج ۳ ص ۱۲۵)

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ آثارِ قدیمہ کے پتھروں پر یہ عبارت کندہ تھی کہ حضرت محمد ﷺ پرہیزگار، مصلح، سردار اور امین ہیں۔

قال عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ وفارق الدنیا تقیا نقیا۔

(سنن الدارمی ج ۱۔ ص ۴۲)

امیر المومنین حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے خطبہ میں فرمایا حضور اکرم ﷺ دنیا سے پاک صاف ہوکر تشریف لے گئے۔

عن عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ قال ان رسول اللہ ﷺ کان یدعو اللھم انی اسألک عیشۃ نقیۃ.

(الحدیث) (مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۳۸۱)

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضورِ اقدس ﷺ دعا کرتے تھے اے اللہ میں تجھ سے پاک زندگی مانگتا ہوں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا التلقیط صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار اصلی کان کا سونا درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

ذکرہ (ع) و قال ھو اسمہ فی کتب الروم۔

(سبل الھدی ج ۱ ص ۵۴۵)

اس اسم گرامی کو امام عزفی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ اسم گرامی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رومی کتابوں میں موجود ہے۔

زاد الشامی رحمۃ اللہ علیہ التلقیط ذکرہ العزفی رحمۃ اللہ علیہ وقال ھو اسمہ فی کتب الروم۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۵)

علامہ زرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے التلقیط کے لفظ کو زیادہ کیا ہے جس کو علامہ عزفی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے اور کہا کہ یہ اسم گرامی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا رومی کتابوں میں ہے۔

والتقط محرکۃ ... وقطع ذھب توجد فی المعدن۔ (القاموس ج ۲ ص ۳۸۴)

اور سونے کے ٹکڑے جو کان میں پائے جائیں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا التنزیل

صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار نازل کیے گئے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلىٰ قوله :

" تَنْزِيلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ " (سورۃ الحاقۃ ۴۳) قيل محمد فهو بمعنى رسول من الله - (شرح المواهب اللدنية ج ۳ ص ۱۲۵)

هو بمعنى المنزل اى المرسَل او المنزل إليه اى الموحىٰ اليه القرآن - (سبل الهدىٰ ج ۱ ص ۵۲۵)

فعلى الاوّل هو بمعنى قوله تعالىٰ " رَسُوْلٌ مِّنَ اللهِ " (سورۃ البیّنۃ ۲)

(سبل الهدىٰ ج ۱ ص ۵۲۵)

اشارہ ہے اِس قول کی طرف :

" اس کا نازل ہونا پروردگار کی طرف سے ہے"۔ اِس سے مراد حضرت محمد ﷺ ہیں۔" اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسُول"۔

تنزیل کا معنیٰ المرسل یا المرسل الیہ یعنی جن کی طرف قرآن وحی کیا گیا ہو۔

اگر پہلا معنیٰ ہو تو قرآنِ کریم کی اِس آیت کی طرف اشارہ ہوگا جس میں ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، مراد اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کیے گئے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی اٰلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا التہامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار مکہ مکرمہ کے رہنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

نسبة إلى تهامة من الاسماء مكة۔

(شرح المواہب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳۔ص ۱۲۵)

اس کی نسبت تہامہ سے ہے جو کہ مکہ مکرمہ کے ناموں میں سے ہے

و تهامة ما نزل عن نجد من بلاد الحجاز، سميت بذلك لتغير هوائها يقال تَهِمَ الدُّهْن إذا تغيّر وقال ابن فارس رحمۃ اللہ علیہ هي من تَهَم بفتحتين وهي شدّة الحر وركود الرّيح۔

(سبل الہدیٰ ج ۱ ص ۵۴۵)

اور تہامہ سے مراد وہ زمین ہے جو نجد کا نچلا علاقہ حجاز کے شہروں کی طرف ہے۔ اس کا نام تہامہ اس لیے پڑ گیا کیونکہ اس کی ہوا بدل جاتی ہے کہا جاتا ہے تہم الدھن یعنی گھی بدل گیا جب اس میں بدبو پیدا ہو جائے۔ ابن فارس رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں یہ تَہَمٍ سے ہے جس کا معنیٰ سخت گرمی اور ہوا کا بند ہو جانا ہے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
امین امین امین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک ومداد کلماتک وزنۃ عرشک ورضی نفسک ومنتہی رضاک اسئلک یا اللہ الذی لا الہ الا انت القیوم واتوب الیہ

سیدنا ثانی اثنین صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار دونوں میں سے ایک درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

" إِلَّا تَنْصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللهَ مَعَنَا ج

(سورة التوبة ۴۰)

اشارہ ہے اس قول کی طرف؛

"اگر تم لوگ رسول اللہ ﷺ کی مدد نہ کروگے تو اللہ تعالیٰ آپؐ کی مدد اعمی وقت کر چکا ہے جبکہ آپؐ کو کفار نے جلاوطن کر دیا تھا جبکہ دو آدمیوں میں ایک آپؐ تھے جس وقت دونوں غار میں تھے جبکہ آپؐ اپنے ہمراہی سے فرما رہے تھے۔ کہ تم غم نہ کرو یقیناً اللہ تعالیٰ ہمارے ہمراہ ہے۔

أخذ من الآية اى احد اثنين وهما رسول الله ﷺ و ابوبكر الصديق رضی اللہ عنہ و فی

یہ اسم گرامی آیت سے اخذ کیا گیا۔ یعنی دو میں سے ایک اور مراد ان دونوں سے حضور اقدس ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

هذه الآية الدليل الواضح على شدة مبالغته ﷺ في الادب مع ربه تعالىٰ ومحافظته عليه في حال يسره وعسره حيث قدم في هذا المقام اسم ربه استلذاذا به واجلالا له۔

(سبل الهدیٰ ج ۱ ص ۵۴۵)

رضی اللہ عنہ ہیں۔ اور اس آیت میں حضور اقدس ﷺ اپنے رب کے ساتھ زیادہ ادب کی واضح دلیل ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی حفاظت خاص کا بیان ہے۔ اور آپؐ کی تنگی اور کشادگی میں اللہ تعالےٰ کا شاملِ حال ہونا اس وجہ سے ہے کہ معیّت سے پہلے اللہ تعالیٰ کا نام آیا ہے جو بہت لذیذ اور شاندار ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الثمال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — جائے پناہ — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابن عمر رضی اللہ عنہما

یتمثل بشعرِ ابی طالب؛

وابیض یستسقی
الغمام بوجھہ۔
ثمال الیتمی
عصمۃ للارامل۔

وھو قول ابی طالب۔

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۱۳۷)

ای یکفی الیتامی
بافضالھم طعمھم او ملجاھم
او معینھم۔

(مجمع البحار ج ۱ ص ۱۶۳)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ابوطالب کا شعر (بارش کی دعا کے سلسلہ میں) پڑھا: وہ سفید چہرے والے ہیں۔ بارش طلب کی جاتی ہے۔ آپؐ کے چہرے کے واسطہ سے۔ آپؐ یتیموں کی پناہ گاہ اور بیواؤں کی عزت کے رکھوالے ہیں۔

یہ ابوطالب (حضورِ اقدس ﷺ کے چچا) کا شعر ہے۔ یعنی آپؐ یتیموں پر کھانے پلانے میں بہت مہربان تھے۔ یا آپؐ انکی جائے پناہ یا آپؐ ان کے مددگار تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ثمال الجبار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار پڑوسیوں کے سہارا درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

قالت صفیۃ بنت عبد المطلب رضی اللہ عنہا

"ثمام المعدمین وکل جار وماوی کل مضطھد غریب"

(طبقات الکبریٰ لابن سعد ج۲ - ص۳۲۹)

حضرت صفیہ بنت عبد المطلب رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔

بے پروں اور ہر پڑوسی کے سہارا اور ہر بے کس مسافر کی جائے پناہ

ثمال بالکسرہ پناہ یقال ثمال قومہ ای غیاث وعیاذ لھم - (صراح ج۲ ص۱۹۲)

ثمال ث کے کسرہ کے ساتھ پناہ کے معنی میں آتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ ثمال قومہ یعنی وہ قوم کا فریادرس اور پناہ ہے۔

اعدم اعدامًا وعدمًا بالضم افتقر

(القاموس ج۴ ص۱۴۸)

عدم باب افعال سے محتاجگی کے معنی میں آتا ہے یعنی آپؐ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم محتاجوں اور ہمسایوں کے فریادرس ہیں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ثمال المعدمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بے پروں کے سہارا درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

قالت صفیة بنت عبد المطّلب رضی اللہ عنہا ؎

ثِمَالِ المعدمین و کل جارٍ
و ماوٰی کُلِّ مُضْطَهَدٍ غَرِیْبِ

(طبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۲ - ص ۳۲۹)

الثمال بالکسر الملجاء والغیاث و قیل ھو المطعم فی الشّدۃ۔

(نہایۃ ابن اثیر ج ۱ ص ۱۵۹)

اعدام نیست گردانیدن و درویش شدن۔

(صراح ج ۲ ص ۳۱۵)

حضرت صفیہ بنت عبد المطلب رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

بے پروں اور ہر پڑوسی کے سہارا۔ اور ہر بے کس مسافر کی جائے پناہ۔

ثمال ث کے کسرہ کے ساتھ جائے پناہ اور فریادرس اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ جو سخت قحط سالی میں کھانا کھلائے

اعدام کے معنی ختم ہو جانے کے اور فقیر ہونے کے ہیں۔

یعنی حضورِ اقدس ﷺ جو لوگ ختم ہو چکے تھے ان کے اور فقیروں کے فریادرس تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقتک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا جار اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار اللہ کی پناہ میں درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن بريدة رضی اللہ عنہ قال شكى خالد بن وليد المخزومى رضی اللہ عنہ الى النبى صلی اللہ علیہ وسلم فقال يارسول الله ما انام الليل من الارق فقال نبى الله صلی اللہ علیہ وسلم إذا أويت الى فراشك فقل اللّٰھمّ ربّ السّمٰوٰت السبع وما اظلّت وربّ الارضين وما اقلّت وربّ الشياطين وما اضلّت كن لى جاراً مّن شرّ خلقك كلّهم جميعا أن يفرط علىّ أحد منهم او ان

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید مخزومی رضی اللہ عنہ نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس یہ شکایت کی کہ اے اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)! مجھے بیخوابی کی وجہ سے رات بھر نیند نہیں آتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تُو بستر پر رات کو جائے تو یہ دعا پڑھا کر۔ اے اللہ ساتوں آسمانوں کے ربّ اور اس کے ربّ جسکو ان سات آسمانوں نے سایہ کیا ہوا ہے اور زمینوں کے ربّ اور اس چیز کے رب جس کو انھوں نے اٹھایا ہوا ہے اور تمام شیطانوں کے

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امين امين امين يارب العلمين ط

Marfat.com

ینبغی عزّ جارك وجلّ ثناؤك و لا اله غیرك لا اله الا انت۔

(جامع الترمذی ج ۲ ص ۱۹۱)

ربّ اور ان کے ربّ جن کو ان شیطانوں نے گمراہ کیا ہے، تو میری پناہ بن جا اپنی تمام مخلوق کے شر سے، یہ کہ ان میں سے مجھ پر زیادتی کوئی کرے یا کوئی مجھ پر ظلم کرے تیری پناہ بڑی ہے اور تیری تعریف اونچی ہے اور تیرے سوا کوئی الٰہ نہیں اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الجامع صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار مجموعہ خصائل حمیدہ درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فضلت علی الانبیآء بستٍ اعطیت جوامع الکلم ونصرت بالرّعب و احلت لی المغانم وجعلت لی الارض طھوراً و مسجداً وارسلت إلی الخلق کافۃ وختم بی النّبیون ۔

(الصحیح لمسلم ج ۱ ۔ ص ۱۹۹)

الجامع لجمیع الخصال الحمیدۃ اللائقۃ بہ ۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ۔ ص ۱۲۵)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے چھ باتوں کی وجہ سے اور انبیاء علیہم السلام پر فضیلت دی گئی ہے۔ مجھے جامع کلمات عطا کیے گئے اور میری رعب کے ذریعہ مدد کی گئی اور میرے لیے غنیمتوں کو حلال کر دیا گیا اور میرے لیے تمام زمین پاک کرنے والی مسجد بنائی گئی اور میں تمام مخلوق کی طرف بھیجا گیا اور میرے اوپر نبوّت ختم کر دی گئی۔

خصائل حمیدہ جو آپ کو لائق ہے ان کو اکٹھا کرنے والے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الجائع صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار بھوکے رہنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت ما شبع آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم منذ قدم المدینۃ من طعام البر ثلث لیال تباعًا حتی قبض صلی اللہ علیہ وسلم۔

(صحیح البخاری ج ۲ - ص ۸۱۵)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں نے جب سے وہ مدینہ منورہ تشریف لائے، پے در پے تین رات متواتر گیہوں کی روٹی نہیں کھائی حتیٰ کہ وہ اللہ کو پیارے ہو گئے۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ انہ مر بقوم بین ایدیھم شاۃ مصلیۃ فدعوہ فابیٰ ان یاکل فقال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الدنیا ولم یشبع من خبز الشعیر۔

(صحیح البخاری ج ۲ - ص ۸۱۵)

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ کا ایک قوم پر گذر ہوا۔ جن کے آگے پوری بکری بھنی ہوئی رکھی تھی پس انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو دعوت دی تو انھوں نے کھانے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے لیکن کبھی پیٹ بھر کر جَو کی روٹی بھی نہ کھائی

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الجبار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سپہ سالار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

قال عیاض وابن دحیۃ رحمۃ اللہ علیہما سماہ اللہ فی کتابہ کتاب داؤد فقال تقلد سیفک ایھا الجبار فانا موسک وشریعتک مقرونۃ بھیبۃ یمینک۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۵)

قاضی عیاض اور ابن دحیہ رحمۃ اللہ علیہما نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ نام حضرت داؤد علیہ السلام کی کتاب (زبور) میں لکھا ہے پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے سپہ سالار تلوار کو کمر سے لٹکا، کیونکہ تیری وحی اور شریعت تیرے یقین کے ساتھ وابستہ ہے۔

ومعناہ فی حقہ صلی اللہ علیہ وسلم اما لاصلاحہ للامۃ بالھدایۃ والتعلیم او القھر اعدائہ او لعلو منزلتہ علی البشر وعظم خطرہ۔ (نسیم الریاض ج ۲ ص ۴۱۹)

جبّار کا معنیٰ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں یا تو اُمّت کی ہدایت اور تعلیم کے ساتھ اِصلاح فرمانا ہے، یا دشمنوں پر غلبہ حاصل ہونے پر یا تمام اِنسانیت پر آپ کا مرتبہ اونچا ہونے کی بنا پر رکھا گیا ہے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک

وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا جحفل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بڑی شخصیت درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

قال کعب بن مالك رضی اللہ عنہ یرثی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

علی سیّدِ ماجدِ جحفلٍ
وَخَیْرِ الْاَنَامِ وَخَیْرِ اللَّھَا

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۲ - ص ۳۲۴)

الرجل العظیم والسیّد الکریم والعظیم الجنبین۔

(القاموس ج ۳ - ص ۳۴۶)

رجل جحفل ای عظیم القدر

(صراح ج ۲ ص ۱۹۳)

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا مرثیہ پڑھا:

"عظیم مرتبہ سردار اور جہان سے بہتر اور بلند مرتبہ سخی۔

(جحفل کا معنیٰ) عظیم انسان اور بزرگ سردار اور دو دھال ننھیال دونوں طرف سے عظیم۔

رجل جحفل کا معنیٰ عظیم القدر انسان ہے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الجد صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار دن رات اللہ کی عبادت میں مشغول درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجتھد فی العشر الاواخر ما لا یجتھد فی غیرہ۔

(الصحیح لمسلم ج ۱ ص ۳۷۲)

او بکسرھا فقط بمعنی الاجتھاد فی الامر ای ذوالاجتھاد فی العبادۃ۔

(سبل الھدیٰ ج ۱ ص ۵۴۷)

اَلْجَدُّ وَ اَلْجُدُّ العظیم الحظ الجلیل القدر۔

(سبل الھدیٰ ج ۱ ص ۵۴۷)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرہ میں غیر معمولی کوشش کرتے تھے عبادت و طاعت میں اور کسی دوسرے عشرہ میں اتنی نہ کرتے تھے۔

اَلْجِدُّ ج کے کسرہ کے ساتھ یعنی کسی کام میں کوشش کرنا، تو معنیٰ یہ ہوگا کہ آپ عبادت میں کوشش کرنے والے تھے۔

ج کے فتح یا ضمہ کے ساتھ بڑے نصیبے والے، اونچی شان والے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الجلیل صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار بزرگ ترین ہستی درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

جلیل مِنْ جُلَّةٍ وجلالًا عَظُمَ۔ (قاموس ج ۳-ص ۳۴۹)

جلیل جِلّۃٌ سے ہے جس کے معنی عظیم کے ہیں۔

صفة مشبهة اى العظيم وقيل هو من كملت صفاته۔ (سبل الہدیٰ ج ۱ ص ۵۴)

صفتِ مشبّہ کا صیغہ ہے، یعنی بڑا اور جس کی صفتیں کمال کو پہنچ گئی ہوں۔

وقيل نقيض الكبير الصغير ونقيض الجليل الدقيق۔ (ایضاً)

کہا گیا ہے کہ الکبیر کی ضد الصّغیر ہے اور الجلیل کی ضد دقیق ہے۔

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال ليلة أسرى بنبى الله صلى الله عليه وسلم ودخل الجنة فسمع من جانبها وجسا قال ياجبرئيل ما هذا ؟ قال هذا بلال المؤذن فقال

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جس رات اللہ کے نبی ﷺ کو سیر کرائی گئی اور آپ بہشت میں داخل ہوئے تو آپ نے کچھ آہٹ سُنی، فرمایا جبرئیل! یہ کیا ہے؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی کہ یہ حضرت بلال (رضی اللہ عنہ)

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

نبی اللہ ﷺ حین
جاء الی الناس قد أفلح
بلال رأیت له کذا
وکذا قال فلقیه موسیٰ
علیہ السلام فرحب به وقال
مرحبا بالنبی الامّی
قال فقال وهو رجل
آدم طویل سبط شعره
مع أذنیه أو فوقهما
فقال من هذا یا
جبریل؟ قال هذا
موسیٰ علیہ السلام قال فمضی
فلقیه عیسیٰ علیہ السلام فرحب
به وقال من هذا
یاجبریل؟ قال هذا
عیسیٰ علیہ السلام قال فمضی
فلقیه شیخ جلیل مهیب
فرحب به وسلّم علیه و
کلهم یسلّم علیه قال من
هذا یاجبریل قال هذا
أبوك ابراهیم

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۱ ۔ ص ۲۵۷)

مؤذن ہیں۔ حضورؐ جب لوگوں کے
پاس واپس تشریف لائے تو آپؐ
نے فرمایا بلالؓ کامیاب ہوا میں نے
اس کے لیے ایسے ایسے دیکھا ہے۔
فرمایا پھر مجھے حضرت موسیٰ علیہ السلام
ملے اور انہوں نے فرمایا نبیِّ امیؐ
کو مرحبا ہو اور فرمایا وہ گندم گوں لمبے
انسان تھے جن کے بالوں کو کنگھی
کی گئی تھی اور ان کے بال کانوں تک
یا ان کے اوپر تھے۔ پھر آپؐ نے
حضرت جبریلؑ سے پوچھا یہ کون ہیں
جبریلؑ نے عرض کیا کہ یہ موسیٰ علیہ السلام
ہیں۔ آپؐ آگے گزر گئے اور آپؐ
کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مرحبا کہا
آپؐ نے فرمایا جبریلؑ! یہ کون ہیں
جبریلؑ نے عرض کیا یہ عیسیٰ علیہ السلام
ہیں، پھر آپؐ آگے چلے تو آپؐ کو
ایک بوڑھا جلیل القدر بارعب انسان ملا
اور اس نے آپؐ کو مرحبا کہا اور سلام
بھی کہا اور تمام نے آپؐ کو سلام کہا۔
آپؐ نے فرمایا جبریلؑ! یہ کون ہیں عرض کی
یہ آپؐ کے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یارب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الجواد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — سخی — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اجود الناس بالخیر وکان اجود ما یکون فی رمضان حین یلقاہ جبرئیل وکان جبرئیل یلقاہ کل لیلۃ فی رمضان حتی ینسلخ یعرض علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم القرآن فاذا القیہ جبرئیل کان اجود بالخیر من الریح المرسلۃ ۔ (صحیح البخاری ج ۱ ص ۲۵۴)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے بھلائی میں زیادہ سخی تھے اور بہت سخی آپ رمضان المبارک میں ہوتے تھے، جب آپ سے حضرت جبریل علیہ السلام ملاقات کرتے اور حضرت جبریلؑ آپ سے رمضان کی ہر رات ملاقات کرتے یہاں تک رمضان ختم ہو جاتا۔ آپ اس پر قرآنِ کریم تلاوت فرماتے۔ جب آپ کو حضرت جبریل علیہ السلام ملتے تو پھر آپ بھلائی میں تیز آندھی سے بھی زیادہ سخی ہو جایا کرتے تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الجواد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بزرگ سخاوت کرنیوالے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

بالتخفیف الکریم السخی الطائع الملی صفۃ مشبھۃ من الجود وھو سقہ الکرم او الطاعۃ۔

(سبل الہدیٰ ج ۱ ص ۵۴۷)

بزرگ مالدار، مطیع، سخاوت کرنے والے، جود سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے اور وہ بزرگی میں فراخی یا تابعداری میں فراخی کے معنوں میں مستعمل ہے۔

وھو من الجودۃ ای احسن جودًا او ابلغہ او من الجود الکرم۔

(مجمع البحار ج ۱ ص ۲۱۸)

اور وہ جودت (کھرا سونا) سے ہے کہ خوبصورتی میں حسین تر یا بلیغ تر یا اُس جُود سے ہے جس کے معنی بزرگی کے ہیں۔

جُود بالضم جوانمردی کردن

(صراح ج ۲-ص ۲۲۰)

جُود ج کی ضم کے ساتھ یعنی بہادری دکھانا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الجھضم

صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار بھاری بھرکم درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

العظیم الھامۃ المستدیر الوجہ الرحب الجبین واسع الصدر۔ (شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج۴ ص۱۲۵)

بڑے سر والے گول چہرہ والے اور فراخ پیشانی اور چوڑے سینہ والے۔

وھذہ الاوصاف مجتمعۃ فیہ صلی اللہ علیہ وسلم

(سبل الھدیٰ ج۱ ص۵۴۷)

اور یہ مذکورہ بالا صفات تمام کی تمام حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں جمع تھیں۔

جھضم مرد شگرف و بزرگ سر گرد روئے۔

(صحاح ج۲ ص۲۸۲)

بڑا آدمی، بڑے سر والے، گول چہرہ والے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحاتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تمام انبیاء سے حسین درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

هو من اسماء فی الکتب السالفة حکاه کعب الاحبار قال ثعلبٌ معناه احسن الانبیاء خَلْقًا وّ خُلُقًا۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳۔ ص ۱۲۶)

و الحاتم القاضی۔

القاموس ج ۲۔ ص ۹۳)

حتم استوار کردن کار و حکم کردن و واجب کردن کار بر کسے۔ (صراح ج ۲ ص ۲۸۳)

یہ اسم گرامی پہلی کتابوں میں پایا جاتا ہے جیسے کعب احبار رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔ ثعلب لغوی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ اس کے معنی تمام انبیاء کرام علیہم السلام سے خوبصورت، خوش اخلاق اور خوش خصال کے ہیں۔

اور حاتم جج کو کہتے ہیں۔

حتم کسی کام کو درست طریقے سے سنوارنا اور حکم کرنا اور کسی کا کسی پر حکم واجب کرنا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ملک ما اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبمدد یلیق وبحق قدسک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفرک انی لا الہ الا انت العلیم الحکیم واتوب الیک

سیدنا الحج صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار حج کرنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن جابر رضی اللہ عنہ قال
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
مکث تسع سنین لم
یحج ثم اذن فی
الناس فی العاشرۃ ان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
حاجٌ فقدم المدنیۃ
بشر کثیر کلھم
یلتمس ان یاتم برسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم و یعمل مثل
عملہ - (الصحیح لمسلم ج۱-ص۳۹۴)
عن عائشۃ رضی اللہ عنہا
انھا قالت خرجنا مع
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عام

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نو سال ٹھہرے رہے۔ آپؐ نے حج نہیں کیا۔ پھر دسویں سال لوگوں میں یہ اعلان فرمایا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم حج کرنے والے ہیں۔ اس پر مدینہ منورہ میں بے شمار لوگ آئے۔ سب کے سب اس چیز کے متلاشی تھے کہ جنابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں حج کریں اور ویسے عمل کریں، جیسے آپؐ عمل کرتے ہیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ فرماتی ہیں کہ ہم حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

حجة الوداع فمنّا من اهلّ بعمرة ومنّا من اهلّ بحج وعمرة ومنّا من اهل بالحج و اهل رسول الله ﷺ بالحج۔ (صحیح البخاری ج ۱ ص ۲۱۲)

حجّۃ الوداع کے سال نکلے ہم میں سے بعض ایسے تھے جنہوں نے عمرہ کا احرام باندھا اور بعض ایسے تھے جنہوں نے حج اور عمرہ کا اکٹھا احرام باندھا اور بعض ایسے تھے جنہوں نے حج کا احرام باندھا اور حضورِ اقدس ﷺ نے صرف حج کا احرام باندھا

عن زید بن ارقم رضی اللہ عنہ ان النبی ﷺ غزا تسع عشرة غزوة وانه حج بعد ما هاجر حجة واحدة لم يحج بعدها حجة الوداع۔ (صحیح البخاری ج ۲۔ ص ۶۳۲)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے انیس غزوے کیے ہیں اور آپ نے ہجرت کے بعد ایک ہی حج کیا اس کے بعد کوئی حج نہیں کیا، وہی حجّۃ الوداع ہے۔

ثم حجّة رسول الله ﷺ بالناس سنة عشر من مهاجره وهی التی یسمی الناس حجّة الوداع وكان المسلمون يسمونها حجّة الإسلام۔ (طبقات ابن سعد ج ۲ ص ۱۷۲)

پھر آپؐ نے ہجرت کے دسویں سال لوگوں کے ساتھ حج کیا اور یہ وہی حج تھا جس کو لوگ حجۃ الوداع کہتے ہیں اور عہدِ صحابہؓ کے مسلمان اس کا نام حجۃ الاسلام بولتے تھے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمعلومک وصلی نفسک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا البشر صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — اکٹھا کرنے والے — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی موسی الاشعری رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسمی لنا نفسہ اسماء فقال انا محمد واحمد والمقفی والحاشر ونبی التوبۃ ونبی الرحمۃ۔

(الصحیح لمسلم ج ۲ ص ۲۶۱)

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے لیے اپنے نام بیان فرماتے تھے۔ آپ فرماتے تھے کہ میں محمدؐ ہوں، احمدؐ ہوں، مقفی ہوں اور حاشر ہوں۔ میں نبی التوبہ ہوں اور میں نبی الرحمۃ ہوں۔

عن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان لی اسماء انا محمد وانا احمد وانا الماحی الذی یمحو اللہ بی الکفر وانا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی

(الصحیح لمسلم ج ۲ - ص ۲۶۱)

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے کئی نام ہیں میں محمدؐ ہوں میں احمد ہوں اور میں ماحی ہوں۔ اللہ تعالیٰ میری وجہ سے کفر کو مٹائے گا اور میں حاشر ہوں کہ لوگ (قیامت کے دن) میرے قدموں پر اکٹھے ہونگے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا طٰہٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار معزز اور بزرگ ہستی درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

قال العزفی رحمۃ اللہ علیہ ھو اسمہ فی الزبور۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳۔ص ۱۲۷)

امام عزفی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ یہ اسم زبور میں موجود ہے۔

وقد جاء فی القران الکریم احتجاج اللہ تعالیٰ علی اھل الکتاب فقال الذین اٰتینا ھم الکتاب یعرفونہ ای محمدا صلی اللہ علیہ وسلم کما یعرفون ابناء ھم و إنّ فریقًا منھم لیکتمون الحق وھم یعلمون وقال فلما جاءھم ماعرفوا کفروا بہ ای غیر ذلک من الآیات الدالۃ

اور قرآن میں اللہ تعالیٰ کا اہل کتاب کے جواب میں یہ فرمانا کہ جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس پیغمبر یعنی حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور ان میں ایک جماعت ایسی بھی ہے جو جان بوجھ کر سچ کو چھپاتی ہے اور فرمایا جب آپؐ انکے پاس آئے انہوں نے آپؐ کو خوب پہچان کر انکار کر دیا۔ ان کے علاوہ اور بیشمار آیتیں آئی ہیں جن میں دلیل ہے کہ قرآنِ کریم

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

صداقةً على ان كتبهم كان فيها هذه النصوص الدالة ان محمدًا ﷺ هو الّذى اخذ العهد به على بنى إسرائيل ان يؤمنوا به وينصروه وانه الذى بشر به عيسى بن مريم سلام الله عليهما كانوا يعرفون ذلك تمام المعرفة كما اعترف به كثير من احبارهم و رهبانهم من أمن منهم وهداه الله للإسلام۔

(هاشية اغاثة اللهفان ج ۲-ص ۳۵۲)

وكون اسمه مذكورا جيلا بعد جيل و مدح الشعوب له الى دهر الداهرين وهذه الاوصاف لم تجتمع على اكمل وجه فى نبى غير محمد ﷺ كما يخفى على كل ذى عقل وإنصاف۔

(الجواب الفسيح للعلامة الالوسى البغدادى ص ۹۲)

اِس بارے میں سچ بتاتا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے پکّا عہد لیا تھا کہ وُہ آپ سرورِ کائنات ﷺ پر ایمان لے آئیں اور ان کا ساتھ دیں اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے تو آپؐ کی بابت صریح پیشین گوئی فرمائی تھی جِس کو وُہ اچھّی طرح جانتے پہچانتے تھے، جیساکہ اعتراف کیا ہے (یہود کے) بے شمار علماء اور درویشوں نے کہ جو شخص ان میں سے ایمان لایا اور اسے اللہ نے اسلام کی ہدایت دی۔

اور آپؐ کا اسمِ گرامی مدّت مدید سے اگلی کتابوں میں مذکور چلا آتا ہے اور قیامت تک قومیں آپؐ کی مدح سرائی میں مشغول رہیں گی اور یہ مذکورہ بالا صفات دُنیا میں کسی ہستی میں، سوائے حضور اقدس ﷺ کے نہیں پائے گئے اور یہ بات کسی صاحبِ عقل و انصاف سے پوشیدہ نہیں ہے۔

ربّنا تقبّل منّا إنّك أنت السّميع العليم
آمين آمين آمين يا ربّ العلمين ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحافظ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار حافظ درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

سمی به لانه الحافظ للوحی والامة ۔

(شرح المواهب اللدنية للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۶)

یہ نام اِس لیے رکھا گیا ہے کہ آپؐ حافظِ وحی ہیں اور اپنی اُمّت کی حفاظت فرمائیں گے

قال الغزالی رحمۃ اللہ علیہ والحافظ من العباد من یحفظ جوارحه و قلبه و یحفظ دینه عن سطوة الغضب وصلابة الشهوة وخداع النفس و غرور الشیطان وهو اسم فاعل من الحفظ ۔

(سبل الهدیٰ ج ۱ ص ۵۲۹)

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حافظ اِنسانوں میں اُس کو کہتے ہیں جو اپنے اعضاء اور دل کی حفاظت کرے اور اپنے دِین کی شیطانی غلبے سے حفاظت کرے اور شہوت کی سختی اور نفس کے دھوکہ اور شیطان کی چال سے بچائے اور وہ حِفظ سے اسمِ فاعل کا صِیغہ ہے ۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحاکم صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار صحیح صحیح فیصلہ کرنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

اشارۃ الی قولہ:

"اِنَّا اَنْزَلْنَا اِلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَیْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ط"

(سورۃ النساء ۱۰۵)

"وَ اِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ط اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ○"

(سورۃ المائدۃ ۴۲)

"فَاحْكُمْ بَیْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ۔" (سورۃ المائدۃ ۴۸)

"وَ اَنِ احْكُمْ بَیْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۔" (سورۃ المائدۃ ۴۹)

اشارہ ہے اس قول کی طرف:

"بے شک ہم نے آپؐ کی طرف سچی کتاب اتاری تاکہ آپؐ لوگوں کے درمیان اس کے موافق فیصلہ کر سکیں جو کہ اللہ نے آپؐ کو بتلا دیا ہے"

"اور اگر آپؐ ان کے درمیان فیصلہ کریں تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کریں بیشک اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں۔"

"ان کے درمیان اس چیز سے فیصلہ کریں جو اللہ تعالیٰ نے اتاری ہے"

"اور یہ کہ آپؐ ان کے درمیان اس چیز سے فیصلہ کریں جو اللہ تعالیٰ نے اتاری اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں"

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحامد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

"اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ
الْحَامِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ
الرَّاكِعُوْنَ السَّاجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ
بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ
عَنِ الْمُنْكَرِ وَ الْحٰفِظُوْنَ
لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ط وَ بَشِّرِ
الْمُؤْمِنِيْنَ ○ "

(سورة التوبة ۱۱۲)

عن انس رضی اللہ عنہ
قال ﷺ فیقول
عیسیٰ علیہ السلام لست هناكم
ولكن ائتوا محمدًا عبدًا
غفر الله له ما تقدم

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

" وہ ایسے ہیں جو توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، تعریف کرنے والے ہیں، روزہ رکھنے والے ہیں، رکوع اور سجدہ کرنے والے ہیں، نیک باتوں کا حکم کرنے والے اور بُری باتوں سے منع کرنے والے ہیں اور اللہ کی حدود کا خیال رکھنے والے ہیں اور ایسے مومنین کو آپ خوشخبری سنا دیجیے "

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا (محشر کے میدان میں) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے کہ میں اس جگہ نہیں جا سکتا لیکن تم حضرت محمد مصطفےٰ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

من ذنبه وما تاخر
فياتوني فانطلق
فاستأذن على ربي
ويؤذن لي عليه
فاذا رايت ربي وقعت
له ساجدا فيدعني
ماشاء الله ان يدعني
ثم يقال ارفع
مُحمّد (ﷺ) وقل
يُسمَع وسل تعطه
واشفع تشفع فاحمد
ربي بمحامد علمنيها
ربّي ثمّ اشفع
فيحد لي حدا فادخلهم
الجنّة ثمّ ارجع
فاذا رايت ربّي وقعت
له ساجدا فيدعني
ماشاء الله ان
يدعني ثم يقال
ارفع مُحمّد (ﷺ)
وقل تسمع وسل
تعطه واشفع تشفع

ﷺ جو اللہ کے بندے ہیں جن کے اگلے پچھلے گناہ اللہ نے معاف کر دیے ہیں، کے پاس جاؤ۔ فرمایا وہ میرے پاس آئیں گے اور میں اپنے رب سے اجازت طلب کروں گا اور مجھے اجازت دی جائے گی جب میں اپنے رب کو دیکھوں گا تو میں اس کے لیے سجدے میں گر جاؤں گا پھر اللہ مجھے جتنی مدّت چاہے گا وہاں چھوڑے گا پھر کہا جائے گا محمّد مصطفٰے ﷺ! سر اٹھائیے اور کہیے تمہاری بات سنی جائے گی اور مانگیے آپؐ کو ملے گا اور شفاعت کیجیے آپؐ کی شفاعت منظور ہو گی۔ پھر میں اپنے رب کی وہ تعریفیں کروں گا جو میرا رب مجھے سکھائے گا۔ پھر میں سفارش کروں گا میرے لیے ایک حد مقرر ہو گی۔ میں ان کو جنّت میں داخل کرونگا، پھر میں واپس موڑ لگا جب اپنے رب کو دیکھوں گا تو میں اس کیلئے سجدے میں گر جاؤنگا۔ پھر اللہ تعالےٰ مجھے چھوڑے گا جتنی مدت چاہے گا پھر کہا جائیگا محمّد مصطفٰی (ﷺ) اسر اٹھائیے

فاحمد ربّی بمحامد علّمنیها ربی ثمّ اشفع فیحدلی حدا فادخلهم الجنّة ثمّ ارجع فاذا رایت ربی وقعت له ساجدا فیدعنی ماشاء الله ان یدعنی ثمّ یقال ارفع محمّد (صلی اللہ علیہ وسلم) وقل تسمع واشفع تشفع وسل تعطه فاحمد ربّی بمحامد علمنیها ربّی ثمّ اشفع فیحدّ لی حدًا فادخلهم الجنّة۔

(صحیح البخاری ج۲- ص۱۱۰۲)

اور کہیے آپؐ کی بات سنی جائے گی، مانگیے آپؐ کو دیا جائے گا اور شفاعت کیجئے آپؐ کی شفاعت منظور ہوگی، پھر مَیں اپنے ربّ کی وُہ تعریفیں کرونگا جو وہ مجھے سکھائے گا۔ پھر مَیں سفارش کرونگا، میرے لیے حد مقرّر ہو جائیگی۔ پھر مَیں انکو جنّت میں داخل کرونگا پھر واپس ہونگا پھر مَیں جب اپنے ربّ کو دیکھوں گا تو مَیں اس کیلئے سجدے میں گر جاؤں گا جب تک وہ چاہے گا، پھر کہا جائے گا، محمّدِ مصطفٰے! سر اٹھائیے اور کہیے، آپؐ کی بات سُنی جائیگی اور سفارش کیجئے منظور ہوگی، مانگیے آپؐ کو ملے گا، پس مَیں اپنے ربّ کی وُہ تعریفیں کرونگا جو میرا ربّ مجھے سکھائے گا پھر مَیں سفارش کروں گا میرے لیے حد مقرر ہو جائیگی پھر مَیں ان کو جنّت میں داخل کروں گا۔

فهذا الوصف ظاهر فی نبیّنا محمّد (صلی اللہ علیہ وسلم) فانه و امّة الحمّادون الّذین یحمدون الله علی کل حال۔

(الجواب الفصیح للعلامۃ الالوسی البغدادی ص۸۵)

اور یہ وصف ہمارے نبی حضورِ اقدس محمّد (صلی اللہ علیہ وسلم) میں بالکل نمایاں ہے کیونکہ آپؐ اور آپؐ کی اُمّت ہی وُہ ہستیاں ہیں جو ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتے ہیں۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی اٰلہ واصحابہ وعترتہ وعدد کل معلوم لک
ومداد کلمٰتک ومل ء ما ملأ کلمٰتک ومداد کلمٰتک الذی لا الٰہ الا ھو کلما ذکرک الذاکرون وغفل عن ذکرک الغافلون

سیدنا حامل الکل صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار لوگوں کا بوجھ اٹھانے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن عائشة رضی اللہ عنہا
فقالت خديجة رضی اللہ عنہا
كلا و الله ما يخزيك
الله ابدا إنّك
لتصل الرحم و
تصدق الحديث و
تحمل الكل و تكسب
المعدوم و تقرى
الضيف و تعين
على نوائب الحق۔
(الحديث)

(صحیح البخاری ج ۱ - ص ۲۰۲
وصحیح البخاری ج ۲ - ص ۷۳۹)

اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضورِ اقدس ﷺ غارِ حرا سے اتر کر گھر تشریف لائے تو اُمّ المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپؐ کو تسلی دی اور عرض کی کہ ایسی بات نہیں، اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ آپ کو کبھی ذلیل وخوار نہیں کرے گا کیونکہ آپؐ تو رشتہ داری کو قائم رکھتے ہوئے ہیں اور آپؐ سچی بات کرتے ہیں اور لوگوں کے بوجھ اٹھاتے ہیں اور ناکارہ لوگوں کے کام آتے ہیں اور آپؐ مہمان نواز ہیں اور جتنے سچائی کے معاملات ہیں اِن میں آپؐ بھرپور اعانت فرماتے ہیں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حامل لواء الحمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حمد کا جھنڈا اٹھانے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی سعید رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا سید ولد اٰدم یوم القیمۃ ولا فخر بیدی لواء الحمد ولا فخر وما من نبی یومئذ اٰدم فمن سواہ الا تحت لوائی وانا اول من تنشق عنہ الارض ولا فخر وفی الحدیث قصۃ وھذا حدیث حسن۔

(جامع الترمذی ج ۲ ص ۲۰۱/۲۰۲)

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں قیامت کے دن اولادِ آدم کا سردار ہوں گا اور کوئی فخر نہیں اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور کوئی فخر نہیں اور تمام بنی آدم اور انکے سوا تمام اس دن میرے جھنڈے کے نیچے ہونگے اور میں سب سے پہلا ہوں گا جس سے زمین شق ہوگی، کوئی فخر نہیں اس حدیث میں ایک قصہ ہے یہ حدیث حسن ہے

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا حامل لواء الحمد یوم القیامۃ تحتہ اٰدم فمن دونہ ولا فخر (الحدیث) (سنن الدارمی ج ۱ ص ۲۶)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور میں قیامت کے دن تعریف کے جھنڈے کو اٹھاؤں گا۔ آدمؑ سے لے کر تمام لوگ اس جھنڈے کے نیچے کھڑے ہونگے اور میں فخر نہیں کر رہا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حامل اللوائی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار وحی کو اٹھانے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله:

" فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ط"

(سورة النور ۵۴)

عن عائشة أمّ المؤمنين رضی اللہ عنہا أن الحارث بن هشام (رضی اللہ عنہ) سأل رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم فقال يا رسول الله (صلی اللہ علیہ وسلم) كيف يأتيك الوحي فقال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم احيانا يأتيني مثل صلصلة

اشارہ ہے اس قول کی طرف:

" پھر اگر روگردانی کروگے تو سمجھ رکھو کہ رسول کے ذمہ وہی ہے جس کا اس پر بار رکھا گیا ہے اور تمہارے ذمہ وہ ہے جو تم پر بار رکھا گیا ہے۔"

اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ پر وحی کس طرح آتی ہے تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کبھی تو میرے پاس مثل گھنٹی کے آواز آتی ہے اور تمام وحیوں میں یہ (قسم وحی

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

الجرس وهو اشدّه علی فیفصم عنی وقد وعیتُ عنه ما قال واحیانا یتمثل لی الملك رجلا فیکلمنی فاعی ما یقول قالت عائشة رضی اللہ عنہا ولقد رأیته ینزل علیه الوحی فی الیوم الشدید البرد فیفصم عنه و انّ جبینهٗ لَیتفصد عرقًا۔

(صحیح البخاری ج ۱-ص ۲)

کی) مجھ پر زیادہ دشوار ہے۔ پھر (یہ حالت دُور ہو جاتی ہے) اِس حال میں (فرشتے نے) جو کچھ کہا مَیں اس کو اخذ کر چکتا ہوں اور کبھی فرشتہ میرے آگے آدمی کی صُورت بن (کر آ) جاتا ہے اور مجھ سے کلام کرتا ہے تو جو وہ کہتا ہے اس کو مَیں حِفظ کر لیتا ہوں۔ حضرت عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ بے شک مَیں نے سخت سردی کے دِن آپ ﷺ پر وحی اترتے ہوئے دیکھی اور (یہ دیکھا کہ اس وقت) آپ ﷺ کی (مقدس) پیشانی سے پسینہ بہنے لگتا تھا۔

عن ابی جعفرؒ قال : نزل الملك علی رسول اللہ ﷺ بحِراء یوم الاثنین لسبع عشرة خلت من شهر رمضان و رسول اللہ ﷺ یومئذٍ ابن اُربعین سنة و جبریل علیہ السلام الّذی کان ینزل علیه بالوحی۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱ ص ۱۹۴)

حضرت ابو جعفر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ پہلی مرتبہ جو فرشتہ حضور اقدس ﷺ کے پاس غارِ حرا میں وحی لایا اس روز پیر کا دن تھا اور رمضان کی سترہ تاریخ تھی اور اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک چالیس سال تھی اور حضرت جبریل علیہ السلام ہی آپ ﷺ پر وحی لایا کرتے تھے۔

ربّنا تقبّل منّا انّك انت السّمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا ربّ العٰلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحی صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار امت کی حمایت کرنیوالے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن حذیفة بن الیمان رضی اللہ عنہ یقول غاب عنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یومًا فلم یخرج حتی ظننا انه لن یخرج فلما خرج سجد سجدة فظننا ان نفسه قد قبضت منها فلمّا رفع رأسه قال ان ربّی تبارك وتعالیٰ استشارنی فی امّتی ماذا افعل بهم فقلت ما شئت أی رب هم خلقك و

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن ہم سے غائب رہے۔ گھر سے باہر تشریف نہ لائے حتّٰی کہ ہم نے گمان کیا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کبھی باہر تشریف نہ لائیں گے۔ پھر جب آپؐ تشریف لائے تو آپؐ نے ایک لمبا سجدہ کیا جس پر ہمیں گمان ہوا کہ آپؐ کا وصال ہوگیا ہے۔ جب آپؐ نے سجدہ سے سر اٹھایا تو فرمایا میرے ربّ تبارک وتعالیٰ نے مجھ سے میری امّت کے بارے میں مشورہ طلب کیا کہ میں ان سے کیا کروں تو میں نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار جو تُو چاہے کر،

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

عبادک فاستشارنی الثانیة فقلت له کذلك فقال لا اخزنك فی امتك یا محمد و بشرنی ان اوّل من یدخل الجنّة من امتی سبعون الفا مع کل ألف سبعون الفا لیس علیهم حساب ثم ارسل الی فقال ادع تجب و سل تعط فقلت لرسولہٖ او معطی ربّی سؤلی فقال ما ارسلنی الیك الا لیعطیك و لقد اعطانی ربّی عزّوجلّ ولا فخر و غفرلی ما تقدم من ذنبی وما تاخر و انا امشی حیا صحیحا و

وہ تیری ہی مخلوق ہے تیرے ہی بندے ہیں۔ پھر دوبارہ مجھ سے دریافت کیا میں نے پھر ویسے ہی جواب دیا تو اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے محمدؐ! ہم تجھے تیری اُمّت کے بارے میں غمگین نہیں کریں گے اور مجھے بشارت دی کہ سب سے پہلے جو آپؐ کی اُمّت میں سے جنّت میں داخل ہوں گے وہ ستّر ہزار ہوں گے۔ ہر ایک کے ساتھ ستّر ہزار اور ہوں گے۔ (یہ وہ ہونگے جن سے حساب نہیں لیا جائیگا پھر اللہ تعالیٰ نے میری طرف پیغام بھیجا کہ دعا مانگ قبول کی جائے گی سوال کر، دیا جائے گا۔ تو میں نے اللہ کے پیامبر کو کہا کہ کیا اللہ تعالیٰ میرے تمام سوالوں کو قبول فرمائے گا؟ تو فرشتہ بولا کہ مجھے تو بھیجا ہی اس نے اسی لیے ہے کہ آپؐ کو اللہ تعالیٰ ہر وہ چیز عطا فرمائے گا جو آپؐ نے اس سے مانگی ہے اور مجھے میرے ربّ نے سب کچھ عطا کر دیا اور مجھے اِس پر فخر نہیں ہے اور میرے اگلے پچھلے گناہ

ربّنا تقبّل منّا انّك انت السّمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا ربّ العلمین ط

Marfat.com

اعطانی ان لا تجوع امتی ولا تغلب و اعطانی الکوثر فهو نهر من الجنة یسیل فی حوضی واعطانی العزّ والنصر والرعب یسعی بین یدی امتی شهرا و اعطانی انی اوّل الأنبیاء ادخل الجنة وطیب لی و لامتی الغنیمة و احل لنا کثیرا ممّا شدد علی من قبلنا و لم یجعل علینا من حرج۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج۵ ص۲۹۲)

معاف کردیے اور میں حیا سے صحیح طور پر چل رہا ہوں اور مجھ کو اللہ تعالیٰ نے یہ بھی بشارت دی کہ میری امّت نہ کبھی فاقہ میں مبتلا ہوگی اور نہ ہی کبھی مغلوب ہوگی اور مجھے حوضِ کوثر عطا فرمایا جو جنّت میں ایک نہر ہے جسکا پانی میرے حوض میں گرے گا اور مجھ کو عزّت، نصرت اور رُعب بخشا جو کہ میری اُمّت کو ایک مہینہ کی مسافت تک دیا گیا ہے (یعنی کفّار لوگ اُمّت سے ایک ماہ کی مسافت کے فاصلہ پہ ہی ڈریں گے) اور مجھ کو یہ بھی عطا فرمایا کہ میں نبیوں میں سے پہلا ہوں گا جو بہشت میں داخل ہونگا اور میرے اور میری اُمّت کے لیے غنیمت کا مال پاک کر دیا گیا ہے اور بہت سی چیزوں کو حلال کر دیا جسکی اگلے لوگوں پر سختی تھی اور اس نے ہم پر کوئی مشکل نہیں ڈالی۔

المانع لامته من ایقدی والحافظ لها من الردی۔

(سبل الھدی ج۱۔ص۵۵۰)

الحامی، اپنی اُمّت کو دشمن سے بچانے والے اور ان کو ہلاکت سے حفاظت کرنے والے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحامد صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار اُمّت کو آگ سے دور لے جانے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إسم فاعِل من حَاد عنه يحيد - (شرح المواهب اللدنية للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۶)

یہ حاد، یحید سے اِسم فاعل کا صیغہ ہے۔

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم إسمی فی القرآن محمّد و فی الإنجیل احمد و فی التّوراۃ أحید و انما سمیت احید لانی أحید عن امتی نارَ جھنّم - (رواہ ابن عدی و ابن عساکر کما فی کتاب تھذیب الاسماء و اللغات - شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۸۸)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا نام قرآن میں محمّد ہے اور انجیل میں احمد ہے اور توراۃ میں احید ہے۔ احید اس لیے پکارا جاتا ہے کیونکہ مَیں اپنی اُمّت کو دوزخ کی آگ سے ایک طرف لے جانے والا ہوں۔

قال الزّرقانی رحمۃ اللہ علیہ فی شرحہٖ ای أدفعھا عنھم بشفاعتی - (شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۸۸)

علامہ زرقانی رحمۃ اللہ علیہ اسکی شرح میں فرماتے ہیں۔ یعنی مَیں ان کو اپنی شفاعت کے ساتھ دوزخ سے دُور لے جاؤں گا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

۳۲۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حبنطا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حرم کے محافظ درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

حماطیط وحیاطی من أسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الکتب السابقۃ ای حامی الحرم (القاموس ج ۲ ص ۳۵۹) قال العزفیؒ ھو اسمہ فی الإنجیل (شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۷) عن عروۃ بن الزبیر رضی اللہ عنہ قال صلی اللہ علیہ وسلم للعباس (رضی اللہ عنہ) احبس ابا سفیان عند حطم الخیل حتی ینظر الی المسلمین فحبسہ العباس (رضی اللہ عنہ) فجعلت القبائل تمر مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم کتیبۃ کتیبۃ علی ابی

حماطیط اور حیاطی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے گرامی ہیں جو پہلی کتابوں میں تھے، یعنی حرم پاک کے حامی۔ علامہ عزفیؒ کا بیان ہے کہ یہ اسم انجیل میں موجود ہے۔

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ ابوسفیان کو گھوڑوں کے ہجوم کے پاس کھڑا کردو تاکہ مسلمانوں کی شوکت ملاحظہ کرے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ابوسفیان کو (مقام مذکور پر) کھڑا کردیا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ قبیلے قبیلے گزرنے شروع ہوئے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

سفيان فمرت كتيبةٌ
قال يا عباسؓ
من هذه ؟ قال
هذه غفار. قال
مالي و لغفار ثم مرت
جهينة قال مثل
ذلك ثم مرت سعد
ابن هذيم فقال مثل
ذلك ثم مرت
سليم فقال مثل
ذلك حتّى اقبلت
كتيبة لم ير مثلها قبل
قال من هذه ؟ قال
هؤلاء الأنصار عليهم
سعد بن عبادة رضی اللہ عنہ
مع الراية فقال
سعد بن عبادة رضی اللہ عنہ :
"يا ابا سفيان !
اليوم يوم الملحمة
اليوم تستحل الكعبة "
فقال ابوسفيان :
ياعباس، حبذا يوم

ٹکڑا ٹکڑا لشکر کا ابوسفیان کے پاس سے
گزرا۔ ابوسفیان بولا اے عباسؓ! یہ
کون ہیں؟ وہ بولے یہ قبیلہ غفّار ہے۔
ابوسفیان نے کہا میری اور غفّار کی
تو لڑائی نہ تھی (پھر یہ حضورِ اقدس
ﷺ کے ہمراہ چڑھ کر کیوں آئے
ہیں) پھر قبیلہ جہینہ گزرا اور ابوسفیان نے
مثلِ اوّل گفتگو کی۔ پھر قبیلہ سعد بن ہذیم
گزرا پھر ابوسفیان نے پہلے کی طرح
کہا پھر قبیلہ سلیم گزرا تو ابوسفیان نے
یہی بات کہی۔ پھر ایک لشکر آیا کہ اس
جیسا ابوسفیان نے نہیں دیکھا تھا پوچھا
یہ کون ہے؟ حضرت عبّاسؓ نے جواب
دیا یہ انصار ہیں، انکے امیر سعدؓ بن عبادہ
ہیں، انہی کے پاس جھنڈا ہے پھر
سعدؓ بن عبادہ نے کہا اے ابوسفیان!
آج کا دن (کفّار کے) قتل کا دن ہے
آج کے دن کعبہ حلال ہو جائے گا،
(یعنی کفّار کا قتل اِس میں جائز ہو جائیگا)
ابوسفیان نے کہا اے عبّاسؓ! اچھا
تباہی کا دن آیا۔ پھر ایک لشکر آیا
اور وُہ سب لشکروں سے چھوٹا تھا،

الذمار ثم جاءت كتيبة وهى اقل الكتائب فيهم رسول الله ﷺ واصحابه و راية النبى ﷺ مع الزبير ابن العوام فلمّا مرّ رسول الله ﷺ بابى سفيان قال الم تعلم ما قال سعد بن عبادة رض قال ما قال قال كذا وكذا فقال كذب سعد ولكن هذا يوم يعظم الله فيه الكعبة و يوم تكسى فيه الكعبة.

(صحیح البخاری ج ۲-ص ۶۱۳)

حبنطیٰ تفسيره يفرق بين الحق والباطل۔

(سبل الہدیٰ ج ص ۵۵۲)

اسی میں رسولِ اقدس ﷺ اور آپؐ کے صحابہ رضی اللہ عنہم تھے اور حضورِ اقدس ﷺ کا جھنڈا حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں تھا۔ جب رسولِ اقدس ﷺ ابوسفیان کے پاس سے گزرے تو ابوسفیان نے کہا آپؐ کو نہیں معلوم کہ سعدؓ بن عبادہؓ نے کیا کہا ہے؟ آپؐ نے پوچھا اس نے کیا کہا؟ ابوسفیان نے کہا کہ اس نے اس اس طرح کہا ہے۔ آپؐ نے فرمایا سعدؓ نے غلط کہا، یہ وہ دن ہے کہ اللہ تعالیٰ اس میں کعبہ کو بزرگی دے گا اور وہ دن ہے کہ کعبہ کو (غلاف) پہنایا جائے گا۔

حبنطیٰ اس کو کہتے ہیں جو حق اور جھوٹ کے درمیان فرق کرے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — سراپا محبت — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن انس رضی اللہ عنہ
قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یقدم علیکم
اقوام ھم ارق منکم
قلوبًا قال فقدم
الاشعریون فیھم ابو موسیٰ
الأشعری رضی اللہ عنہ ، فلما
دنوا من المدینۃ کانوا
یرتجزون یقولون
" غدًا نلقی الاحبۃ
مُحمّدًا و حزبہ "

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۳ - ص ۱۰۵)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا تمہارے پاس ایک قوم
آئے گی جن کے دِل تمہارے دِلوں
سے زیادہ نرم ہیں۔ حضرت انس
رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اشعری
آئے جن میں حضرت ابو موسیٰ اشعری
رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ جب وہ مدینہ منورہ
کے نزدیک آئے تو وہ شعر پڑھتے
تھے۔ کہتے تھے:
"کل ہم دوستوں سے ملاقات
کریں گے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے اور آپؐ کی جماعت سے۔"

فعیل من المحبۃ

الحبیب، محبت سے فعیل کا وزن

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بمعنی مفعول لانه محبُوب لله او بمعنی فاعل لانه محبّ له تعالی۔

(شرح المواہب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳-ص ۱۲۶)

ہے جو بمعنی مفعول کے ہے، کیونکہ آپؐ اللہ کے پیارے ہیں یا بمعنی فاعل کیونکہ آپؐ اللہ تعالےٰ سے محبّت کرنے والے ہیں۔

عن علی رضی اللہ عنہ قال من راہ بداھۃ ھابہ و من خالطہ معرفۃ احبہ یقول ناعتہ لم ارقبلہ ولا بعدہ مثلہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(شمائل الترمذی ص ۲)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اچانک دیکھتا وُہ آپؐ سے خوف کھاتا تھا اور جو آپؐ سے گھُل مِل جاتا وُہ آپؐ سے پیار کرتا۔ آپؐ کی تعریف کرنے والے کا بیان ہے کہ آپؐ صلی اللہ علیہ وسلم جیسا نہ پہلے دیکھا اور نہ ہی بعد میں دیکھا۔

حلقہ حلاوۃ و کلہ مشتھیات ھذا حبیبی و ھذا خلیلی یا بنات اورشلیم۔

(غزل الغزلات عہد عتیق باب ۵۔ آیت ۱۶)

اس کا منہ شیریں ہے اور وُہ سراپا عشق انگیز ہے اے یروشلم کی بیٹیو! یہ میرا پیارا، یہ میرا جانی ہے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حبیب الرحمٰن صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار رحمان کے حبیب درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

محمد حبیب الرحمٰن۔

صلی اللہ علیہ وسلم (نسیم الریاض ج ۲۔ ص ۲۵۵)

ورد تسمیۃ بہ فی حدیث معراج عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ رواہ البزار۔

(شرح المواہب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳۔ ص ۱۲۶)

وفی نسخۃ احمد حبیب الرحمٰن: وھو قولہ انت محمد صلی اللہ علیہ وسلم حبیب الرحمٰن۔

(شرح الشفاء لملا علی القاری المکی علی حاشیۃ نسیم الریاض ج ۲ ص ۳۲۹)

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم رحمٰن کے دوست ہیں۔

حبیب الرحمٰن کے بارے میں مسند بزار میں حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو معراج کے واقعہ کے متعلق ہے۔

مسند امام احمد کے ایک قدیمی نسخہ میں حبیب الرحمٰن کا ذکر آیا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانا کہ تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم رحمٰن کا دوست ہے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — اللہ کے پیارے — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ ادرک بی الاجل المرحوم واختصر لی اختصاراً فنحن الاخرون ونحن السابقون یوم القیامۃ وانی قائل قولا غیر فخر ابراھیم خلیل اللہ وموسیٰ صفی اللہ وانا حبیب اللہ و معی لواء الحمد یوم القیمۃ وان اللہ عزوجل وعدنی فی امتی واجارھم من ثلاث لا یعمھم بسنۃ ولا یستأصلھم عدو ولا یجمعھم علی ضلالۃ۔

(سنن الدارمی ج ۱ ص ۳۲)

حضرت عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا میں تو ہم آخر میں ہیں اور قیامت کے دن اوّل ہونگے اور یہ بات بغیر فخر کے کہتا ہوں حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے خلیل ہیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ کے مقبول ہیں اور میں اللہ کا حبیب ہوں اور حمد کا جھنڈا میرے (ہی) ہاتھ میں قیامت کے دن ہوگا اور میری امت (کی بخشش) کے بارے میں اللہ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے اور تین چیزوں سے انکو بچایا ہے (اوّل) انکو عام طور پر قحط سالی میں مبتلا نہ کرے گا (دوم) کوئی دشمن انکی بیخ کنی نہ کرے گا، (سوم) تمام لوگ گمراہی پر جمع نہ ہونگے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحجازی صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار حجاز کے رہنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

نسبة إلى الحجاز -

(شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج ۳ - ص ۱۲۶)

و الحجاز مكة و المدينة والطائف ومخاليفها لانها حجز بين نجد وتهامة (القاموس ص ۱۷۲ ج ۲)

عن جابر رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم غلظ القلوب والجفاء فی اهل المشرق والإيمان فی اهل الحجاز۔

(مسند الإمام احمد بن حنبل ج ۳ ص ۳۳۵)

عن معاوية رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم عشرة ابيات بالحجاز ابقى من عشرين بيتا بالشام

(رواه الطبرانی۔ منتخب کنز العمال علی هامش مسند الامام احمد بن حنبل ج ۵ - ص ۳۶۲)

اس کی نسبت حجاز کی طرف ہے حجاز، مکہ اور مدینہ وطائف اور انکے اردگرد کے علاقوں کو کہا جاتا ہے کیونکہ وہ نجد اور تہامہ کے درمیان ایک قدرتی رکاوٹ ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کہ سخت دلی اور زیادتی اہلِ مشرق میں ہے اور ایمان اہلِ حجاز میں ہے۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حجاز میں دس گھر شام کے بیس گھروں سے زیادہ دیرپا ہیں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

۳۳۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحجۃ البالغۃ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — محکم دلیل — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله:

"قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ"

(سورۃ الانعام ۱۴۹)

اشارہ ہے اس قول کی طرف:

"آپ فرما دیجئے کہ اللہ ہی کیلئے ہے دلیل پہنچنے والی"۔

"رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ ط"

(سورۃ النساء ۱۶۵)

"ان سب کو خوشخبری دینے والے اور خوف سنانے والے پیغمبر بنا کر اسلیے بھیجا تاکہ لوگوں کے پاس اللہ تعالےٰ کے سامنے ان پیغمبروں کے بعد کوئی عذر باقی نہ رہے"۔

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما ان رسول اللہ ﷺ کان یدعو ربّ تقبّل دعوتی و اغسل حوبتی واجب دعوتی و ثبت حجتی و اھد قلبی و

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ دعا کیا کرتے تھے کہ اے میرے ربّ! میری دعا کو قبول فرما میرے گناہ دھو ڈال، میری دعا کو اجابت فرما اور میری حجت کو ثابت کر دے اور میرے دل کو

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

سدد لسانی و اسلل سخیمۃ قلبی۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۱ ص ۲۲۷)

ہدایت دے اور میری زبان کو سیدھی رکھ اور میرے دل کی میل کو دور کر دے

قل فلله الحجة البالغة بالكتاب و الرّسول و البيان۔

(كشف الأسرار لخواجه عبيد الله الانصاری ج ۳۔ ص ۵۱۵)

فللہ الحجۃ البالغہ سے مراد کتاب اللہ اور رسول ﷺ اور واضح بیان ہے۔

عن معاوية بن أبي سفيان ان رسول الله ﷺ قال إنّما أنا مبلّغ والله يهدى و قاسم والله يعطى فمن بلغه منى شيءٌ بحسن رغبة وحسن هدى فإن ذلك الذى يبارك له فيه و من بلغه عنى بسوء هدى فذاك الّذى يأكل ولا يشبع۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴۔ ص ۱۰۱/۱۰۲)

حضرت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ میں تو صرف دین کی تبلیغ کرنے والا ہوں اور ہدایت تو اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے اور میں تو تقسیم کرنے والا ہوں اور عطا کرنے والا تو اللہ ہی ہے جس شخص کو میری طرف سے کوئی اچھی رغبت سے اور بہترین طریقہ سے کچھ ملے تو اس کیلئے برکت ہو جائے گی اور جس شخص کو میری طرف سے بے رغبتی اور برے طریقے سے کچھ ملے تو ایسا شخص وہ ہے جو کھاتا پیتا ہے لیکن اس کا پیٹ نہیں بھرتا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد کلماتک ومی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حجۃ اللہ علی الخلائق صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار ﷺ مخلوق پر اللہ کی حجت درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

فی مسند الفردوس بلا اسناد انا حجۃ اللہ وھو بمعنی البرھان۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳۔ ص ۱۲۶)

مسند الفردوس میں بغیر سند کے روایت ہے کہ میں اللہ کی دلیل ہوں اور یہ حجت (دلیل) کے معنی میں ہے۔

عن معاویۃ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا اراد اللہ عزوجل بعبد خیرًا یفقھہ فی الدین وان السامع المطیع لا حجۃ علیہ وان السامع العاصی لا حجۃ لہ۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۹۶)

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ جس کے ساتھ بھلائی کرتا ہے اس کو دین میں سمجھ دے دیتا ہے اور (اللہ تعالیٰ کے احکام کو) سننے والے (حضور اقدس ﷺ کے) تابعدار کو کوئی پکڑ نہیں اور سننے والے نافرمان (باغی) کے لیے (نجات کی) کوئی دلیل نہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حرز الامیین صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — امیوں کا قلعہ — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابن سلام رضی اللہ عنہ إنه كان يقول انا لنجد صفة رسول الله ﷺ انا ارسلناك شاهدًا ومبشرًا ونذيرًا وحرزا للامّيّين انت عبدى ورسولى سميته المتوكّل ليس بفظ ولا غليظ ولا صخاب بالأسواق ولا يجزى بالسّيئة مثلها ولكن يعفو ويتجاوز ولن اقبضه حتى تقيم الملّة المتعوجة ۔ (الحديث)

(سنن الدارمی ج ۱ ۔ ص ۵)

حضرت عبداللہ ابن سلام رضؓ کہتے ہیں کہ ہم حضورِ اقدس ﷺ کی صفت (کتبِ سابقہ میں) اس طرح پاتے ہیں (اللہ فرماتا ہے) کہ (اے محمد ﷺ!) ہم نے آپؐ کو گواہ بنا کر اور خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے اور امّیوں کا قلعہ بنا کر بھیجا ہے آپؐ میرے بندے اور رسولؐ ہیں، مَیں نے آپؐ کا نام متوکّل رکھا ہے نہ سخت مزاج اور نہ سخت دل اور نہ بازار میں چیخ کر بات کرنیوالے اور نہ بُرائی کا بدلہ برائی سے دینے والے بلکہ معاف اور درگزر کرنے والے اور مَیں آپؐ کی جان اسوقت تک قبض نہ کرونگا جب تک ٹیڑھی مِلّت سیدھی نہ ہو جائے۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحرمی صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — حرم والے — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

نسبة إلى الحرم۔

(شرح المواهب اللدنية للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۷)

عن عبيد الله بن عبدالله ابن عتبة رحمۃ اللہ علیہ قال إن ابراهيم (سلام الله عليه وعلى نبينا وسلم) نصب أنصاب الحرم يريه جبريل علیہ السلام ثم لم تحرك حتّى كان قصّى فجددها، ثم لم تحرك حتّى كان رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم يوم الفتح فبعث عام الفتح تميم بن أسد الخزاعی فجددها۔ (رواه الأزرقی)

(سبل الهدیٰ ج ۱۔ ص ۲۳۵)

اِس کی نسبت حرم شریف سے ہے۔

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضرت ابراہیم (ان پر اور ہمارے نبیؐ پر اللہ تعالیٰ کے درود وسلام ہوں) نے حرم کی حدود پر پتھر نصب کیے جو حضرت جبریل علیہ السلام نے دکھائے۔ وُہ قصی کے زمانے تک اپنی جگہ پر رہے پھر قصی نے ان کی تجدید کی۔ پھر وُہ نشانات حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک اپنی جگہ پر رہے۔ پھر فتح مکہ کے دن آپؐ نے تمیم بن اسد خزاعی کو بھیجا پھر انھوں نے بوسیدہ نشانوں کی تجدید کی۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
امین امین امین یارب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حریص صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — مومنوں پر حریص — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

" لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ رَّحِيْمٌ ○ "

(سورة التوبة ۱۲۸)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

"تمہارے پاس ایک ایسے پیغمبر تشریف لائے ہیں جو تمہاری جنس سے ہیں جن کو تمہاری تکلیف کی بات نہایت گراں گزرتی ہے جو تمہاری منفعت کے بڑے خواہشمند رہتے ہیں۔ ایمان داروں کے ساتھ بڑے ہی شفیق، مہربان ہیں۔"

عن ابی بکر بن محمد ابن عمر رحمۃ اللہ علیہ قال کنت عند ابی بکر بن مجاھد رحمۃ اللہ علیہ فجاء الشبلی رحمۃ اللہ علیہ فقام الیہ ابوبکر ابن مجاھد رحمۃ اللہ علیہ فعانقہ

حضرت ابوبکر بن محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ میں حضرت ابوبکر بن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کے پاس تھا کہ حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ تشریف لائے تو حضرت ابوبکر بن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے اٹھ کر ان سے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

وقبل بين عينيه وقلت له يا سيدى تفعل بالشبلى مكذا و انت وجميع من ببغداد يتصورون او قال يقولون انه مجنون فقال لى فعلت كما رأيت رسول الله ﷺ فعل به وذلك انى رأيت رسول الله ﷺ فى المنام و قد اقبل الشبلى فقام اليه و قبل بين عينيه فقلت يارسول الله ﷺ اتفعل هذا بالشبلى فقال هٰذا يقرأ بعد صلاته لقد جاءكم رسول من أنفسكم" الى اٰخر السورة و يتبعها بالصلوٰة على"

معانقہ کیا اور ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ مَیں نے عرض کیا کہ اے میرے سردار! آپ نے شبلیؒ کے ساتھ ایسا کیوں کیا؟ حالانکہ آپ اور تمام بغداد والے تصور کرتے ہیں یا کہتے ہیں کہ یہ تو دیوانہ ہے، تو حضرت ابوبکر بن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ بولے کہ مَیں نے ایسے ہی کیا ہے جس طرح مَیں نے حضور اقدس ﷺ کو اس کے ساتھ کرتے دیکھا اور یہ ایسے ہے کہ مَیں نے خواب میں حضورِ اقدس ﷺ کو دیکھا کہ شبلی (رحمۃ اللہ علیہ) آئے ہیں اور آپؐ نے اُٹھ کر اُنکی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ مَیں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ! آپؐ شبلیؒ کے ساتھ ایسے کیوں کر رہے ہیں؟ تو آپؐ نے فرمایا کہ یہ ہر نماز کے بعد "لقد جاءکم" آخر سُورت تک پڑھا کرتا ہے اور بعد میں مجھ پر دُرود بھیجتا ہے۔

(القول البدیع للسخاوی ص ۱۳۰)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحریص علی الایمان

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار لوگوں کے ایمان پر حریص درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

'حریصٌ علیکم' ای علی ایمانکم۔ (فتح القدیر للشوکانی ج ۲ ص ۲۹۹، وشرح المواہب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۷)

اے مومنو! وہ تم پر حریص ہیں یعنی تمہارے ایمان پر۔

عن ابی بن کعب رضی اللہ عنہ قال اٰخر اٰیۃ نزلت "لقد جاءکم رسول من انفسکم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم"۔ (مسند الامام احمد بن حنبل ج ۵ - ص ۱۱۷)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ قرآن مجید کی آخری آیت جو اتری وہ لقد جاءکم رسول من انفسکم الآیۃ تھی۔

چنانکہ مرغ بچہ خود را در زیر بالِ خود گیرد و می پرورد کمال کرم ورأفت و رحمت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم امت خود را بر آن صفت در کنف خود می پرورد۔ (کشف الاسرار ج ۴ - ص ۳۴۵)

چنانچہ جانور اپنے بچہ کو پروں کے نیچے چھپا لیتا ہے اور اس کو پالتا ہے اسی طرح کمال مہربانی وشفقت ورحمت سے حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کو گود میں لے کر پالتے ہیں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حزب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — اللہ کی جماعت — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله:

"أُولٰئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ط أَلَآ إِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○" (سورة المجادلة ٢٢)

حزب الله عبيده المتقون و انصار دينه۔

(شرح المواهب اللدنية للزرقانی ج ۳ - ص ۱۲۶)

"وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَإِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ○"

(سورة المائدہ ٥٦)

عن الذيال بن عباد رحمۃ اللہ علیہ قال كتب ابوحازم الاعرج رضی اللہ عنہ إلى الزهری

اشارہ ہے اِس قول کی طرف:

"یہ لوگ اللہ کا گروہ ہیں۔ خوب سُن لو کہ اللہ کا گروہ ہی فلاح پائے گا۔"

حِزبُ اللہ سے مراد اللہ کے بندے پرہیزگار اور اس کے دین کے ساتھی ہیں۔

"اور جو شخص اللہ اور اس کے رسولؐ اور ایمان والوں سے دوستی لگاتا ہے۔ بے شک اللہ کی جماعت وہ غالب آنے والے ہیں۔"

حضرت ذیال بن عباد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ ابوحازم اعرج رضی اللہ عنہ نے زہری رحمۃ اللہ علیہ کی طرف خط لکھا

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

رحمۃ اللہ علیہ اعلم ان الجاہ جاہان
جاہ یجریہ اللہ تعالیٰ
علی ایدی اولیائہ
لاولیائہ و انہم الخامل
ذکرہم الخفیۃ شخوصہم
ولقد جاءت صفتہم
علی لسان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ
یحب الاخفیاء الاتقیاء
الابریاء الذین إذا
غابوا لم یفتقدوا وإذا
حضروا لم یدعوا قلوبہم
مصابیح الھدیٰ یخرجون
من کل فتنۃ سوداء
مظلمۃ فھولاء اولیاء
اللہ تعالیٰ الذین قال اللہ
تعالیٰ " اُولٰئِکَ حِزْبُ
اللّٰہِ ط اَلَآ إِنَّ حِزْبَ
اللّٰہِ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ "

(رواہ ابن ابی حاتم۔ تفسیر ابن کثیر ج ۴ ص ۳۲۹/۳۳۰)

(جس میں لکھا) جان لے کہ عزّت کی دو قسمیں ہیں۔ ایک عزّت تو وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ اپنے دوستوں کے ہاتھوں اپنے دوستوں تک پہنچاتا ہے۔ یہ وُہ ہیں جن کا ذِکر گم رہتا ہے ان کی شخصیّتیں پوشیدہ رہتی ہیں اور البتہ بے شک ان کی صِفتیں حضورِ اقدس ﷺ کی زبانِ مبارک پر آئی ہیں، وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ پوشیدہ پرہیزگاروں، نیک لوگوں کے ساتھ محبّت فرماتا ہے وُہ جو اگر کسی وجہ سے غائب ہوں تو ان کو تلاش نہیں کیا جاتا اور اگر وُہ موجود ہوں تو ان کو بلایا نہیں جاتا۔ ان کے دِل ہدایت کی شمعیں ہیں۔ وہ ہر سیاہ، تاریکی والے فتنے سے صحیح سالم نِکل جاتے ہیں پس یہی اللہ تعالیٰ کے ولی ہیں جن کی بابت اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ لوگ اللہ کی جماعت ہیں۔ خبردار اللہ کی جماعت ہی کامیاب ہے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حسن الصوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حسین آواز والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن قتادۃ رضی اللہ عنہ قال
ما بعث اللہ نبیا قط الا
بعثہ حسن الوجہ حسن الصوت
حتی بعث نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم فبعثہ
حسن الوجہ حسن الصوت
ولم یکن یرجّع ولکن
کان یمدّ بعض المدّ۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد
ج ۱ - ص ۳۶۶)

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جتنے پیغمبر مبعوث فرمائے وہ سب کے سب خوبصورت چہرے حسین آواز والے تھے حتیٰ کہ اللہ نے تمہارے پیغمبر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا۔ آپ خوبصورت چہرہ والے تھے، حسین آواز والے تھے اور ایک بات کو مکرر نہیں فرماتے تھے بلکہ بلند آواز سے فرمایا کرتے تھے۔

عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت
کان کلام النبی صلی اللہ علیہ وسلم
فصلا یفہمہ کل احد
لم یکن یسرد سردا۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۴۱)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی کلام مبارک علیحدہ علیحدہ جملے ہوتے تھے جن کو ہر کوئی سمجھتا تھا اور وہ تمہاری طرح تیزی سے بات نہیں کرتے تھے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحسنین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — سُرخ چشم — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن علی رضی اللہ عنہ قال
إنه قال الجر فی عینیه
حمرة ، حسن اللحیة ،
حسن الفم، تام الاذنین۔

(رواہ الواقدی)

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۶)

عیناہ کالحمام علی
مجاری المیاہ مغسولتان
باللبن جالستان فی قبۃ

(نشید الانشاد باب ۵۔ ص ۹۸۹۔ آیۃ ۱۲
السلیمان علیہ السلام۔ ہاشیل۔ عہد نامہ عتیق
مطبوعہ ۱۸۷۱ء آکسفورڈ لندن)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہودی عالم نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں میں سُرخی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ریش مبارک حسین ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دہن خوبصورت، گوش پورے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں ان کبوتروں کی مانند ہیں جو لبِ دریا دُودھ میں نہا کر بڑے آرام سے بیٹھے ہوں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا حسن الفم صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار خوبصورت دہن والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال فی وصف النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان حسن الفم۔ (الحدیث)

(رواہ الواقدی۔ تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۹)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا وصف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آپؐ حسین دہان تھے۔

فی حدیث ھند بن ابی ھالۃ رضی اللہ عنہ فی وصف النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان ضلیع الفم (الحدیث)

(الشفاء ج ۱ ص ۹۲)

حضرت ھند بن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ، حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آپؐ فراخ دہان تھے۔

ضلیع الفم بضاد مفتوحۃ معجمۃ ای طویل انشقاق الفم واسعہ وھو مما یتمدح بہ ویعاب ضدہ لدلالتہ علی الفصاحۃ و لیس المراد بہ عظم الأسنان۔

(نسیم الریاض ج ۲ ص ۱۷)

ضلیع الفم ض کی فتح کے ساتھ، یعنی آپؐ کا دہان فراخ اور کشادہ تھا اور یہ وہ صفت ہے جو مدح کے موقع پر لی جاتی ہے اور اسکی ضد عیب دار ہوتی ہے کشادہ دہان فصاحت پر دلالت کرتا ہے اس سے یہ مراد نہیں کہ جس کے دانت بڑے ہوں

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحسن اللحیۃ

صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار خوبصورت ریش مبارک والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال فی وصف النبی ﷺ انہ کان حسن اللحیۃ

(الحدیث۔ رواہ الواقدی۔ تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۹)

وقد ثبت قصرھا وقیل المراد انہا تملأ ما یقابل الصدر بہا فاستوت طولا وعرضا والحاصل من ذلک ان لحیتہ ﷺ معتدلۃ طولا وعرضا غیر خفیفۃ۔

(نسیم الریاض ج ۱ ص ۳۳۱)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ حلیہ شریف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آپ خوبصورت ریش مبارک والے تھے۔

ریش مبارک کا کوتاہ ہونا تو حدیث سے ثابت ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ کی ریش مبارک کی لمبائی اور چوڑائی برابر تھی۔ حاصل یہ ہے کہ آپ ﷺ کی ریش مبارک معتدل تھی، لمبائی اور چوڑائی کے لحاظ سے، بالکل ہلکی نہ تھی۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی اٰلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحسیب صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار بڑے خاندانی درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

اشارۃ الی قولہ،

"جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ○" (سورۃ النبا ۳۶)

فعیل بمعنی فاعل منه قوله تعالیٰ عطاء حسابًا۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳-ص ۱۲۷)

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال اوّل ما سالنی عنه ان قال کیف نسبه فیکم قلت ھو فینا ذو نسب۔

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۴)

اشارہ ہے اِس قول کی طرف:

"بدلہ ہے تیرے ربّ کا دیا ہُوا حساب سے"

حسیب بمعنی حاسب کے ہے، قرآنِ کریم میں ہے بڑی بخشش۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ابوسفیان کا بیان ہے کہ ہرقل جو روم کا بادشاہ تھا اس نے مجھ سے پہلی بات یہ پوچھی کہ اس پیغمبر کا تم میں خاندان کیسا ہے؟ مَیں نے کہا کہ وہ پیغمبرؐ ہم میں خاندانی ہیں اور حسب و نسب والے ہیں۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الخفی صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار محبت کرنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

" قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰٓاِبْرَاهِيْمُ ج لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ○ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ج سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ ط اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ○ "

(سورۃ مریم ۴۶/۴۷)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

" (باپ نے) کہا کہ کیا تم میرے معبودوں سے پھرے ہوئے ہو۔ اے ابراہیم (علیہ السلام) اگر تم باز نہ آئے تو میں تم کو ضرور سنگسار کردونگا اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے مجھ سے دُور ہوجاؤ۔ حضرت ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا میرا سلام لو۔ اب میں تمہارے لیے اپنے ربّ سے مغفرت کی درخواست کروں گا بے شک وُہ مجھ پر بہت مہربان ہے۔"

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک ربنا وخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحفیظ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حفاظت کیے گئے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

وھو صون الشئ عن الزوال

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ - ص ۱۲۷)

زوال سے محفوظ ہستی۔

عن ابی اسرائیل عن جعدۃ رضی اللہ عنہ قال شھدت النبی صلی اللہ علیہ وسلم واتی برجل فقیل یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ھذا اراد ان یقتلک قال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم ترع لم ترع ولو اردت ذلک لم یسلطک اللہ علی قتلی۔

(رواہ الطبرانی واحمد والبزار وابن حبان)
(منتخب کنز العمال حاشیۃ مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ - ص ۲۸۸)

حضرت ابو اسرائیل جعدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور حاضر تھا کہ ایک آدمی کو پکڑ کر لایا گیا۔ عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ آپ کو قتل کرنے کا ارادہ کرتا تھا۔ جنابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا ڈر مت، ڈر مت اگر تو اس ارادے سے آیا ہے تو تُو کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اللہ نے تجھے میرے قتل پر مسلّط نہیں کیا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشآء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحق صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — مجسّم سچ — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة الى قوله ،

" بَلْ مَتَّعْتُ هٰؤُلَآءِ وَ اٰبَآءَهُمْ حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ○ "

(سورة الزخرف ۲۹)

" قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ج "

(سورة يونس ۱۰۸)

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال كان رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم إذا قام من الليل يتهجد قال اللّٰهم لك الحمد انت

اِشارہ ہے اِس قول کی طرف :

" بلکہ مَیں نے ان کو اور انکے باپ دادوں کو خوب سامان دیا ہے یہاں تک کہ ان کے پاس سچّا قرآن اور صاف صاف بتلانے والا رسُول (صلی اللہ علیہ وسلم) آیا۔"

" فرما دیجئے، اے لوگو! بے شک تمہارے ربّ کی طرف سے تمہارے پاس سچ آگیا۔"

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو تہجّد پڑھنے اٹھتے تو کہتے اے اللہ ہر طرح کی تعریف تیرے لیے ہے اور تو قائم رکھنے والا ہے آسمان و

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Marfat.com

قِيم السمٰوت والأرض ومن فيهن ولك الحمد انت نور السمٰوت والأرض ومن فيهن ولك الحمد انت ملك السمٰوت والأرض ومن فيهن ولك الحمد انت الحقُّ ووعدك الحق ولقآؤك حقٌ وقولك حق والجنّة حق والنّار حق والنبيُّون حق ومحمّد حق والسّاعة حق اللّٰهمّ لك اسلمت وبك اٰمنت وعليك توكّلت واليك انبت وبك خاصمت واليك حاكمت فاغفرلي ماقدمت وما اَخّرت وما اسررت وما اعلنت أنت المقدم وأنت المؤخّر لا إله الّا أنت اولا إله غيرك۔

(صحیح البخاری ج ۱۔ص ۱۵۱)

زمین کا اوران چیزوں کا جو کہ ان دونوں کے درمیان ہیں اور تیری ہی تعریف ہے۔ تُو نُور ہے آسمان اور زمین کا اوران چیزوں کا جو ان کے درمیان میں ہیں اور تیری ہی تعریف ہے تو بادشاہ ہے آسمان اور زمین کا اوران چیزوں کا جو ان کے درمیان ہیں اور تیری ہی تعریف ہے۔ تو سچّا ہے اور تیرا وعدہ سچّا ہے اور تیرا ملنا برحق ہے اور تیری بات سچّی ہے اور جنّت دوزخ برحق ہے اور کُل پیغمبر برحق ہیں اور محمّد ﷺ برحق ہیں اور قیامت برحق ہے اے اللہ مَیں تیرا فرمانبردار ہُوں اور تجھ پر ایمان لایا ہوں اور تجھ پر بھروسہ کیا اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے مخالفین کے ساتھ جھگڑتا ہوں اور تجھ ہی کو حکم بناتا ہوں، تُو میرے اگلے پچھلے ظاہر پوشیدہ گناہوں کو بخش دے تو ہی آگے اور پیچھے کرنے والا ہے۔ تیرے سوا کوئی معبُود نہیں یا یہ فرمایا کہ تیرے سوا کوئی الٰہ نہیں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
اٰمين اٰمين اٰمين يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ط

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الحکم صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — منصف — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

" وَ اِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ط اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ○ "

(سورة المائدہ ۴۲)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

" اور اگر آپؐ فیصلہ کریں تو ان میں عدل کے موافق فیصلہ کیجئے، بیشک اللہ تعالیٰ عدل کرنیوالوں سے محبّت کرتے ہیں "

واشارة إلى قوله :

" فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَ يُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ "

(سورة النساء ۶۵)

اور اشارہ ہے اس قول کی طرف :

